اصلی قدیم 1932 والا نسخہ

میری اس کتاب کی بے پناہ مقبولیت کے بعد میری دوسری

کتاب یعنی مجربات سائیں بخش کا مطالعہ ضرور کریں

جواہرات سائیں بخش

المعروف

بیاض سائیں بخش

حکیم رام سائیں
المعروف
حکیم سائیں بخش

عثمان پبلی کیشنز

طبی جواہرات

المعروف

بیاض سائیں بخش

حکیم رام سائیں

المعروف

حکیم سائیں بخش سنیاسی

[illegible]مان پبلی کیشنز نزد مچھلی منڈی، اردو بازار، لاہور

فون:042-37640094 موبائل:0333-4275783

فہرست

انگریزی ادویات کے مقابلے میں دیسی دوائیں

☆......☆......☆

کایا پلٹ سنیاسی اکسیر!

جس کے استعمال سے سفید بال جڑ سے سیاہ نکلتے ہیں

نسخہ:

آملہ خشک یا تر دس سیر کچلہ دس سیر، معمولی مٹی، دس سیر بھلاواں تیس سیر سب اشیاء کو ایک بہت بڑے برتن یا کسی پختہ حوض میں ڈال کر پھر اس میں اس قدر پانی ڈالیں کہ دوا سے سہ چند ہو جائے اب اس کو سڑنے دیں اور جب کھاد بن جائے۔ اس وقت کسی محفوظ جگہ پر ڈال کر پھر اس میں میتھی بو دیں اور اس کی پوری پوری حفاظت کریں، جب پتیاں خوب نکل آئیں اس وقت چار ماشہ سے کھانا شروع کر دیں اور روزانہ تین تین ماشہ بڑھاتے جائیں جس حد تک برداشت ہو بھاجی گوشت پکا کر کھائیں، ویسے ترکاری بنالیں اور کھاتے رہیں، جب بیج تیار ہو جائیں تو روزانہ تین ماشہ ہمراہ، شیر گاؤ کھانا شروع کریں، اگر اس کے کھانے سے گرمی اور خشکی معلوم ہو تو گھی کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے اور دودھ بھی زیادہ پینا چاہئے اس نسخہ کا استعمال چالیس دن تک رکھیں اس درمیان میں انشاء اللہ اندر سے بال سیاہ نکلنے شروع ہو جائیں گے۔

نوٹ: چوتھائی بیگھہ زمین میں چھٹا تک میتھی بو دینا کافی ہے نسخہ کے اجزاء پورے ڈالنے چاہئیں۔

بزمانہ طالب علمی میں سفر میں تھا۔ ایک اسٹیشن پر بغرض تفریح اترا، مسافر خانہ میں دیکھا کہ چند عورتیں اور ان کے ہمراہ ایک صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں نے دیکھا کہ ان عورتوں کے بال کمر سے نیچے تک ہیں اور بہت سیاہ نہایت خوشنما معلوم ہوتے ہیں دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ دکن کے رہنے والے ہیں پھر باتوں کے متعلق دریافت کیا تو فرمانے لگے، کہ عموماً ہمارے

یہاں عورتیں سیکا کائی سے بال دھوتی ہیں اور اوپر سے خفیف سا ناریل کا تیل سر میں ڈالتی ہیں، (سیکا کائی کی آنکھ میں چھٹک نہ پڑنی چاہیے بہت تیز لگتی ہے نقصان رساں مطلق نہیں اس سے اطمینان رکھیں اس سے بالوں میں مثل ریشم چمک پیدا ہو جاتی ہے اور بال بہت بڑھتے ہیں ایک خاص بات اس میں یہ بھی ہے کہ اگر بدن پر خوب مل کر غسل کیا جائے تو تمام جسم کا میل کاٹ دیتی ہے۔اس کو باریک پیس کر بھگو دیتے ہیں اور پھر بالوں کو اس سے دھوتے ہیں۔

میں نے سیکا کائی کا استعمال ہزاروں پر کرایا آپ مبالغہ سمجھیں گے خود تھوڑے روز تجربہ کر کے دیکھ لیجئے، یا گھروں میں اپنی عورتوں کو ہدایت فرما دیجئے کہ ہفتہ میں دوبار اسی سے سر کو صاف کیا کریں اور پھر دیکھیں کہ کس طرح ان کے بال بڑھنے لگتے ہیں۔

مرگی کا عجیب وغریب نسخہ

ایک مرگی کا مریض جس کو شبانہ روز میں کئی بار مرگی کا دورہ ہوتا تھا اور جس کے علاج سے اس کے ورثاء عاجز آ کر بانس بریلی میں ایک درویش کامل کا نام سن کر بغرض علاج اس کو لائے فقیر صاحب کی خدمت میں بہت کچھ عرض معروض کی۔لیکن اس بزرگ نے فرمایا کہ کسی طبیب حاذق سے اس کا علاج کراؤ۔بہت سے اشخاص اس جگہ پر موجود تھے،ایک صاحب نے مریض کے حال اور ان کی پریشانی کو دیکھ کر فرمایا کہ بھائی صاحب میرے جد امجد بڑے کامل درویش اور حاذق طبیب تھے،ان کا ایک نسخہ نہایت مجرب زود اثر اور کم خرچ بالانشین ہے،اگر جناب اسے بنا کر استعمال کرائیں گے تو انشاءاللہ بالکل ازالہ مرض ہو جائے گا۔چنانچہ وہ نسخہ تیار کر کے استعمال کرایا گیا،خدا نے شفا عطا فرمائی،میں نے اس نسخہ کا چند مریضوں پر تجربہ کیا۔اس وقت سے میں اس کی بڑی قدر کرتا ہوں،اور مجھے حیرت ہے کہ خدا نے اس معمولی نسخہ میں کس غضب کی تاثیر بھر دی ہے۔

نسخہ:

سرکہ خالص اور عقرقرحا چار تولہ شہد خالص بارہ تولہ سرکہ میں شہد ملا کر گرم آنچ پر

پکائیں، جب مثل قوام ہو جائے اتار کر پھر عقرقرحا باریک پیس کر جو پہلے سے تیار کر لیا گیا ہو ملا دیں، یہ مثل معجون ہو جائے گا، صبح وشام تین تین ماشہ آدھ پاؤ پانی کے ساتھ کھائیں، اور ہاتھی کا گوبر اور زعفران تین تین ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں، دو چار مرتبہ اس کی ناس لیں، بفضلہٖ تعالیٰ دو ماہ میں صحت ہو جائے گی۔

تریاق صرع

نسخہ

جدوار خطائی عود صلیب عقرقرحا، گاؤ لوچن، چھوٹی چندن ہم وزن باریک مثل سفوف بنائیں، اور چار رتی سے ایک ماشہ تک خمیرہ گاؤزبان عنبری، جواہر والا، تین ماشہ میں ملا کر دیں۔

افعال منافع

مرگی کو رفع کرنے کیلئے چوٹی کی دوا ہے علاوہ ازیں ہسٹریا ضعف اعصاب، جنون، مالیخولیا وحشت میں بھی سود مند ہے۔ بارہا تجربہ میں آچکی ہے۔

شربت منوم

نسخہ

مغز بادام، مغز، کدو شیریں، و مغز خیارین پوٹاسی برومائیڈ، ہر ایک نصف چھٹنک، کلورل ہائیڈریٹ چھ ماشہ، مغزیات کو سردائی کی طرح خوب اچھی طرح سے عرق گاؤزبان و بید مشک ایک پاؤ میں گھوٹ کر شیرہ نکال لیں اور باریک ململ کے کپڑے سے چھان کر اس شیرہ میں پوٹاسی برومائیڈ، اور کلورل ہائیڈریٹ ڈال کر اچھی طرح سے حل کر لیں، دونوں چیزیں، شیرہ میں بخوبی

...ل ہو جائیں گی اس کے بعد مصری تین پاؤ پختہ لے کر قدرے پانی ملا کر قوام کریں قوام ذرا گاڑھا ہو۔ اب اس میں شیرہ مغزیات مذکورہ بالا ملا کر ایک دو جوش دے کر قوام شربت کا کر کے آگ سے اتار لیں اور سرد کر کے بوتل میں بھر لیں، پوری ایک بوتل شربت تیار ہو گی، خوراک نصف چھٹانک صبح اور اسی قدر شام کو تازہ پانی حسب ضرورت ملا کر پلائیں، زیادہ بے خوابی کی حالت میں دوپہر کو بھی پلا سکتے ہیں۔

چند خوراکوں میں ہی نیند بخوبی آجاتی ہے اور چند روز کا استعمال بے خوابی کا قلع قمع کر دیتا ہے یہ شربت نہ صرف بے خوابی کو دور کر کے نیند لاتا ہے بلکہ دردوں کو تسکین اور جنون صرع وغیرہ کے دور کرنے میں بھی لاجواب اور مفید لاثر چیز ہے۔

روغن منوم

یہ بے نظیر روغن بے خوابی کے لئے نہایت مفید ہے۔ دو تین بار کے ملنے سے ہی نیند آجاتی ہے، علاوہ ازیں یہ دماغ کے تمام امراض حارہ کیلئے جن کا سبب گرمی خشکی، ہو مفید اور اکسیر الاثر ہے گرمی خشکی کو دور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے اور مقوی دماغ بھی ہے اکثر تجربہ میں آیا، اور بفضلہ مانند اکسیر ثابت ہوا ہے۔

نسخہ

روغن بادام خانہ ساز 5 تولہ، روغن مغز کدو شیریں خانہ ساز 10 تولہ، روغن خشخاش خانہ ساز نصف چھٹانک کلورل ہائیڈریٹ 6 ماشہ مشک کافور 6 ماشہ۔

کلورل ہائیڈریٹ اور مشک کافور کھرل کریں چند منٹ میں گاڑھا سا ہو جائے گا، اب اس میں باقی ہر سہ روغن شامل کر کے اچھی طرح ملا لیں، اور شیشی میں محفوظ رکھیں اکسیری روغن تیار ہے۔ بوقت ضرورت صبح و شام تھوڑا سا لے کر سر میں مالش کریں اور ماتھے اور کنپٹی پر لگا دیں، انشاء اللہ گرمی خشکی کو رفع کر کے نیند باقاعدہ لائے گا اور نہایت عمدہ مخدر ہونے کے علاوہ دردوں کو بھی تسکین دیتا ہے اور مقوی دماغ ہے۔

عینک توڑ سرمہ

یہ سرمہ اپنے فوائد کے لحاظ سے کحل (الجواہر وغیرہ قیمتی سرموں سے بدرجہا بہتر اور عدیم المثال ہے) اس کے چند روزہ استعمال سے عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

نسخہ

سرمہ سیاہ ایک پاؤ، سرد چینی مصفیٰ ایک تولہ ہر دو کو ایک دن سحق بلیغ کریں، بعدہ شورہ قلمی چھ ماشہ، سمندر جھاگ، کشتہ جست ایک ایک تولہ ملا کر خوب کھرل کریں۔

صدف صادق سیپ کا اندرونی چمکدار حصہ) دو تولہ، عرق گلاب بقدر دس تولہ میں سحق کر کے خشک کریں، مامیران چینی 2 تولہ 24 گھنٹے تک عرق گلاب حسب ضرورت میں کھرل کر کے خشک کریں۔ زاں بعد تمام ادویہ کو ملا کر ست الائچی، ست پودینہ نصف نصف ماشہ شامل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، چاندی یا جست کی سلائی سے صبح و شام ایک ایک مرتبہ لگایا کریں۔

افعال و منافع

دھند جالا، پھولا، خارش چشم ڈھلکہ وغیرہ جملہ امراض چشم کو دور کر کے نظر کو تیز کرتا ہے اس کی مداومت سے ابتدائی موتیابند بھی دور ہو جاتا ہے۔

موگا کے رائے بہادر ڈاکٹر متھر اداس کا مشہور عالم

سفید سرمہ!

نسخہ: کشتہ جست ½ پاؤ سمندر جھاگ ½ تولہ، تیی چینی 2½ تولہ چمپا کے پھول 2½، چھلکا ریٹھا ½ عدد نوشادر 1 تولہ فلفل دراز، 1 تولہ، مروارید خالص 2 رتی، کشتہ صدف صادق 1 تولہ، قلمی شورہ 1 تولہ گل سرخ 1 تولہ، مرچ سیاہ 1 تولہ، جملہ ادویہ آب لیموں میں تین روز کھرل کر لیں۔

ترکیب استعمال

صبح و شام سلائی سے استعمال کریں۔

ابتدائی موتیابند: ککرے آشوب چشم پڑبال خارش کمزوری نظر کو دور کرنے میں عجیب الاثر ہے۔

سنیاسی اکسیر یا تریاق پھولا و چٹہ

یہ فوری اثر دکھانے والا بے نظیر نسخہ ایک سنیاسی کا عطیہ ہے جو بہزار دوقت اور کوششوں سے میں نے حاصل کیا تھا۔ اس نسخہ کی بدولت اس سنیاسی کی اس قدر شہرت تھی کہ اکثر مریضوں کا اس کے گرد ہر وقت جمگھٹا لگا رہتا تھا۔ سینکڑوں مایوس سے مایوس جدید وقدیم پھولے کے مریض اس سے صحت حاصل کر کے دعا گو تھے۔ میں سنیاسی کی شہرت سن کر اس کے پاس پہنچا اور ایک عرصہ خدمت گزاری کے بعد بہزار کوشش اس نسخہ کو حاصل کیا، جو تجربہ کرنے پر نہایت اکسیر سریع التاثیر حسب خواہش پایا، ایک اکسیر چیز ہے۔ جو ہر قسم کے نئے یا پرانے پھولا کو بفضلہ تعالیٰ دور کر دیتا ہے چٹہ تو اس سے بہت جلد جاتا رہتا ہے مگر یہ یاد رہے کہ پھولا ماتا چیچک کا اس سے دور نہیں ہوتا سوائے پھولا، چیچک، کے باقی ہر قسم کا پھولا خواہ نیا ہو یا پرانا چھوٹا ہو یا بڑا کچھ عرصہ کے استعمال سے پورے طور پر جاتا رہتا ہے۔

نسخہ:

نوشادر، قلمی شورہ، نمک شیشہ خالص اور کچی چینی ہر ایک نو ماشہ سکہ، 1½ تولہ پہلے سکہ کو لوہار کی دوکان پر جا کر آئرن پر رکھ کر ہتھوڑا سے اس حد تک کوٹیں کہ نرم اور چھوٹے چھوٹے ورق ہو جائیں پھر انہیں باریک برادہ کی طرح کر لیں، اب باقی تمام چیزوں کو باریک پیس کر برادہ میں ملا دیں، اور کسی اچھے صاف ستھرے کھرل میں ڈال کر کھٹکل بوٹی کے پانی میں تین یوم خوب اچھی طرح زور سے کھرل کریں کہ باریک سرمہ سا خشک سفوف بن جائے۔

اب اس سفوف کو شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک

بقدر دو ماشہ سفوف لے کر پیچی میں ڈال کر قدرے کھٹل بوٹی کے پانی میں حل کر لیں کہ ذرا گاڑھا سا ہو جائے دن میں دو یا تین بار ایک دو سلائی پھولا والی آنکھ میں لگائیں، دو تین منٹ آنکھ کو بند رکھیں پھر کھول دیں ایک دو ہفتہ میں انشاء اللہ ہر قسم کا پھولا دور ہو جائے گا۔

کحل نزول

ارسطوئے ہند حکیم محمود خاں صاحب مرحوم کے مطب کی خاص چیز ہے حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب بھی اس کا استعمال فرماتے تھے۔ایک مرتبہ ایک سیٹھ نے اس نسخہ کے لئے بڑی قیمت دینی چاہی مگر آپ نے اس کا اظہار پسند نہ کیا کیونکہ یہ مخصوص خاندانی چیزوں میں سے تھی۔حضرت مسیح الملک مرحوم کی فیاضی کی وجہ سے ہندوستانی دواخانہ اس گراں چیز کو حاصل کر سکا۔

نسخہ

صابن 12 تولہ،طوطیا رال ہر ایک 7 ماشہ صابن کو چاقو سے تراش کر باریک کر لیں اور لوہے کے برتن میں رکھ کر آگ پر رکھیں جب صابن گلنے لگے تو اس میں طوطیا سفوف کر کے ملائیں اور لوہے کی سلاخ سے خوب حل کریں اور آنچ تیز کر دیں۔جب خشک ہو کر سیاہ ہو جائے،تو آگ سے اتار لیں اور سرد ہونے پر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:

ایک سلائی صبح ایک شام لگائیں۔

افعال ومنافع

ابتدائی نزول الماء جب آنکھوں میں دھندلا پن ہو اور ترمرے معلوم ہوں تو اس کا استعمال بہت مفید ہوتا ہے اور تین ماہ متواتر استعمال کرنے سے نزول الماء اکثر جاتا رہتا ہے۔میرا دعویٰ ہے کہ جو اصحاب ایک مرتبہ بھی اس کی آزمائش کریں گے وہ اس کے بیش بہا فوائد دیکھ کر یقیناً خوش ہو جائیں گے۔

لاہور مشہور رائے بہادر ڈاکٹر بیلی رام کا جگر پارہ

اکسیر دنداں

نسخہ

کلورل ہائیڈریٹ ایک ڈرام کیمفر مشک کافور ایک ڈرام کلوروفارم 1/2 3 ڈرام کریازوٹ

20 بوند کوکین ہائیڈروکلورائیڈ 10 گرین کاربالک ایسڈ 15 بوند کلوزائل (لونگ کا تیل) 10 بوند سب ادویات کو ایک شیشی میں ملا کر دھوپ میں رکھیں پس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال

دانت درد کے لیے کھوڑ میں لگائیں فوراً فائدہ ہوگا۔ اگر کان میں درد ہے تو دس بوند یہ دوائی اور 4 ڈرام گلیسرین ملا دیں اور دو چار بوند کان میں ڈالیں نہایت لاجواب اکسیر ہے۔

اکسیر پائیوریا

نسخہ

پھٹکری سفید دو تولہ کو گرم توے پر ڈال کر پگھلائیں، اور اس پر نیلا طوطیا ایک ماشہ چھڑک دیں، جب کسی قدر پانی باقی رہے تو مصطگی رومی تین ماشہ ڈال کر کسی سلاخ آہنی سے الٹتے پلٹتے رہیں حتیٰ کہ رطوبت خشک ہو جائے پھر اسے سرد کر کے باریک کر لیں۔

ترکیب استعمال

روزانہ نہاتے وقت ایک چٹکی بھر دوائی انگلی سے مسوڑھوں پر اچھی طرح مل دیں اور رطوبت خارج ہونے دیں پھر پانی سے کلیاں کر کے منہ صاف کر لیں، پیپ خون اور منہ کی بدبو رفع ہو جائے گی، ہلتے دانت مضبوط ہو جائیں گے۔

پائیوریا کی مجرب دوا

نسخہ:

برگ سداب خشک 2 تولہ، بچی چونہ ہر ایک ایک تولہ ہڑتال ورقی چھ ماشہ، تیز سرکہ پانچ تولہ، مذکورہ بالا اجزاء کو سرکہ میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ میں رکھیں، اگر ادویات جل کر سیاہ ہو گئی ہوں تو بہتر ورنہ دوبارہ گل حکمت کر کے آگ میں جب تیار ہو جائے تو دانت اور ڈاڑھوں پر ملا کریں۔

افعال ومنافع

پائیوریا کیلئے اکسیر ہے، ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ درد دانت وغیرہ کو دور کرتی ہے۔

منجن لاثانی

اس منجن کے افعال وخواص اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ مسوڑھوں کا پھولنا مسوڑھوں کا ورم اور درد مسوڑھوں میں پانی لگنا دانت کا کیڑا، مسوڑھوں کا پائیوریا، وغیرہ کا واحد علاج ہے۔ صرف ایک مرتبہ لگانے سے پائیوریا کے جملہ امراض میں فائدہ کرتا ہے، ہلتے دانت جم جاتے ہیں بشرطیکہ دانت نے جڑ نہ چھوڑی ہو۔

باوجود ان صفات کے دوسرا صفت یہ ہے کہ بالکل تھوڑا سا خرچ ہوتا ہے اور صرف ایک رتی منہ میں دوڑ جاتا ہے۔

اکسیری ٹوتھ پاؤڈر

دانتوں کی جملہ امراض کا لاثانی علاج ہے، بنایئے اور دعائے خیر سے یاد فرمایئے۔

نسخہ:

کیلسیم کاربونیٹ ایک پونڈ سکرین 6 گرین سوڈا بائی کارب 5 گرین، کاربالک ایسڈ تین ماشہ یوکلپٹس آئل تین ماشہ ست پودینہ ایک ماشہ، ست اجوائن، مشک کافور، روغن الائچی کو ایک شیشی میں ڈال کر رکھیں یہ تیل بن جائے گا اب تھوڑے سے پاؤڈر میں یعنی چار اونس کیلسیم کاربونیٹ میں سکرین وسوڈا بائی کارب ملا کر کھرل کریں اور یہ تیل جو امرت دھارا ہے ڈال کر خوب کھرل کریں اس کے بعد یوکلپٹس آئل ملا کر کھرل کریں اور آخر میں کاربالک ایسڈ ڈال کر کھرل کریں اب اس پوڈر کو بقایا کیلسیم کاربونیٹ میں ملا کر خوب کھرل کریں اور سونمبر کی چھانی سے چھان لیں بہترین ٹوتھ پاؤڈر ہے دانتوں کے جملہ امراض کیلئے از حد مفید ہے۔

کھانسینہ

تخم خطمی ایک تولہ اصل السوس 2 تولہ خبازی 1 تولہ سپستاں 20 دانہ عناب 10 دانہ، انجیر زرد 5 دانہ بانسہ ایک تولہ گاؤزبان ایک تولہ سب ادویہ کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر کھانڈ تین پاؤ پختہ ملا کر شربت ایک بوتل تیار کریں پھر اس میں ایکسٹریکٹ گلیسرزا، ایک تولہ شکر تیغال سفوف ایک تولہ، ٹنکچر لوبلیا ایک ڈرام ٹنکچر سنکونا ایک ڈرام ٹنکچر بیلا ڈونا ایک ڈرام سپرٹ کلوروفارم ایک ڈرام ٹنکچر کیمفر ایک ڈرام ملا کر محفوظ رکھیں، کیسی بھی کھانسی کیوں نہ ہو، تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے ایک ڈرام پلا دیں فوراً آرام ہوگا، ایک ایک دو دو اونس کی شیشیاں پیک کر کے خوبصورت لیبل لگا کر تجارتی منافع حاصل کریں۔

عطیہ سنیاسی

یہ ضیق النفس کی ایک نایاب اور حکمی دوا ہے جس سے کئی مایوس العلاج مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔

نسخہ

بھنگ خشک 10 تولہ، آرد نخود خام 10 تولہ، نمک سانبھر 10 تولہ، برگ نیم 10 تولہ، سب کو کوٹ کر یکجا کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔

مقدار خوراک

بقدر دو رتی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ سرفہ بلغمی ضیق النفس کیلئے تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

دمہ کی حیرت انگیز دوا

جس کی پہلی خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ

جنگلی گیڈر تمباکو جڑ کی چھیل ایک پاؤ پختہ، ناگدون کے تنا کی چھیل ایک پاؤ پختہ، میلٹھی 2تولہ پوست بیخ کنڈیارہ 5تولہ پوست بیخ کنیر 4تولہ، تمام ادویات کو تین سیر پانی میں جوش دے کر ست نکالیں، ست میں دو تولہ نبات سفید بھی شامل کر لیں پہلے ایک دو روز مریض کو نرم غذا دیتے رہیں پھر صبح 3ماشہ سے چھ 6مریض کو دیں اور حقہ نوشی کیلئے کہیں منہ سے گندہ لعاب نکلے گا، پھر کھل کر تے ہوگی اور مریض پہلے سے ہی روز تندرست ہو جائے گا۔

دمہ کی بے نظیر اکسیری دوا

مشہور ہے کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے اور صحیح طور پر آرام ہونا نہایت مشکل ہے۔ میں نے بھی اکثر بیسوں نسخہ بنائے مگر صحیح طور پر ہمیشہ کیلئے کسی سے بھی آرام نہ آیا، ذیل کی بے نظیر دوا جو اس وقت پیش خدمت کر رہا ہوں دمہ جیسی عسر العلاج مرض کو جڑ و بنیاد سے نیست نابود کر دیتی ہے، اس دوا کا خاصہ ہے کہ اس کے استعمال سے جمی ہوئی بلغم پتلی ہو کر خود بخود خشک ہو جاتی ہے اور تنفس کا راستہ صاف ہو جاتا ہے صرف چار پانچ روز کے استعمال سے ہی اپنا اثر دکھاتی ہے یہ اکسیری دوا مجھے ایک کامل سنیاسی بزرگ سے مدتوں کی کوشش سے بمشکل تمام حاصل ہوئی تھی، جو آج نہایت کشادہ دلی سے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں، میرا خیال ہے کہ ایسی نایاب دوائیں، بلا بخل ظاہر کرنے میں شاید ہی کسی کا حوصلہ ہوا امید ہے کہ فائدہ اٹھانے والے حضرات مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

نسخہ

میٹھا تیلیہ ایک تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ دونوں کو الگ الگ باریک کر کے آپس میں خوب آمیز کریں کہ میدہ کی طرح ہو جائیں اس کے بعد آب ادرک تازہ اس قدر لیں کہ بڑی بوتل سالم

پر ہو جائے، اب اس میں تھوڑا تھوڑا آب ادرک ڈال کر کھرل کرتے جائیں، تاکہ جذب ہو جائے پھر اس دوا کی بقدر دانہ ماش گولیاں بنائیں، اور محفوظ رکھیں یہ اکسری دوا تیار ہو گئی۔

ترکیب استعمال

ایک گولی صبح اور ایک گولی شام سادہ پانی یا عرق بادیان وگاؤزبان سے نگل لیا کریں۔ بڑا قیمتی نسخہ ہے۔

تریاق نزلہ

یہ بے نظیر دوا ادارہ حکیم حاذق گجرات نے اپنے دار التجارب میں تیار کرا کر سینکڑوں حکیموں کو برائے آزمائش دی اور ادارہ مذکورہ کو بے شمار تعریفی خطوط موصول ہوئے جن میں سے چند خطوط کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

قبلہ حکیم صاحب! آٹھ مریضوں پر استعمال کرائی، تمام صحت یاب ہو گئے، میری دعا ہے کہ خدا آپ کو تا قیامت زندہ وسلامت رکھے۔

مکرم حکیم صاحب ایک روپیہ محصول ڈاک کیلئے بھیج رہا ہوں۔ اکسیری دوا تریاق دمہ ایک پڑیہ اور ارسال فرمائیں، سابقہ دوا سے چھ مریض صحت یاب ہو گئے، جو آپ کے حق میں دعائیں دے رہے ہیں۔ حکیم محمد نعمت اللہ۔

حکیم صاحب جی، تسلیم تریاق دمہ کی دونوں پڑیاں مل گئی ہیں میں نے ارد گرد کے قریبا سولہ مریضوں پر استعمال کی ہیں مجھے لوگ دمہ کا ماہر معالج سمجھنے لگے بلکہ یہاں تک مشہور ہو گیا ہے کہ کسی بزرگ کی دعا ہے۔ اب دو پڑیاں اور ارسال فرمائیں۔

میں نے بھی ادارہ مذکور سے یہ جادو اثر دوا منگوا کر قریباً دو درجن مریضوں پر استعمال کی جو امید سے بڑھ کر مفید ثابت ہوئی بڑی مشکل سے اس بہدف تیر دوا کا نسخہ حاصل کر کے ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ

سم الفار 1 تولہ، ملا شیر 8 تولہ، نمک اڑوسہ تولہ، نمک پھٹکڑہ 10 تولہ سب کو کھرل کر کے باریک میدہ کریں اور بقدر 1 رتی ہمراہ مکھن یا بالائی استعمال کریں۔

استھما مکسچر

یہ دمہ جیسی عسر العلاج مرض کی نہایت کامیاب اور جادو اثر دوا ہے۔ جس کی پہلی خوراک سے ہی مرض کا دورہ، رک جاتا ہے زندگی اور موت کی کش مکش میں لٹکے ہوئے مریض رات بھر مزے کی نیند سوتے ہیں۔ غلیظ بلغم کے جمے ہوئے لوتھڑے بآسانی خارج ہو کر سانس کی تنگی دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ

پوٹاشیم آیوڈائیڈ 3 گرین وائنم اپیکاک ٹنکچر لوبیلیا، ایتھر ٹنکچر سڑے مونیا ہر ایک دو قطرے، ایلکسر ایفڈرین کمپونڈ اتنا کہ مکسچر ایک اونس ہو جائے، ایسی ایک ایک خوراک ہر چھ گھنٹہ بعد دیں، جب دورہ بالکل رک جائے تو چند دن صبح و شام ایک ایک خوراک استعمال کریں۔

شربت فولاد

یہ بے نظیر شربت معدے کو فولاد بنا دیتا ہے ثقیل اور دیر ہضم غذاؤں کو ہضم کر کے جزو بدن بناتا ہے اور جسم میں سیروں کی مقدار میں خون صالح پیدا کرتا ہے۔ قوت جسمانی کو ترقی دیتا ہے اور چہرے کو خوش رنگ اور بارونق کرتا ہے، بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرنے میں حیرت انگیز فائدہ پہنچاتا ہے تلی و جگر اگر بڑھ گیا ہو تو اس کے استعمال سے اپنی اصل حالت پر آجاتا ہے غرضیکہ عجیب و غریب چیز ہے۔ جس کے فائدے استعمال کے بعد ہی معلوم ہو سکتے ہیں۔

نسخہ

فولاد جوہردار اصلی 5 تولہ سوہان کردہ کو کسی چینی کے پیالے میں ڈال دیں اور اس کے اوپر کاغذی انار کا پانی اس قدر ڈالیں کہ وہ انگشت اوپر رہے، گیارہ دن کے بعد اس کو دیکھیں کہ کشتہ ہو گیا ہے یا نہیں، ورنہ دوسری بار پھر اسی طرح کریں اور ڈھک کر رکھ چھوڑیں گیارہویں دن کشتہ ہو جانے پر دس سیر آب مقطر ڈال کر نرم آنچ پر خوب پکائیں، جب پانچ سیر باقی رہ جائے تو نیچے

اتار کر چھان لیں، اور اس پانی میں صندل سرخ 3 تولہ صندل سفید 4 تولہ، بھوپھلی بوٹی اگر تازہ ہو تو تین پاؤ اور اگر خشک ہو تو نصف سیر موصلین آدھا پاؤ، بہمنین آدھا پاؤ، ثعلب مصری، 5 تولہ ہر ایک کو جوکوب کر کے بھگو دیں اور چوبیس گھنٹہ بعد آگ پر چڑھا دیں جس وقت ایک سیر پانی رہ جائے تو نیچے اتار کر چھان لیں پھر ایک سیر چینی ڈال کر شربت بنائیں، جب قوام درست ہو جائے تو اتار لیں اور کسی کانچ کی ڈاٹ والی بوتل میں جس میں پہلے ہی لائیکوار آرسینی کیلس چار ڈرام ٹنکچر نکس وامیکا چار ڈرام ڈال لیا ہو تو تمام شربت کو گرم گرم حالت میں ہی ڈال دیں اور نصف ڈرام، فاسفورس ڈال کر تھوڑا سا ہلا کر مضبوط ڈاٹ لگا دیں بس دوا تیار ہے ٹھنڈا ہونے پر شیشیوں میں بھر لیں اور پندرہ دنوں کے بعد استعمال کریں، خوراک 8 سے 15 قطرے تک۔

جوہر فولاد

نیا خون نئی جوانی پیدا کرنے والا لاجواب نسخہ ہے اس کے ایک قطرے میں خون کے کئی قطرے پوشیدہ ہیں، استعمال کرتے ہی رگ و ریشہ جسم میں خون لہریں مارنے لگ جاتا ہے معدہ وجگر کی اصلاح ہوتی ہے، بھوک خوب لگتی ہے۔ جو کھائیں ہضم ہو جاتا ہے۔ لطف یہ ہے کہ قابض بالکل نہیں، زود اثر پژمردہ چہرے کو گلاب کی طرح شاداب وشگفتہ کر دیتا ہے، الغرض مردوں کو زندہ کر دینے والا بے نظیر نسخہ ہے۔

نسخہ:

برادہ فولاد، ایک تولہ گندھک آملہ سار، نوشادر ہر ایک 2 تولہ، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ، پوست آملہ، مجیٹھ ہر ایک ½3 پاؤ گڑ پرانا ½1 سیر آب چاہ 5 سیر تیزاب گندھک 1 تولہ، برادہ فولاد، گندھک اور نوشادر کو آب گھیکوار میں دو یوم کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں، اور کوزہ میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکالیں، اور باقی دواؤں کے ہمراہ بمعہ پانی ایک گڑھے میں ڈال دیں اور ڈھکنے سے منہ بند کر کے چالیس یوم روڑی میں دفن کریں بعدہ نکال کر آگ پر جوش دیں، اور چھان لیں پھر تیزاب گندھک ملا کر مقطر کر لیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک

ہر دو وقت غذا کے ایک گھنٹہ بعد بقدر چھ ماشہ ایک گھونٹ پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

طحال کا مجرب نسخہ

یہ نسخہ حکیم ڈاکٹر سید محمود الحسن صاحب شاہی طبیب ریاست بھوپال کے سینہ کا راز ہے جس کے متعلق آپ فرماتے ہیں کہ ''احقر چوبیس سال سے مرض طحال میں مبتلا تھا، ہزاروں نسخہ حکماء و نیز ڈاکٹر صاحبان کے استعمال کیئے تھوڑا بہت فائدہ ضرور ہوتا ہے لیکن طحال جاتی نہ تھی، مجبور ہو کر علاج چھوڑ دیا، اتفاق سے حاذق الاطباء عالی جناب افسر الاطباء صاحب بھوپال متوطن شاہجہان پور مرحوم نے فرمایا کہ یہ نسخہ بنا کر آپ استعمال کریں۔ یہ ہمارا سینکڑوں پر تجربہ کیا ہوا نسخہ ہے بس اس کا استعمال کرنا تھا، کہ طحال کافور ہو گئی، نسخہ ذیل میں درج ہے۔

نسخہ: اشق، گوگل سکبینج، اسپند، برگ سداب، السی ہر ایک دو تولہ، انجیر سیاہ آٹھ عدد، گندھک 1 تولہ، اشق گوگل، اور انجیر ان چاروں ادویہ کو تیز سرکہ میں ملا کر خوب کوٹیں پھر بقیہ ادویہ کوٹ چھان کر شامل کر کے تیار کر لیں، بوقت ضرورت نیم گرم لیپ طحال پر لگائیں، اوپر سے ایک باریک کپڑا چپکا کر پھر رومال باندھ لیں، چونکہ موسم گرما میں یہ دوا جلد خشک ہو جاتی ہے دوسرے مثل مرہم کے یہ دوا ہوتی ہے اس لئے تھوڑا سا سرکہ روزانہ علیحدہ سے بقدر ضرورت دوا میں ملا کر پھر نیم گرم لیپ کرنا چاہیے، نیز ذیل کا نسخہ بھی تیار کریں اور اس کو بھی استعمال کرتے رہیں، تا کہ ہفتہ عشرہ میں صحت کلی ہو جائے۔

حبوب طحال

نسخہ:

بیخ سوسن 14 ماشہ، فلفل سفید 7 ماشہ، اشق 1 تولہ ان ادویات کو تیز سرکہ میں ملا کر

حبوب بقدر ضرورت بنالیں اور، روزانہ 7 ماشہ سکنجبین سرکہ والی 2 تولہ کے ہمراہ کھالیں خواہ مرہم کا استعمال رکھیں ہر دو کا یا حبوب طحال کا نسخہ استعمال کریں، بہر حال مجھے آج تک مختلف اطراف ہند میں دوسرا نسخہ استعمال کرنے کی حاجت نہیں پڑی۔

طحالی

نسخہ:

نوشادر، سہاگہ، قلمی شورہ، نمک شور، نمک سونچر، نمک سیاہ، ہر ایک ایک تولہ، پھٹکری چھ ماشہ، ان ادویات کو آب لیموں کاغذی آدھا سیر میں کھرل کریں اور بوتل میں ڈال کر اوندھی بوتل کر کے لٹکا دیں اور آٹھ پہر کے بعد اوپر کا محلول نتھار کر نیچی گاد پھینک دیں۔

مقدار خوراک:

بقدر چار ماشہ صبح اور چار ماشہ شام تھوڑے پانی میں ڈال کر استعمال کریں۔

افعال و منافع:

تلی خواہ کسی قدر بڑھی ہوئی کیوں نہ ہو، مریض کا رنگ زرد اور خون کم ہو چکا ہو، پیٹ پھولا ہوا ہو، جگر خراب ہو، چلتے وقت دم پھول جاتا ہو، ناخن سفید گئے ہوں ان کے لئے یہ عرق اکسیر اعظم ہے۔ چند دنوں کے استعمال سے ہی تلی اپنی جگہ پر آجاتی ہے اور چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ تلی کی وجہ سے آنے والے بخار نیز چوتھیا بخار کیلئے تریاق اعظم ہے۔

امراض معدہ کیلئے لاثانی اکسیر / مشتہی

جس پر صاحب نسخہ کو پانچ سو روپے نقد انعام مل چکا ہے۔

نہایت خوش ذائقہ بھوک پیدا کرنے کیلئے بالخاصہ مفید و مجرب ہے غذا کو ہضم کرتی ہے اور مخرج ریاح غلیظ ہے۔ قراقر، نفخ شکم، درد معدہ، بھوک نہ لگنا، غرضیکہ معدہ کے اکثر امراض کو

دور کر کے معدہ کو طاقت ور بناتی ہے یہ وہ نسخہ ہے جس کیلئے ایک ریاست کے طبیب کو پانچ سو روپے مع خلعت انعام دیا گیا۔

نسخہ:

پوست ہلیلہ چھ ماشہ، پوست بلیلہ چھ ماشہ، پوست آملہ چھ ماشہ، فلفل سیاہ چھ ماشہ، زنجبیل 6ماشہ سہاگہ خام 6ماشہ نوشادر 6ماشہ نمک سیاہ 6 ماشہ، پوست بیخ مدار خشک 8تولہ گندھک آملہ سارا1تولہ، ہینگ بریاں 1تولہ ان تمام ادویات کو آدھ سیر آب لیموں میں کھرل کر کے خشک کریں، علاوہ اس کے سوڈا بائی کارب 2تولہ پیپر منٹ 1 ماشہ، ست اجوائن، 6ماشہ روغن دارچینی 6ماشہ روغن لونگ 6ماشہ ان سب ادویات کو یک جان کرلیں تیار ہے۔

مقدار خوراک

4رتی سے لے کر 2دوماشہ تک ہمراہ آب استعمال کریں۔

فوائد:

ہاضم خوش ذائقہ، مخرج ریاح، قبض کشا، درد معدہ، نفخ، کمی اشتہا، غرضیکہ معدہ کی جملہ امراض کو دور کرنے کیلئے اکسیر ہے، ہیضہ، تخمہ کی آخری حالتوں میں یہ دوا اعجاز مسیحائی دکھاتی ہے۔

کلیان کارنی کھانڈ

نسخہ

پیپرمنٹ کرسٹل 1ماشہ، پیپرمنٹ آئل نصف ڈرام، مشک کافور 4ماشہ، ست اجوائن، 1ماشہ ست الائچی 3ماشہ، ست بادیان، 6ماشہ، سائٹرک ایسڈ 1تولہ سوڈا بائیکارب 3تولہ، ٹنکچر کارڈیم، 2ڈرام، شوگر (کھانڈ) ایک پاؤ، پہلی چار ادویات کو ایک شیشی میں داخل کر کے دھوپ میں رکھیں، جب تیل ہو جائے تو باقی خشک ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں، جب سب خشک ادویات باریک ہو جائیں تو ٹنکچر کارڈیم کو داخل کریں، جب رنگت ادویات سرخ ہو جائے تو پہلے سے تیار شدہ روغن مذکورہ تھوڑا تھوڑا، داخل کرتے اور کھرل کرتے جائیں، جب تمام شامل ہو جائے تو تیار ہے۔ شیشی میں بند کر دیں اور دن میں تین چار خوراک استعمال کریں۔

مقدار خوراک

بڑوں کو 2 ماشہ سے 4 ماشہ تک، اور بچوں کو نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک عرق مناسب یا تازہ پانی سے دیں۔

فوائد:

ترش ڈکار، پیٹ درد، بدہضمی / دست پیچش، پیاس نزلہ، زکام معدہ کی ترشی وغیرہ کیلئے نہایت مفید مجرب ہے۔

سفوف فراغتی

یہ ایک امیرانہ مسہل ہے، جتنے اوصاف کسی بہترین مسہل میں پائے جاتے ہیں وہ سب اس میں موجود ہیں نہایت اعلیٰ درجہ کا خوشبودار اور قلیل خوراک ہے اس کے استعمال سے کسی قسم کی گھبراہٹ، بے چینی مطلق نہیں ہوتی، بافراغت اجابتیں لاتا ہے، پیچش کا کوئی خطرہ نہیں، نوجوانوں، بچوں، بوڑھوں عورتوں غرض کہ ہر عمر کے لوگوں کیلئے نعمت خداوندی ہے حاملہ عورتوں کو اس کا استعمال کرنا از حد ضروری ہے۔ مرض پیچش میں سدہ خارج کرنے میں اس سے بڑھ کر کوئی مسہل نہیں۔

نسخہ

جلاپہ عمدہ 5 تولہ سقمونیہ ولائتی 2 تولہ، غاریقون 1 تولہ کیلومل 6 ماشہ پہلے جلاپہ کو خوب باریک کریں باقی ادویہ کو علیحدہ باریک کرلیں، پھر چار مغز 5 تولہ، تخم کاسنی 2 تولہ تخم کاہو 2 تولہ ان سب کو پانی میں رگڑ کر بطور سردائی بنائیں، قلعی دار برتن میں ڈال کر جلاپہ ڈال دیں اور اس قدر جوش دیں کہ تمام پانی جل کر نمی رہے باقی ادویہ ڈال کر پھر مغز املتاس 10 تولہ، بنفشہ عمدہ 5 تولہ کو ایک سیر پانی میں بھگوئیں، دوسرے دن جوش دیں، جب پاؤ بھر پانی رہ جائے تو مل چھان کر 5 تولہ ترنجبین سفوف ہذا میں کھرل کریں اور محفوظ رکھیں خوراک نصف ماش سے ایک ماشہ تک گلقند یا دودھ شیریں سے استعمال کرائیں، اس کے استعمال سے گھبراہٹ، بے چینی ہرگز نہیں ہوتی۔

تریاق بواسیر

یہ ایک سن رسیدہ بزرگ کا عطیہ ہے۔ جو 1915ء میں بعض خاص وجہ سے رام پور چھوڑ کر دہلی کوچہ میر ہاشم میں قیام فرما رہے ہیں، وہ اس نسخہ کو ایک درویش کامل کی طرف منسوب کرتے ہوئے اس کی بے حد تعریف فرماتے تھے، اور اپنے ذاتی تجربہ کی بنا کر اس نسخہ کو بہت اہمیت دیتے تھے، متعدد حضرات کی شکایات اس کے استعمال سے جاتی رہیں، نسخہ کے اجزاء کی نوعیت سے صاف ظاہر ہے کہ بلاشبہ یہ نسخہ اس مرض میں بہت مفید ثابت ہوگا۔

نسخہ:

آب مکروندہ، 10 تولہ آب برگ گیندا 10 تولہ، آب شاہترا 10 تولہ، آب ترب 10 تولہ، آب برگ بکن 10 تولہ، آب برگ بانسہ 10 تولہ، آب گلو سبز 10 تولہ، آب برگ کنگھی 10 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ، پوست ہلیلہ کابلی 1 تولہ، ہلیلہ سیاہ 1 تولہ، نرکچور 1 تولہ، پوست کٹہ ایک تولہ، بلادر مدبر (کلاہ دور کردہ) 1 تولہ مغز تخم نیب 1 تولہ، مغز تخم بکائن، 1 تولہ، مرچ سیاہ 6 ماشہ، دار فلفل 6 ماشہ، زنجبیل (سونٹھ) 6 ماشہ کنجد سیاہ 2 تولے، رسونت 5 تولہ گوگل 5 تولہ، آخری دو دواؤں کے علاوہ بقیہ دواؤں کو روغن بادام سے چرب کریں، رسونت گوگل کو آب ہائے مذکورہ میں ڈال کھرل کرتے ہوئے پکائیں اور جب قوام کسی قدر غلظت پر آجائے، تب بقیہ دواؤں کو باریک کوٹ پیس کر شامل کر کے ایک چنے کے برابر گولیاں بنائیں، اور ایک گولی صبح اور ایک شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

اکسیر بواسیر

نسخہ

نیلا طوطیا بریاں 1 تولہ خرمہرہ زرد محرق 2 تولہ پوست ہلیلہ 6 ماشہ کتھا سفید 6 ماشہ رسوت مصفی 6 ماشہ گوگل 6 ماشہ آرد تخم بکائن، 6 ماشہ جملہ ادویات کو الگ الگ باریک کر کے گلاب کے پانی کے ساتھ گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب خالص کھلائیں، اور اوپر سے مالیدہ گندم جو نہایت چرب ہو کھلائیں اور گرم خشک چیزوں سے پرہیز کریں، اگر مسے باہر ہوں تو ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر لگائیں، انشاءاللہ ہفتہ میں مکمل آرام ہوگا، اگر اسی طرح چالیس یوم تک استعمال کیجئے تو ہمیشہ کیلئے مرض کی بیخ کنی ہو جائے گی۔

منافع:

بواسیر کے لئے نہایت مفید ہے خواہ کتنا ہی خون چل رہا ہو اس کی ایک دو خوراک سے رک جاتا ہے نہایت عجیب خاص الخاص اور معمول مطب نسخہ ہے۔

حبوب بواسیر بادی

نسخہ

رسوت 1 تولہ، ہینگ ڈیڑھ تولہ، ایلوا ڈیڑھ ماشہ، تخم گندنا 6 ماشہ گوگل 6 ماشہ، مغز تخم بکائن 6 ماشہ، تخم نیب ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد ڈیڑھ تولہ، آب ککر چھڈی یعنی ککروندہ میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں، بادی بواسیر کیلئے نہایت کامیاب دوا ہے۔

تریاق ذیابیطس

نسخہ

تخم حماض 6 ماشہ، جفت بلوط 6 ماشہ، خستہ جامن 6 ماشہ پاہ گجراتی 6 ماشہ، طباشیر کبود 6 ماشہ، ست سلاجیت 6 ماشہ یاقوت رمانی 6 ماشہ، مشک خالص، 6 ماشہ، عنبر اشہب 3 ماشہ، مایہ شتر اعرابی 6 ماشہ، کوٹ چھان کر کشتہ نقرہ چھ ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ تین ماشہ مروارید، ناسفتہ 3 ماشہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ، کشتہ زمرد 3 ماشہ، جواہر مہرہ اصلی 3 ماشہ۔

ترکیب

ان سب کو عمدہ کھرل میں تین یوم متواتر خوب باریک کھرل کریں، بعد میں تمام ادویات کو یک جا کر کے افیون 2 ماشہ اضافہ کر کے دوبارہ کھرل کریں اور مہین کپڑے میں سے چھان لیں، بس اکسیر تیار ہے۔

فوائد

ذیابیطس شکری اور غیر شکری کیلئے نہایت لاثانی اور لاجواب دوا ہے اس کے چند روز استعمال کرنے سے خواہ کیسی ہی پرانی ذیابیطس ہو ہمیشہ کیلئے جاتی رہتی ہے ہم نے سینکڑوں مریضوں پر اس دوا کا تجربہ کیا ہے اور یہ ہمارے تجربہ میں بے نظیر ثابت ہوئی۔

اکسیر ذیابیطس

نسخہ

گلوئے خشک 2 تولہ، برگ جامن 2 تولہ، خستہ جامن 2 تولہ، کشتہ طلاء 3 ماشہ، کشتہ زمرد 3 ماشہ، کشتہ مرجان 3 ماشہ، کشتہ نقرہ 3 ماشہ، صدف سائیدہ 3 ماشہ، اصل السوس مقشر 2 تولہ، مروارید ناسفتہ تین ماشہ، گل سرخ 2 تولہ، گلنار فارسی 2 تولہ، گل ارمنی 2 تولہ، افیون خالص 4 ماشہ، کشنیز خشک 2 تولہ، اندر چھال گولر 2 تولہ، پوست سماق 2 تولہ، صندل سفید 2 تولہ سکرین 3 ماشہ، ان سب دواؤں کو کوٹ کر چھان کر سفوف بنائیں اور سب کی 72 پڑیاں بنا کر رکھ لیں ایک پڑیہ صبح اور ایک شام کو بکری کے پاؤ بھر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: ذیابیطس خواہ شکری ہو یا غیر شکری دونوں کیلئے اکسیر ہے۔

حب ذیابیطس

نسخہ: گڑمار بوٹی 1 تولہ، زنجبیل 6 ماشہ، خستہ جامن ایک تولہ، کشتہ زمرد چھ ماشہ،

افیون 1 ماشہ، سب چیزوں کو کوٹ چھان کر ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں، اور ایک گولی صبح ایک شام کو دہی کے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد

ذیابیطس کی ہر قسم کیلئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں، دو چار دن کے استعمال سے فائدہ محسوس ہونے لگتا ہے۔

اکسیر سنگ

بغیر آپریشن پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دینے والی جادو اثر دوا ہے۔

گردہ مثانہ کی پتھری کو بلا آپریشن خارج کرنے کے لئے بہترین دوا آج تک نہیں دیکھی گئی۔ سینکڑوں دفعہ کے استعمال کے بعد یہ چیز آج آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

ریگ کو خارج کرنا پتھری کو توڑ کر ریزہ ریزہ کر کے پیشاب کی رہ سے نکالنا اس کا ایک ادنی کرشمہ ہے اس سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے اور چند روزہ استعمال سے پتھری ریگ خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں صاف کر دیتی ہے۔

نسخہ

پھٹکری 2 تولہ، ایک کلو پانی میں حل کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر خشک کریں، پھر چاقو سے کھرچ کر اس میں شورہ قلمی اٹھارہ تولے، نوشادر 9 تولہ ملائیں اور تیز آگ کر کے لوہے کے دستہ سے ہلاتے رہیں جب موم کی مانند ہو جائے تب اس میں جوکھار بارہ تولے حجر الیہود اٹھارہ تولے فلفل دراز 9 تولے، نمک مولی 1 تولہ ملا کر آنچ مدہم کر دیں جب تمام اشیاء یک جان ہو جائیں تو اتار کر پیس لیں۔

خوراک

تین ماشہ صبح وشام شیرہ پتھر پھوڑ یا مناسب بدرقہ میں۔ چند ہی روز میں گردہ مثانہ کی پتھری ریگ ہو کر دور کر دیتی ہے اور مریض آپریشن کی مصیبت سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔

پتھری ناشک

تحصیل جتھاری میں ایک مریض پتھری کے مرض میں مبتلا ہیں اور عرصہ سے ملازم سرکار ہیں دو تین ماہ کے اندر اسی شکایت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اکثر مجھ سے شکایت بھی کرتے ہیں کہ آپکی توجہ ہمارے مطلق نہیں ہے۔ ہم بہت پریشان ہیں اور جب تک صحت نہ ہو جائے، پس آپ کے دروازہ سے نہیں جائیں گے۔ ان کو ذیل کا نسخہ استعمال کرایا، خدا تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی، عرصہ دس سال میں اس نسخہ کو تیار کر کے استعمال میں لایا ہوں، اس کے استعمال سے پتھریاں بغیر آپریشن اور بغیر کسی تکالیف کے خارج ہو جاتی ہیں۔

یہ نسخہ مجھے ایک مہاتما سادھو سے جو بغرض سیاحت رنگون کی طرف سے آئے تھے حاصل ہوا تھا، اور میں ان کا جس قدر شکریہ ادا کروں کم ہے اس لئے کہ وہ نسخہ جس سے میں نے بچشم خود آناً فاناً مہلک مرض دور ہوتے دیکھا ہو اور پھر وہ نسخہ ہاتھ آ جائے، جس سے عام مخلوق کو فائدہ پہنچے، کیا کم نعمت ہے وہ نسخہ یہ ہے۔

نسخہ

حجر الیہود 6 ماشہ، نوشادر اور سہاگہ تین تین ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں پھر شورہ قلمی ڈیڑھ تولہ لے کر ایک کڑاہی میں ڈال کر تھوڑا سا پانی ڈال دیں جب شورہ قلمی حل ہو جائے، مندرجہ بالا ادویہ ملا دیں پر آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر لیں اور درد گردہ بڑی پتھری کے باعث ہو تو مغز کرنجوہ کا سفوف ایک ماشہ اسی دوا میں اور ملا دیں چار سرخ سے ایک رتی تک ہمراہ دودھ بکری نصف پاؤ آب خالص نصف پاؤ کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔

فوائد

اول اس دوا کے استعمال سے ریگ سرخ پھر سیاہ زرد خارج ہو جاتی ہے۔ مابعد پتھریاں ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

اکسیر درد گردہ

نہایت آسانی سے تیار ہونے والی فوری اور حکمی فائدہ دینے والی سینکڑوں دفعہ کی تجربہ کی ہوئی، دردِ گردہ کی لاثانی اکسیر ہے، مریض درد سے تڑپتا ہو بے چین ہو اور درد گردہ رہ رہ کر اٹھتا ہو دورہ سے درد پڑتی ہو بے شمار طلاء ضماد، سینک ٹکوریں اور ہزاروں دوائیں کھانے سے بھی کامیابی اور صحت نہ معلوم ہوتی ہو تو اس کی ایک خوراک دے دیں خدا کے فضل سے درد فوراً رک جائے گا، اور چند ایک خوراکوں سے پوری صحت ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں ایسی تاثیر بھر رکھی ہے کہ حیرانی آتی ہے بعض وقت جادو کا شبہ ہو جاتا ہے۔ بنائیں اور آزمائیں فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ

شورہ قلمی، لوٹا کھار، سہاگہ سفید، نوشادر پھٹکری سفید، نمک سفید، نمک سینڈھا، فلفل سیاہ، اجوائن خراسانی، ریگ حجر الیہود، ہر ایک تین ماشہ افیون ایک ماشہ، سب کو باریک کر کے محفوظ رکھیں اور دو ماشہ آب گرم ہمراہ دودھ دو گھنٹہ کے وقفہ سے کھلاتے رہیں اتنی جلدی آرام دینے والی دوائی کہیں نہیں دیکھی گئی۔

ایک ہی خوراک میں سوزاک کو دور کرنے کی دوا

یہ نسخہ سوزاک کے دفعیہ کیلئے فی الواقع اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اور اس دوا کی صرف ایک ہی خوراک سے مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے ضرورت مند اسے تیار کر کے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ

روغن صندل، الائچی سبز، لوبان کوڑیہ، ہر ایک چھ ماشہ تخم بھنگ تین ماشہ، جملہ ادویہ کو کوٹ کر باہم ملائیں، یہ ایک خوراک ہے۔

ترکیب استعمال

مصالحہ اور گھی ڈال کر ایک پاؤ گوشت جس میں خوب مرچ مصالحہ ڈالا ہو گرمی محسوس ہو

کھلائیں کہ یہ ایک خوراک شربت بزوری یا پانی سے ایک ہی دفعہ کھلائیں، انشاء اللہ ایک خوراک سے آرام ہو جائے گا۔

چوٹی کا نسخہ سوزاک

ہزاروں مریضوں پر مفید پایا سینکڑوں ڈاکٹروں اور حکیموں کا تصدیق کردہ مستند اور کامیاب نسخہ حاضر ہے، اس سے سوزاک دو تین روز میں دور ہوتا ہے۔

نسخہ: لائیکوارنٹل فلیوا کم بیوکوایٹ کیوبب، ایک اونس میگنیشیا فاس ایک اونس ٹنکچر ہائیوسائمس 3 ڈرام پوٹاشیم بائی کارب دو ڈرام پوٹاش نائٹروس ایک ڈرام، انیفوژن یواری فولیا، اس قدر ملائیں کہ کل آٹھ اونس ہو جائے۔

ترکیب استعمال

نو نشان لگا کر 9 خوراکیں بنا لیں ہر دو گھنٹہ کے بعد ایک نشان پی لیا کریں۔

سفوف اکسیر سوزاک

نسخہ

سیپازول ٹیبلیٹس 11 عدد ایم بی 693 ٹیبلٹس 12 عدد سلفا ڈایا زین، ٹیبلٹس، 12 عدد ست بہروزہ 2 تولہ ست لوبان کوڑیا 2 تولہ باہم کھرل کریں۔ بعد میں اس میں 4 ڈرام روغن صندل میسوری روغن بلسان 4 ڈرام اضافہ کر کے محفوظ رکھیں اور دن میں تین بار یہ سفوف تین ماشہ خوراک فی، آدھ پاؤ دودھ اور ایک پاؤ، پانی کے ہمراہ کھلائیں، غذا صرف دودھ اور چاول دیں۔

پہلے روز سے ہی کھٹک، جلن، سوزش، اور پیپ کا آنا، رفع دفع ہو جاتا ہے سوزاک کے جراثیم میسی لیس گونو کاس ماکو یہ سفوف بالکل فنا کر دیتا ہے۔ بغیر انجکشنوں کے مرض سوزاک کا بہترین علاج ہے۔

سوزاک کا، لاجواب نسخہ

ہر قسم کے سوزاک کی حکمی اور شرطیہ دوا ہے جس کے استعمال سے بیمار کو کبھی ناامیدی نہیں ہوتی، پیشاب میں پیپ آنا، نالی کے اندر ورم ہو، سفید رطوبت کا آنا، اس قسم کی تکلیف کو رفع کرنے میں عجیب الاثر ہے۔ بنا کر قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

نسخہ

نیلا تھوتھا 1 تولہ، کچورا چھٹانک اول کچور کو نیم کوب کر کے نصف ایک کڑاہی آہنی میں بچھا دیں اس پر نیلا تھوتھا کی ڈلی رکھ کر باقیماندہ سفوف اوپر ڈال کر ریت سے کڑاہی کو بھر دیں اور چولہے، پر رکھ کر آگ جلائیں، ریت پر جوار کے دانے رکھ دیں جب دانے بریاں ہو جائیں تب آگ بند کر دیں۔ ریت کے ٹھنڈا ہونے پر کشتہ نیلا تھوتھا نکال لیں خوراک ایک تنکہ بھر مکھن میں دیں چند دنوں میں سوزاک ہمیشہ کیلئے جاتا رہے گا۔

چوبیس گھنٹے میں آتشک جڑ سے دور

نہ جلاب لینے کا جھنجھٹ، نہ مرہم لگانے کی ضرورت، نہ کئی روز تک دوائیں لیتے رہنے کی زحمت صرف ایک ہی خوراک سے رات بھر میں سالہا سال کی آتشک جڑ سے اکھڑ جائے گی۔

یہ آتشک کا ایک ایسا نادر روزگار نسخہ ہے جو ہتھیلی پر سرسوں جما کر طبیب کی شہرت میں آنا فاناً چار چاند لگا سکتا ہے۔ آج کل کے مریض کچھ ایسے آرام طلب اور نفاست پسند ہو گئے ہیں کہ خریدنے کو تو جہاں بھر کی بیماریاں خریدتے پھرتے ہیں مگر علاج کراتے وقت لمبے عرصہ تک دوا پینی اور پرہیز کرنے وغیرہ کو وبال جان سمجھتے ہیں یہ نسخہ ایسے مریضوں کیلئے منہ مانگی مراد ہے ایک، خوراک سرشام دے دی جائے بس صبح تک مرض کا نام ونشان بھی نہ رہے۔ بنا کر آزمائیں اور اپنی طب پر چار چاند لگائیں۔

نسخہ

رس کپورا، ماشہ دار چکنا 1 ماشہ شنگرف 1 ماشہ تخم بھنگ 1 ماشہ چاروں چیزوں کو کسی نہایت عمدہ اور صاف کھرل میں ڈال کر سرمہ کی طرح باریک کرلیں پس تیار ہے۔

ترکیب استعمال

اس کایا پلٹ دوا کو کھلانے کیلئے پہلے مندرجہ ذیل چیزیں مہیا کریں، گوشت بکری آدھ سیر پختہ روغن زرد پاؤ پختہ گرم مصالحہ پیاز لہسن وغیرہ جیسا گوشت کا ہوتا ہے حسب ضرورت مرچ سرخ نہایت تیز 4 عدد، اوّل سرخ مرچ اور گرم مصالحہ خوب باریک پیس کر تیار کرلیں اب قلعی دار دیگچی میں گھی گرم کریں، پھر مصالحہ ملا کر بھونیں، جب مصالحہ پک کر سرخ ہو جائے، لیکن جلنے نہ پائے تو گوشت ڈال دیں اور گوشت کو بھونتے رہیں، لیکن بھاپ سے اسے اپنے تئیں محفوظ رکھیں، جب گوشت خوب پک جائے اور کھانے کے لائق ہو جائے تو اتار کر کھالیں۔

یہ دوا سر شام کھانی چاہیے اس کے بعد اور کچھ نہ کھائیں اس مبارک دوا سے کسی قسم کی کوئی تکلیف نہ ہوگی نہ منہ آئے گا، نہ قے آئے گی رات کو کسی وقت دو چار دست ضرور آئیں گے صبح تک تمام زخم خشک ہو جائیں گے اور برسوں کا مایوس مریض چند گھنٹوں میں اچھا ہو جائے گا۔

پرہیز

اس کایا پلٹ دوا کے استعمال کے بعد یہ پرہیز ضروری ہے کہ کامل ایک ہفتہ تک جسم کو پانی سے بچا رکھیں، اگر اشد ضرورت ہو تو گرم پانی استعمال کریں، حتی کہ پینے کیلئے بھی گرم پانی چاہیے، ٹھنڈی ہوا سے بچاؤ رکھنا ضروری ہے ورنہ بدن سوج جائے گا، اور گھنٹیا ہونے کا پورا پورا اندیشہ ہے اس حیرت انگیز دوا کے استعمال سے ایک ہفتہ بعد تک نمک ترشی، سرکہ چٹنی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

یہ نسخہ رحیم بخش کلال سکنہ بٹالہ کا مجرب ہے جس کیلئے اسے خاص شہرت حاصل تھی، اس کے باپ، دادا نے تقریباً ایک لاکھ روپے مہوسی میں برباد کر کے صرف یہ نسخہ حاصل کیا تھا، اپنی

تاثیر وسحر کاری کے لحاظ سے یقیناً طلا سازی سے افضل ہے اور آتشک کو حکمی طور پر دور کرتا ہے بڑی ہی جستجو اور کوشش کے بعد یہ نایاب اور گراں بہا چیز دستیاب ہو سکی تھی اب بغرض رفاہ عام پوری کشادہ دلی سے اسے ظاہر کیا جاتا ہے اس کے محاسن کا اعتراف وہی لوگ کر سکتے ہیں جنہوں نے اسے استعمال کیا یا کرایا ہو نسخہ حسب ذیل ہے۔

نسخہ

اجوائن ہر دو (خراسانی، دیسی والی) تین ماشہ، قرنفل 1 تولہ رسکپور 1 تولہ مسکہ گاؤ حسب ضرورت۔

اول الذکر جملہ اشیاء نہایت باریک پیس کر اس میں مکھن ملا دیں، اور بقدر ایکماشہ گولیاں بنا لیں ایک گولی ہمراہ تازہ پانی مریض آتشک کو کھلا دیں، پانچ روز میں حکمی فائدہ ہوگا، دوران استعمال دوا میں صرف مونگ کی دال وچاول کی کھچڑی جس میں نمک کم اور گھی زیادہ ڈالا گیا ہو۔ کھلائیں مجرب وآزمودہ نسخہ ہے۔ اس کے استعمال سے منہ نہیں آتا۔

آتشک کا، لاجواب نسخہ
جو ہر قسم کے زہروں سے مبرا ہے

ہزار ہا بار کا مجرب نسخہ ہے جو ہر قسم کے آتشک کو صرف تین دنوں میں دور کر دیتا ہے اور لطف یہ کہ ہر قسم کے زہروں سے مبرا ہے۔ الغرض نہایت اکسیر بے نظیر اور اور کبھی خطا نہ ہونے والا نسخہ ہے اگر سینکڑوں کتب کی ورق گردانی کر لیں تو بھی ایسا لاجواب نسخہ آپ کو کہیں نہ ملے گا۔

نسخہ

حب الملوک مدبر دو دانہ مردار سنگ ایک ماشہ چھوارہ کہنہ 2 عدد کھویا پرانا 2 تولہ قند سیاہ کہنہ تین تولہ خوب باریک پیس کر سات گولیاں بنائیں، اور ان میں سے چار گولیاں تو گھر کے چاروں کونوں میں بکھیر دیں اور باقی تین میں سے ہر روز پہلے مونگ چاول کھچڑ کھلانے کے بعد ایک گولی دیا کریں۔ انشاء اللہ تین روز کے بعد شرطیہ آرام ہوگا بار ہا بار کا مجرب نسخہ ہے۔

اکسیر خنازیر

نسخہ

رس کپور 1 تولہ، گل آک تازہ 7 تولہ، دونوں کو دو دن متواتر کھرل کریں اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال

صبح کے وقت ایک گولی بالائی میں لپیٹ کر دودھ سے نگل لیں، غذا میں دودھ، گھی بکثرت استعمال کریں۔

فوائد:

یہ دوا خنازیر کیلئے درحقیقت اکسیر ہے، چند ہی یوم میں خنازیری گلٹیاں تحلیل ہونے لگتی ہیں اور کچھ عرصہ باقاعدہ و متواتر استعمال کرنے سے مرض دور ہوتا ہے۔ خنازیر کے علاوہ پیٹ کی دق آتشک اور فساد خون کیلئے بھی عجیب و غریب چیز ہے۔

مرہم برائے خنازیر

کمال درجہ کی مفید و مجرب ہے، جو اپنے معجزے نما فوائد کے لحاظ سے اکسیر کا حکم رکھتی ہے صدہا بار کی مجرب و معمول مطب ہے اس کے استعمال سے مرض نیست نابود ہو جاتی ہے اس کی پوری تعریف آزمائش پر معلوم ہوگی۔

نسخہ

فلفل سیاہ 1 تولہ، نیلا تھوتھا، ایک تولہ مہندی 1 تولہ سب ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے دس تولہ مسکہ گاؤ جو ایک صد بار پانی سے دھویا گیا ہو اس میں ملا دیں مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال:

کسی باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر چسپاں کریں اگر زخم نہ ہو پچھنے لگا کر زخم بنالیں اور اندرونی طور پر اکسیر خنازیر استعمال کرائیں تاکہ دوبارہ عود نہ کرے۔

ریح ناشک

ہر قسم کی دردوں مثلاً وجع المفاصل وجع الورک نقرس، عرق النساء، وغیرہ کیلئے جن کا مادہ بلغم سے ہو معجزنما بلکہ اکسیر اعظم ہے، بیسیوں ایسے مریض جو دردوں کے سبب سے جڑے گئے تھے۔ان گولیوں سے کلی شفا پا چکے ہیں، بعض مریضوں پر تو ان گولیوں نے ایسا معجزنما فائدہ دکھایا ہے کہ دنوں میں ہی مرض کافور ہوگیا، یہ نسخہ میں نے ایک عطائی سے بڑی مشکل سے حاصل کیا تھا، جو آج تک میرے زیر استعمال رہ کر کافی فائدہ دکھا چکا ہے ہر قسم کی بلغمی دردوں کیلئے واقعی اکسیر کا کام دیتا ہے، استعمال سے پہلے حسب ضرورت مسہل لے لینا نہایت ضروری ہے نسخہ حسب ذیل ہے:۔

نسخہ:

افیون، شنگرف رومی ہر ایک چھ ماشہ چاکسو میٹھا تیلیا، فلفل دراز، فلفل سیاہ، اجوائن دیسی رسوت ہر ایک ایک تولہ، کچلہ 8 عدد گوگل 3 تولہ سب ادویات کو سوائے گوگل رسوت، افیون کوٹ کر باریک کریں پھر ان کو ملا کر اس قدر کوٹیں کہ سب اجزاء ایک جان ہو جائیں بعد ازاں اکسن بوٹی کے پانی میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام پانی کے ساتھ کھلاویں، پانی گرم سے بھی دے سکتے ہیں، مگر گھی اصل ہو خوراک روٹی گندم یا نخود کی چوری کوٹ کر کھلائیں، نمک سے پرہیز کریں۔

نوٹ: کچلہ کو آگ پر بریاں کر کے داخل ترکیب کریں۔

اکسیر اوجاع

نسخہ

بچھناک (میٹھا تیلیہ) مدبر چھ ماشہ شنگرف رومی مدبر چھ ماشہ، مرچ سیاہ چھ ماشہ، افیون تین ماشہ، پارہ مصفیٰ 4 ماشہ، گندھک 4 ماشہ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں، پھر باقی ادویہ کو الگ باریک پیس کر غبار کی مانند باریک کرلیں، بعدہ سب کو باہم ملا کر آب ہک مقطر سے گولیاں بقدر دانہ مرچ سیاہ تیار کریں اور بوقت ضرورت استعمال میں لا کر قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

مقدار خوراک وترکیب استعمال:

ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

فوائد: وجع المفاصل وجع الورک وجع الظہر نقرس وغیرہ کیلئے آب حیات کا اثر رکھتی ہیں، علاوہ ازیں دمہ اور کھانسی کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہیں ان کا ہر ایک مطب میں تیار رہنا اشد ضروری ہے۔

دوائے سورنجان

نسخہ:

سورنجان شیریں چھ ماشہ مرچ سیاہ تین تولہ مرچ سفید تین تولہ میٹھا تیلیہ چھ ماشہ، کشتہ بارہ سنگھا چھ ماشہ، زنجبیل ایک ماشہ، کچلہ مدبر ایک ماشہ نمک خردل ایک تولہ سوڈا ایسلی سیلاس چھ ماشہ فنسٹین ایک تولہ، کیلومل تین ماشہ، ایلوا اڑھائی ماشہ، جملہ ادویہ کو آب برگ کرنجوہ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں، اور دو گولی صبح وشام ہمراہ شوربا چوزہ نیم گرم روغن زرد استعمال کریں۔

افعال ومنافع

گنٹھیا، لنگڑی کا درد، رعشہ، لقوہ، درد کمر نمونیہ وغیرہ امراض میں مجرب ہے۔

روغن جوہر شفا

تمام قسم کے اعصابی دردوں جن کو ریحی درد کہا جاتا ہے دور کرنے کیلئے اس کی مالش نہایت مفید ہے ذات الجنب ذات الریہ میں مالش کر دینے سے فوراً تسکین ہو جاتی ہے سانپ بچھو، بھڑ، اور زہردار جانوروں کے کاٹے کا شرطیہ علاج ہے کان درد میں کان کے اردگرد مالش کریں دردسر شقیقہ میں مالش کر دینے سے درد موقوف ہو جاتا ہے۔

نسخہ

ہینگ 1 ماشہ، کاربالک ایسڈ، 1 ماشہ، کروٹن تیل 1 ماشہ ست پودینہ چھ ماشہ، ست الائچی چھ ماشہ کافور 1½ تولہ تمام اشیاء کو کسی شیشی میں ڈال کر دھوپ میں تین روز رکھیں بس تیار ہے تیل سرسوں میں ملا کر استعمال کریں۔

کافوری

ہر قسم کے دردوں کے لئے جادو اثر تیل

یہ ایک عجیب قسم کا تیل ہے جو طلسمی اثر رکھتا ہے اور ہر قسم کے دردوں کیلئے اکسیر صفت ہے، درد خواہ کسی جگہ ہو، مقام درد پر اسے لگاتے ہی درد اس طرح کافور ہو جاتا ہے کہ گویا تھا ہی نہیں درد خفیف ہو یا شدید پسلی میں ہو یا کمر میں گھٹنے میں ہو یا کسی اور جوڑ میں اس کے استعمال سے فوراً دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ

کیروسیل آئیل، (مٹی کا تیل) 4 تولہ کافور 4 تولہ ست اجوائن 1 تولہ کچی ہلدی 1 تولہ، سپرٹ میتھیلیٹڈ 4 تولہ روغن ارنڈ 4 تولہ، روغن جمال گوٹہ، 2 تولہ روغن تارپین 2 تولہ، تمام ادویات کو ملا کر خوب ہلا کر یک جان کر لیں دوا تیار ہے۔

افعال ومنافع:

ذات الجنب نمونیہ، فالج لقوہ عرق النساء وجع الورک وجع المفاصل، وجع الصدر گنٹھیا ایڑی کا درد، غرضیکہ جملہ اقسام کے دردوں کو دور کرنے میں نہایت بے نظیر ثابت ہوا ہے۔

حب اکسیر ملیریا

ملیریا اور موسمی بخاروں کی جڑ کاٹ دینے والی اکسیر دوا

نسخہ:

گلو، چرائتہ، برگ نیم ہر ایک 5 تولہ، برگ سہدیوی، برگ سورج مکھی برگ تلسی ہر ایک تین تولہ، فلفل گرد اتیس ہر ایک 2 تولہ کوٹ کر رات کو تین سیر پانی میں تر کریں، صبح جوش دیں، جب ایک پاؤ باقی رہ جائے صاف کر کے اس کے ساتھ ادویہ ذیل کھرل کریں۔

مغز تخم کرنجوہ 5 تولہ، کشتہ ابرک سیاہ وسفید کو نین زہر مہرہ، ست گلو، طباشیر دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ کشتہ گئو دنتی دس ماشہ، برگ مغیل زیرہ سفید فلفل دراز ہر ایک چھ ماشہ کافور تین ماشہ گولیاں نخود بقدر بنائیں اور ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ مناسب بدرقہ جات دیں۔

فوائد:

یہ ہر قسم کے ملیریائی اور موسمی بخاروں کیلئے نہایت کامیاب اور تیر بہدف دوا ہے بخار روزانہ آتا ہو یا اس کی باری تیسرے یا چوتھے دن آتی ہو، لرزے کے ساتھ ہو یا بغیر لرزے کے ہر حالت میں اس کی پہلی خوراک بخار کے زور کو توڑ دیتی ہے اور تین روز میں جسم کو فاسد مواد اور ملیریا کے اثرات سے پاک کر کے بخار کا خاتمہ کر دیتی ہے۔

چوتھیا بخار کا عجیب و غریب نسخہ

جس پر صاحب نسخہ کو ایک ہزار، روپیہ نقد انعام مل چکا ہے

پندرہ سال پیشتر مہاراجہ بڑودہ کو چوتھیا بخار آنے لگا تھا، وئیدوں حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت علاج کئے مگر فائدہ نہ ہوا، تب ایک مدراسی سنیاسی نے کہا کہ مہاراج میں چھ گھنٹہ میں بخار کو اتار سکتا ہوں اگر آرام نہ ہو تو مجھے پھانسی پر چڑھا دیجئے اسکا اتنا زبردست عہد سن کر مہاراج نے دوا کھانا منظور کر لیا پندرہ بیس منٹ بعد پسینہ آ کر بخار اتر گیا اور مہاراجہ کو نیند آ گئی اور دوسرے دن اس سنیاسی کو ایک ہزار روپیہ نقد انعام دیا گیا۔

میں نے بھی اس نسخہ کو کئی بار آزمایا ہے اور یہ میرے تجربے میں نہایت لاجواب ثابت ہوا ہے۔

نسخہ

شدہ غسل 1 تولہ، چونہ قلعی 1 تولہ، گندھک آملہ سار شدھ 1 تولہ، سہاگہ 1 تولہ سب ادویات کو ایک دن تک گھرت کماری کے پانی میں حل کر کے ٹکیہ بنا کر سکھائیں اور پھر اس پر کپڑا لپیٹ کر اوپر سے گیلی مٹی کا لیپ کر دیں، مٹی سوکھ جانے پر پانچ سیر اپلوں کی آگ میں پھونک ڈالیں، اور ٹھنڈا ہونے پر اوپر سے مٹی اتار دیں، اور اندر کی راکھ نکال کر پیس کر رکھ لیں خوراک نصف رتی، کھانڈ کے شربت کے ساتھ دینی چاہیے، ملیریا کے لئے اکسیر ہے بخار چڑھا تب بھی دے سکتے ہیں، اور کسی قسم کا نقصان نہیں کرتی۔

اکسیر ہیضہ

شفاء الملک کا خطاب اور چھ ہزار روپے سالانہ جاگیر دلانے والا جادو اثر نسخہ

چند سال پیشتر ریاست ٹونک راجستھان میں ہیضہ کی زبردست وبا پھیلی اور اس مرض

کا اس قدر زور ہوا کہ بہت سے خاندان اس موذی مرض کی نذر ہو گئے، بعض جگہ ایسا بھی ہوا کہ ایک گھر میں یکے بعد دیگرے ایک ایک گھنٹہ کے فرق سے پورا کا پورا کنبہ ختم ہو گیا، لوگ شہر چھوڑ کر باہر جنگلوں اور دریا کے کنارے جھونپڑے ڈال کر رہنے لگے ہر طرف ایک مہیب اور دہشت ناک عالم تھا، کہ محلے سنسان پڑے تھے، خود نواب صاحب بہادر معالجوں کے ساتھ رات دن شہر کے گلی کوچوں میں پھرا کرتے تھے اور لوگوں کو طبی امداد بروقت پہنچائی جاتی تھی۔

شہر کے ہر باشندے کو حفاظتی ٹیکے (کالرا ویکسین) لگائے جاتے تھے، شہر سے باہر جانے اور داخل ہونے پر پابندی تھی وبا کی شدت میں بس کسی طرح کمی نہ آتی تھی، تمام معالج ڈاکٹر اور اطباء پریشان تھے اور مختلف قسم کی دوائیں استعمال کر رہے تھے، مگر کوئی فائدہ نہیں ہوتا تھا، ایسے وقت میں حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی بھی اکثر وقت نواب صاحب کے ساتھ رہتے اور سینکڑوں مریضوں کا روزانہ معائنہ کرتے اسی وبائی اور افراتفری کے عالم میں آپ نے ایک دوا تیار کی جس کے استعمال سے مریض تیسرے دن بالکل تندرست ہو جاتا تھا، رجسٹروں کے اندراج اور مشاہدے سے معلوم ہوتا ہے، کہ اس آب شفا سے جس قدر مریض تندرست ہوئے اس قدر شفایابی نہ کسی یونانی دوا سے ہوئی اور نہ ڈاکٹری دوا سے اس دوا کی تیاری کے پندرہ روز بعد شہر میں بالکل سکون تھا، اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ وباء کبھی نمودار نہیں ہوئی تھی، ہزاروں بندگان خدا کی جان ایک ذرا سے چٹکلہ نے بچالی اس مرض کے ختم ہونے پر نواب صاحب ٹونک اور باشندگان ٹونک کی جانب سے جناب حکیم سید ظہیر احمد صاحب کو شفاء الملک کا خطاب اور چھ ہزار روپے سالانہ کی جاگیر عطا فرمائی گئی یہ عجیب وغریب نسخہ شفا کیا ہے آپ کو حیرت ہوگی کہ ایک نہایت ہی معمولی چیز یعنی برگ نیب کا جوشاندہ ہے یہ بات بھی دیکھنے میں آئی کہ ہیضہ کے مریض کو اس کی تلخی محسوس نہیں ہوتی لیکن جب ہیضہ کی سمیت ختم ہو جاتی ہے اور مریض تندرست ہونے لگتا ہے تو مریض کو ذائقہ کا احساس ہونے لگتا ہے، یہ نسخہ شفاء الملک حکیم سید ظہیر احمد صاحب اور ان کے خاندان کے بعض افراد کے علاوہ کسی کو معلوم نہیں ہے۔ ناظرین کرام کی خاطر یہ طبی شہپارہ بلا بخل پیش کیا جا رہا ہے۔

☆ ☆ ☆

دوائے ہیضہ

ہیضہ کی ہر حالت میں اکسیر اور قابل قدر چیز ہے مریض دست وقے سے نڈھال ہو، ناخن نیلے پڑ گئے ہوں بے قراری بڑھ رہی ہو کوئی چیز اندر جا کر نہ ٹھہرتی ہو غرضیکہ ایک مایوسی کی سی حالت ہو گئی ہو اس کی تین چار ہی خوراک کے استعمال سے صحت کے آثار نمودار ہو جاتے ہیں اور آٹھ دس خوراک تک حکما صحت ہو جاتی ہے نسخہ کیا ہے اکسیر بے نظیر ہزاروں میں سے انتخاب شدہ اور ہزار ہا مرتبہ کا تجربہ کردہ اعلیٰ پایہ کا ہے جو حسب ذیل ہے۔

نسخہ

ست اجوائن 1 ماشہ مشک کافور اصلی 2 ماشہ ست پودینہ تین ماشہ افیون چار ماشہ لونگ 8 ماشہ سب کو کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، خوراک صرف تین رتی، تین تین گھنٹہ بعد عرق بادیان سے دیتے جائیں، اگر حالت سخت ہو تو ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیتے ہیں تا آنکہ صحت نہ ہو جائے۔

طاعون کا لاجواب نسخہ

جس پر آل انڈیا آیورویدک یونانی کانفرنس سے پانچ روپے نقد انعام مل چکا ہے۔

یہ بے نظیر نسخہ آل انڈیا آیورویدک اینڈ یونانی کانفرنس کی طرف سے مقرر کردہ اطباء کی ایک کمیٹی نے سینکڑوں مریضوں پر آزمائش کر کے نہایت مفید پایا اور صاحب نسخہ کو کانفرنس کے اجلاس میں پانچ سو روپے نقد انعام دیا گیا۔

نسخہ

مرچ سیاہ 5 تولہ اجوائن دیسی آٹھ تولہ، سونٹھ ایک تولہ، زیرہ سیاہ 1 تولہ پوست ہڑ 2 تولہ سایہ میں خشک شدہ آک کی جڑ کا چھلکا 2 تولہ نمک دیسی 8 تولہ، تیزاب گندھک خالص 8 تولہ تمام ادویہ کو باریک کرلیں، اور تیزاب کو ایک بوتل میں ڈال کر باریک شدہ ادویات چٹکی

سے تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں اور شیشہ کی سلائی سے ہلاتے جائیں، حتی کہ تمام ادویہ تیزاب میں مل جائیں، بوتل کا منہ بند کر کے چند گھنٹہ رکھ دیں تمام دوا سیاہ رنگ کی ہو جائے گی۔

مقدار خوراک وترکیب استعمال

مریض طاعون کو ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک ہمراہ عرق گلاب دیں۔

فوائد:

طاعون کا ایک بہترین علاج ہے۔ جس کی نظیر ملنی مشکل ہے۔

نوٹ: 1934ء کے زمانہ میں پلیگ میں کئی سو مریضوں کو استعمال کرائی گئی۔ 90 فیصدی کامیاب ہوئی۔

حب نارنج

نسخہ

جدوار خطائی 4 تولہ ریوند خطائی 1 تولہ، زہر مہرہ خطائی 4 تولہ، کافور 1 تولہ، مغز تخم لیموں ترش، مغز تخم لیموں شیریں ہر ایک 5 تولہ مغز تخم نارنج چھ تولہ، مرکی 1 تولہ، گل ارمن 1 تولہ، فافل سیاہ 1 تولہ، مصطگی رومی 1 تولہ، زرد چوب 1 تولہ صدف مروارید 1 تولہ، زرورد 2 تولہ کشتہ حلزون 1 تولہ، کیوڑہ 1 بوتل بید مشک 1 بوتل تمام دواؤں کو الگ الگ کوٹ کر اور کپڑ چھان کر کے روح کیوڑہ بید مشک 1 بوتل، میں بالترتیب کھرل کریں، اور حب بقدر دانہ نخود تیار کرلیں۔

مقدار خوراک

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شربت صندل یا کیوڑہ استعمال کریں۔

افعال منافع

ہر قسم کے سوداوی وصفراوی بخاروں کا تریاق ہے تپ محرقہ کو خصوصیت سے مفید ہے طاعون، ہیضہ، ضعف قلب، خفقان وغیرہ کیلئے بے نظیر ہے ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل نسخہ ہے۔

اکسیر نمونیہ

نسخہ

کشتہ شاخ گوزن شیر مدار 2 تولہ، لوبان کوڑیا زنجبیل الائچی کلاں سوڈا ایلی سیلاس اسپرین، انٹی فیبرین 1 تولہ، سب کو باریک پیس کر شہد کی آمیزش سے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی ہر چھ گھنٹے بعد نیم گرم پانی یا چائے سے دیں۔

فوائد: نمونیہ، ذات الجنب، درد پہلو اور درد کمر کیلئے نہایت مفید نسخہ ہے۔

پیٹ کی ہجیروں یا انتڑیوں کی تپدق کیلئے جادو اثر نسخہ

پوست ہڑ کلاں 1 تولہ، بہیڑہ 1 تولہ آملہ 1 تولہ، سونٹھ ایک تولہ مرچ سیاہ 1 تولہ، فلفل دراز 1 تولہ، اجوائن 5 تولہ، سیندھا نمک 1 تولہ سونچل نمک 1 تولہ، نوشادر 1 تولہ، جوکھار 2 تولہ برگ نیم خشک 10 تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ نہایت باریک پیس کر باہم ملالیں، اور جس قدر یہ نسخہ تیار ہو اس میں چوتھا حصہ یعنی کل وزن نسخہ سے چوتھا حصہ کشتہ سنکھ آمیز کر کے محفوظ رکھیں، مقدار خوراک جوان آدمیوں کیلئے 4 رتی سے ایک ماشہ تک تازہ پانی یا عرق سونف والائچی کے ہمراہ استعمال کرائیں دن میں تین یا چار خوراک استعمال کر سکتے ہیں، میرا تجربہ ہے کہ جو مریض کئی کئی سال انتڑیوں کے دق کیلئے پہاڑ پر جا کر ٹیکے لگواتے رہے اور پھر بھی مرض دفع نہیں ہوا وہ اس مبارک دوا سے تھوڑے ہی عرصہ میں بھلے چنگے ہو گئے۔

عرق اکسیر سل ودق

حکیم احسان الحق صاحب امرتسری کا معمولی مطب نسخہ ہے جس کے متعلقہ آپ فرماتے ہیں کہ:

یونانی دواخانہ احسان

یہ نسخہ دق وسل کو دور کرنے کیلئے اپنی نظیر آپ ہے 1937ء سے یونانی دواخانہ امرتسر میں مریضان دق وسل پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ جس سے متعدد مریض شفایاب ہو چکے ہیں، ضرورت منداحباب تیار کر کے فوائد حاصل کریں۔

نسخہ:

سرطان مغسول ایک سیر، سپستان تازہ نصف سیر برگ، بید سادہ ایک پاؤ، تخم خشخاش جومقشر، پوست خشخاش گلوسبز، خاکسی انتر چھال ہر ایک نصف پاؤ، برگ اڑوسہ تخم پالک، تخم بھو، مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم تربوز، مغز تخم پیٹھہ، مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ، صندل سرخ، چرائتہ، تخم کاہو، تخم خرفہ ہر ایک تین تولہ، تخم خطمی تخم خبازی، برگ گاؤزبان کوثیہ آبریشم گل گاؤزبان، گل بنفشہ، اصل السوس مقشر بہدانہ اسپغول ہر ایک دو تولہ باد آورد شکاعی گل غافت تخم کشوث، ہر ایک ایک تولہ تمام ادویات کو بوقت شب آب نقرہ تاب 2 سیر آب طلاء تاب 2 سیر آب مکوہ سبز 1½ پاؤ، شیر خر چار سیر کا اضافہ کر کے زعفران تین ماشہ کافور 6 ماشہ، گل ارمنی 1 ماشہ، سریش ماہی 2 تولہ، سے 8 بوتل عرق کشید کریں اور دس تولہ صبح 10 تولہ دوپہر اور 10 تولہ شام کو استعمال کرائیں۔

فوائد:

یہ سل ودق جیسی عسر العلاج اور ہٹیلی امراض کیلئے نہایت کامیاب اور جادو اثر دوا ہے 95 فیصدی ہی ایسے مریض جن کی سل اور دق تیسرے درجے تک پہنچ گئی تھیں، جراثیم مرض کا غلبہ انتہا پر تھا، پوست واستخواں کا ایک مجموعہ تھے اس جادو اثر دوا کے استعمال سے اور خدا کے فضل سے تندرست وتوانا ہو گئے، جراثیم مرض کا قلع قمع ہو گیا، مریض کی قوت جو ضعف کے انتہائی درجات طے کر رہی تھی وہ سنبھل گئی، اور وہ اپنے اہل وعیال کیلئے سرمایہ عیش ومسرت ہو گئے۔،

اس دوا کے استعمال کی مدت مرض کے درجات پر منحصر ہے لیکن انتہائی درجات میں دو ماہ میں خدا کے حکم سے صحت کلی ہو جاتی ہے۔

☆......☆......☆

جریان کا نہایت کامیاب علاج

عام طور پر جریان کے نسخہ جات سے قبض ہو جاتی ہے اور قبض کی حالت میں اکثر اوقات یہ مرض ترقی کر لیتا ہے مگر اس دوا میں یہ خوبی ہے کہ قبض بالکل نہیں ہوتی۔ علاوہ ازیں یہ نسخہ زیادہ گرم ہے نہ زیادہ سرد اس لئے اکثر حالتوں میں اس سے جریان کا مرض بالکل مفقود ہو جاتا ہے اور لطف یہ کہ دوا معدہ کو کبھی کسی طرح مضر نہیں ہے۔

نسخہ

ثعلب مصری، تج قلمی، اسگندنا گوری، دانہ الائچی خورد و کلاں مصطگی، نیتر بالا، بھوپھلی، نشاستہ، تالمکھانہ، کشتہ قلعی یہ سب دوائیں مساوی الوزن لے کر خوب باریک پیسیں۔ ہم وزن سفوف مصری ملائیں، اور بقدر سات ماشہ ہمراہ پانی صبح و شام استعمال کریں۔

دھاتو پشت

نسخہ

ست گلو 2 تولہ طباشیر 2 تولہ دانہ الائچی خورد 2 تولہ اندر جو شریں 2 تولہ دانہ بیل خورد 2 تولہ پکھان بید 2 تولہ فوفل 2 تولہ مصطگی رومی 1 تولہ تخم بھنگ 1 تولہ سمندر سوکھ چھ ماشہ ثعلب مصری چھ ماشہ کشتہ مرگانگ 3 ماشہ کشتہ مرجان 3 ماشہ، کشتہ چاندی 3 ماشہ، کشتہ فولاد چھ ماشہ، نشاستہ 1 تولہ، کھانڈ ایک پاؤ، موٹی ادویہ کو کوٹ چھان کر کشتہ وغیرہ ملا لیں۔

خوراک

بقدر 6 ماشہ، صبح 6 ماشہ، شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

فوائد: یہ بے نظیر دوا مادہ منویہ کا گاڑھا کر کے منی کو مانند قوام حقیقی بناتی ہے بیس بیس سالہ پرانے جریان احتلام کو دور کرے مریض کو قدرتی امساک پیدا کرتی ہے، منی کی حدت اور رقت کو زائل کر کے مریض کو قابل اولاد بناتی ہے۔

معجزنما کھیر

نسخہ

موصلی سفید، ثعلب مصری ست اسپغول آرد سنگھاڑا، تخم ریحاں، مغز پستہ، مغز بادام ہر ایک تین ماشہ مصری بیکانیری 2½ تولہ، شیر گاؤ نیم سیر جملہ ادویات کو باریک پیس کر دودھ میں ملا کر بدستور معروف کھیر تیار کریں اور نوش فرمائیں۔

فوائد

یہ ایک معجزنما کھیر ہے۔ خدا بھی اور دوا بھی یہ پانی جیسی پتلی دھات کو شہد کی طرح گاڑھا کر کے جریان احتلام سرعت انزال کو نیست ونابود کر دیتی ہے قوتِ باہ کے شائق اس سے بہت کچھ مستفید ہو سکتے ہیں۔

اکسیر جریان واحتلام

نسخہ

پوست برگد 5 تولہ، مغز تخم املی، 5 تولہ تخم بدھارا، 5 تولہ کشتہ قلعی، 2 تولہ، طباشیر نقرہ دو تولہ دانہ الائچی خورد 2 تولہ، تخم دھتورہ 1 تولہ ریوند چینی 2 تولہ، کافور دیسی 6 ماشہ، افیون خالص 6 ماشہ سب ادویات کو شیر برگد میں خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر 4 رتی بنائیں، اور ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ استعمال کریں، جریان واحتلام کے لئے نہایت کامیاب اور پر اثر دوا ہے جس کی نظیر طبی دنیا میں چراغ لے کر ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل سکی۔

☆ ☆ ☆

نامرد کو ایک رات میں مرد بنانے والا طلاء

یہ تو نہیں کہا جا سکتا ہے کہ اس سے ہر قسم کا نامرد مرد ہو جاتا ہے البتہ بسا اوقات بہت سے شخص ایک ہی رات میں تندرست ہو جاتے ہیں اور پھر لطف یہ کہ دوا کے بنانے اور تیار کرنے میں کسی وقت کا سامنا کرنا نہیں پڑتا، بس کسی انگریزی دوافروش سے دوا لے کر رکھ لو اور وقت پر استعمال کرو۔

لائیکوار اہپی سٹیپی نس ایک انگریزی دوا ہے جو کہ سستی مل جاتی ہو بوقت ضرورت اس کی پھریری تر کر کے عضو مخصوص کی کمر پر محض اوپر کی جانب لگائیں، لگاتے ہی لگاتے خشک ہو جائے گا اس طرح پھر لگا دیں وہ بھی خشک ہو جائے گا۔ علی ہذا القیاس ایک بار پھر لگا دیں، یعنی تین دفعہ لگا کر سو رہیں، صبح عضو مخصوص پر ایک بڑا آبلہ یا دو آبلے نکلے ہوئے ملیں گے اس میں سوئی چبھو کر یا قینچی سے ذرا سی جلد کاٹ کر پانی نکال دیں اور اوپر باریک ململ کا کپڑا لپیٹ دیں، تا کہ پانی وغیرہ کو جذب کرے پھر آٹھ یا دس روز تک ویسلین سے زخم چپڑتے رہیں، یا گھی گرم کر کے لگاتے رہیں، سب جھلی دور ہو جائے گی اس سے بسا اوقات پہلی رات میں ہی انتشار ہوتا ہے۔

طلائے بے نظیر

نسخہ

چربی شیر، چربی ریچھ، روغن سانڈہ روغن دارچینی ولائتی روغن قرنفل ولائتی روغن ھانہ قرحا، روغن جائفل، روغن بیر بہوٹی، روغن زردی بیضہ مرغ، روغن مال کنگنی، روغن خراطین، روغن کچلہ روغن فاسفورس روغن جوہر ماہی، آٹے لین، مساوی الوزن ملا کر طلا بنائیں اور حشفہ وسیون چھوڑ کر استعمال کریں۔

فوائد

مخلوق کے لئے اکسیر ہے سستی کوتاہی اور ٹیڑھا پن وغیرہ کو دور کر کے نامرد کو مرد اور مرد کو مرد کامل بناتا ہے۔

کھدا کر شنگرف

شریمان مہاتما بشن گر بوری سنیاسی کا خاص نسخہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

دوسر ساہی شنگرف لا دو — ناریل کے ماہنہ رکھا دو
بیس سیر لے گوکا کھیر — جان میں رنچک ہوئے نہ نیر
ناریل کو مندروں کرد — تال کو لے دودھ میں دھرد
چولھے اوپر دے چڑہائے — تان کے تلے دے آگہن جلائے
اوئے بچے دودھ جل جائے — ناریل سے بھسم ہو جائے
ستیل کر شنگرف کو لے — رتی ایک روگی کو دے
ایہہ اوکھد بھتے گمن کرے — لگے بھوک ان کو ہرے
انو پان بھتے تو جان — سمجھ دیجئے وید یجان

تشریح

دوسر ساہی یعنی چار تولہ شنگرف رومی کی ڈلی لے کر ناریل کا ایک ٹکڑا اتار کر اس میں ڈال دیں اور ناریل کا منہ اچھی طرح سے سنپٹ کر کے گائے کے بیس سیر دودھ میں جس میں پانی کی ملاوٹ بالکل نہ ہو ڈالکر آگ پر چڑھا دیں، دودھ کو خوب جوش دیں اور کھولا دیں حتیٰ کہ دودھ اور ناریل جل جائے، بعد ازاں نکال کر جب سرد ہو جائے تو شنگرف کو باریک پیس کر رکھیں خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب اس سے بھوک لگتی ہے اور کھانا خوب ہضم ہوتا ہے اس کے طریق استعمال بہت سے ہیں، اسے عقل مند معالج سمجھ کر استعمال کریں۔ یعنی متوقع کے مطابق۔

یہ دوا کمزوری ناطاقتی درد کمر درد اعضاء، پرانی بلغمی کھانسی کیلئے مفید ہے اور بدن میں خون پیدا کرنے میں لاثانی ہے۔

کایا پلٹ گولیاں

یہ بے نظیر گولیاں قوت مردمی کیلئے نہایت الاثانی ولا جواب ثابت ہوئی ہیں بعض

طبیعتوں میں تو اس قدر جلد اثر دکھاتی ہیں۔ یہ ان ...
کے بڑھانے میں کمال درجہ کی مفید ثابت ہوتی ہیں، وہ لوگ جو جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے اپنے آپ کو تباہ و برباد کر چکے ہیں، ان جادو اثر گولیوں سے مکمل طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں، بالکل گئے گذرے ہوئے نامرد کو بھی ایک عرصہ کے استعمال سے کامل طور پر بیدار کر کے مرد بنا دیتی ہیں بھوک خوب لگاتی ہیں، دودھ، گھی بکثرت ہضم کرتی ہیں، خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ جس سے رنگ بدن سرخ اور خوبصورت ہو جاتا ہے غرضیکہ قوت مردی کے بڑھانے میں یہ ایک خاص چیز ہے جو بارہا تجربہ میں مفید ثابت ہو چکی ہے۔

نسخہ

کشتہ فولاد ایک تولہ ست لوبان چھ ماشہ کچلہ مدبر تین ماشہ طباشیر 2 ماشہ عنبر 1 ماشہ، مدبر تین مشک 1 ماشہ زعفران 4 ماشہ چند بیدستر 4 ماشہ جوہر سم الفار 1 ماشہ ورق طلاء 4 رتی ورق نقرہ 4 رتی، شنگرف مدبر ماشہ مرچ سیاہ 1 تولہ عقرقرحا چھ ماشہ جوزمائل تین ماشہ 1، اجوائن خراسانی چھ ماشہ سب کو باریک کر کے یک جان کریں اور شہد کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنادیں اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد

بے حد مقوی باہ ممسک مولد خون اور مایوس و ناکارہ مریضوں کے لئے بے حد مفید ترین دوا ہے۔

سٹیل ٹانک پلز

نہایت مقوی مبہی اکثر بار تجربہ میں آیا ہوا نسخہ ہے جو گم شدہ طاقت کے بحال کرنے میں اکسیر صفت ہے، اس سے پیدا شدہ تمام عوارضات سرعت جریان وغیرہ کا فوری خاتمہ ہو جاتا ہے تجربہ کیجئے اور چند ہی روز میں مطلوبہ طاقت عود کر آتی ہے جس سے انسان مکمل جوانمرد ہو جاتا ہے تجربہ کیجئے اور فائدہ اٹھائیں ...

فولاد شنگرفی، کشتہ شنگرف، کشتہ نقرہ کشتہ سہ دھاتہ، ست سلاجیت، مصفی ست برگ برگد، ست بھوپھلی ہر ایک ایک تولہ، ورق طلاء ایک ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک چار رتی، بم الفار 3 ماشہ سب کو خیساندہ کو کنار میں ایک دن کھرل کر کے دو رتی کی گولیاں بنائیں اور اوپر ورق نقرہ لگا کر محفوظ رکھیں نایاب چیز ہے خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام بعد از غذا دیں اور اوپر سے دودھ پلائیں گھی دودھ کا استعمال زیادہ ہونا چاہیے ایک ہفتہ میں ہی پورا فائدہ ہوگا۔

ایک ہی خوراک میں نامردی دُور

وہ بوڑھا آدمی جس نے حال ہی میں دوسری یا تیسری شادی کی ہو، خواہش جماع تو رکھتا مگر طاقت جمع نہ رکھتا ہو اور خود کو موقع و محل کے قابل نہ پاتا ہو اس کو لائیکو پوڈیم ہزار طاقت (ساختہ جرمنی) دو قطرے ایک اونس پانی میں ملا کر دیں تو تمام عمر میاں بیوی معالج کے دعا گو رہیں گے۔

مقوی باہ اسراری نسخہ

جس کی مداومت سے چار مردوں کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ جناب حکیم محمد عبداللہ صاحب روڑی اپنی مشہور عالم کتاب کنز المفردات میں فرماتے ہیں، اس نسخہ کے حصول کی کیفیت عجیب ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک شوقین مزاج شخص مندرجہ ذیل نسخہ کا روزانہ استعمال کیا کرتا تھا، چونکہ اس کی مداومت سے ناقابل برداشت قوت پیدا ہوئی اس لئے وہ اپنی شریک زندگی کے جذبہ شہوانیہ برانگیختہ کرنے کیلئے اسے بھی روزانہ استعمال کرایا کرتا تھا، جس کا لازمی نتیجہ روزانہ جماع کرنے کی صورت میں ظہور پذیر ہوتا رہتا تھا اور وہ دوائی کے طفیل سے ہنسی خوشی سے دن پورے کر رہے تھے، اور کارمرد کا جام زندگی لبریز ہو کر فرشتہ اجل کی ٹھوکر سے لڑھک گیا اور اس کی رفیقہ حیات تن تنہا در بدر کی ٹھوکریں کھانے کیلئے رہ گئی، چونکہ شہوت اس کی بہت زیادہ بھڑکی ہوئی

تھی، اس لئے اس نے چند دن بمشکل صبر کر کے کسی اور شخص کے دا...

بیمار کی ایک دو گھونٹوں سے کس طرح پیاس بجھ سکتی تھی، لاچار ہو کر اس سے رخصت حاصل کر کے کسی اور شخص کے چشمہ باہ سے اپنی کشت آرزو کو سیراب کرنے گئی، لیکن یہاں بھی سیری نہ ہوئی مگر چونکہ یہ تیسرا شخص نہایت خوبصورت تھا اس لئے اس سے جدا ہونے کو بھی دل نہ چاہتا تھا، اس لئے اپنے داغ مفارقت دے کر بھٹکتی چھوڑ جانے والے خاوند کا نسخہ اسے کھلانا شروع کر دیا اور وہ بہت ہی قلیل عرصہ میں اپنے دامن طلب کو گوہر مراد سے پر کرنے میں کامیاب ہو گئی، یہ وہی نسخہ ہے جو ہمارے محترم دوست حکیم عنایت اللہ خاں صاحب کی معرفت مکمل ہسٹری موصول ہوا ہے جو کہ بفرمان حکیم صاحب ذرا مرموز کلام میں سکھا دیا ہے تا کہ ہر وہ شخص جس کو مادہ تفکر ودیعت ہوا ہے سمجھنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

نسخہ

فارسی گدھا اور عربی مٹی کے درمیان ایک ہزار کی قیمت کا حرف رکھ دیں اور اس کو پیس کر روزانہ بقدر ایک ماشہ صبح و شام کسی سبزی یا گوشت میں ڈال کر کھلایا کریں اس کے متواتر ایک ماہ کھانے سے فوائد کا آغاز ہوتا ہے۔

اور تین ماہ کھانے سے چار مردوں کی قوت بدن میں ہو جاتی ہے۔

تشریح

حکیم صاحب موصوف نے یہ نسخہ مرموز کلام میں بتلایا ہے لیکن ہم اس کی تشریح کیے دیتے ہیں۔

بزبان فارسی گدھا، خر اور بزبان عربی مٹی یعنی طین، ایک ہزار کا حرف، عربی زبان میں ایک ہزار کیلئے الف استعمال ہوتا ہے چنانچہ خراطین ہوا۔

ایک بازاری عورت کا تحیر خیز کرشمہ

[illegible]: عالی جناب حکیم عبداللہ صاحب روڑی اپنی مشہور عالم کتاب کنز المفردات میں فرماتے

ایک شخص پر ایک بازاری عورت فریفتہ ہوگئی، مگر بوقت اس کو ناکارہ محض پایا مگر چونکہ شیطانی وشہوانی آگ بجز بدکاری کے فرو نہ ہو سکتی تھی، اس لئے اس نے حسب ذیل نسخہ کا استعمال شروع کرایا، جس سے سات ہی روز میں وہ بھلا چنگا ہو گیا اور پھر تمام عمر اس کی قوت مردانگی میں کمی نہ ہوئی مگر یہ نسخہ عریاں الفاظ میں پیش کرنے کیلئے قابل نہیں لیکن اس سے اکثر ناظرین کا دل دکھے اس لئے محض اپنے آپ کو بری الذمہ کرنے کیلئے دو حرف نسخہ صاف سکھا دیتا ہوں کہ اس نسخہ کو ہر گز ہر گز کسی عیاش شخص کو نہ کھلائیں، بلکہ صاحب ضرورت کو کھلائیں اور بس۔

نسخہ

کنجشک نر یعنی چڑا، ایک عدد لے کر اس کو ذبح کر کے اس کے پر و بال اڑا دیں پھر پیٹ سے تمام آلائش نکال کر کسی لکڑی یا سیخ پر لٹکا کر زرد زنبور کے چھتے کے نزدیک لے جائیں تاکہ زنبور اس کو خوب ہی کاٹیں اس کے بعد اس کو بدستور گھی وغیرہ میں رکھ بریاں کر کے مصالحہ میں بھون کر کھلاتے رہیں، اسی طرح سات روز استعمال کرانے سے نامرد مرد بن جاتا ہے۔

کایا کلپ

یہ بے نظیر دوا حکیم ڈاکٹر امراؤ علی پنشنر سب انسپکٹر پولیس امراؤتی کو ایک سنیاسی نے استعمال کرائی تھی۔ جس کا اثر بیس سال تک رہتا ہے چنانچہ صاحب موصوف نے اپنی فوٹو رسالہ حکیم حاذق گجرات میں چھپوائی ہیں، یعنی نسخہ کے استعمال کے وقت اور بیس سال بعد کی فوٹو ہیں، جن کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہے کہ استعمال نسخہ کے بیس سال بعد کی فوٹو تنومند ہے اور ضعیفی کے آثار نہیں نسخہ واقعی لاجواب ہے۔

نسخہ

بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب غسل کر کے صاف کپڑے پہن کر مغرب کی طرف منہ کر کے بھنگرہ سفید کو معہ جڑ پتے شاخ جس قدر چاہیں اکھاڑ لیں اس دوران میں کسی سے گفتگو نہ کریں مٹی وغیرہ صاف کر کے سایہ میں خشک کر کے ہاون دستہ میں باریک سفوف کر لیں اور کپڑ چھان کر کے

روغن گاؤ میں چرب کر کے ہانڈی گلی میں بھر کر آٹا گندم لگا کر کہ مٹی اندر نہ آسکے کھانا پکانے والے چولہے کے بیچ میں اتنا گہرا گڑھا کھود کر ہانڈی دبا کر اوپر مٹی ڈال دیں کہ ہانڈی کے اوپر سوا بالشت مٹی رہے پھر زمین برابر کر کے لیپ کر دیں اور چالیس یوم تک چولہے میں آگ جلا دیں، یعنی روٹی پکانے کے بعد بھی تھوڑی آگ ہر وقت رہے پھر نکال کر کسی فراخ برتن میں ڈال دیں، اور تین یوم کھلا رہنے دیں تا کہ حدت دور ہو جائے۔ دوا تیار ہے دو ماہ تک ہر روز علی الصباح تین ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھایا کریں، بیس دن کے بعد جسم پر خشکی نمودار ہوگی جو بعد ازاں خود بخود رفع ہو جائے گی ساٹھ یوم کے بعد دوا بند کر دیں غذا مرغن اور دودھ گھی استعمال رکھیں اس کا اثر بیس سال تک رہے گا، اگر بیس سال بعد پھر ایک دفعہ دو ماہ کھا لیں مزید بیس سال وہی حالت رہیگا۔

نوٹ: کھنگرہ کے پودے اُکھاڑنے سے پہلے دیکھ لیں اور اکھاڑتے وقت تک اللہ کا نام لیں۔

ممسک بے نظیر

مقوی اور ممسک بے نظیر گولیاں ہیں جو بکثرت مفید پائی گئی ہیں۔ یہ گولیاں وقت پر خاص کام دیتی ہیں ان کا متواتر استعمال سرعت انزال کی شکایت کو دور کر دیتا ہے اور پہلے سے کئی گنا طاقت پیدا کر دیتا ہے۔

نسخہ

ریگ ماہی، قرنفل، مایہ شتر اعرابی جند بیدستر، بیر بہوٹی جائفل، عقر قرحا ہر ایک 3 ماشہ، تخم انجبار، مرکیا، کونین ہر ایک ایک ماشہ مشک عنبر، مازو یا مرداریدکشتہ فولاد کشتہ طلاء، کشتہ شنگرف ہر ایک دو ماشہ مومیائی خالص قنب مدبر ہر دو ایک ماشہ ہر دو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ہلا کر روغن بلسان و شہد سے کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

نشاطین

قوت باہ کے بڑھانے اور امساک پیدا کرنے میں یہ بے نظیر گولیاں واقعی اسرار سے ہیں، جو لوگ امساک کے اکثر خواہش مند رہا کرتے ہیں اور پھر بھی اپنی دلی مراد کو نہیں پہنچتے وہ اس لاجواب نسخہ سے دلی مدعا پورا کر سکتے ہیں، اس کے استعمال سے امساک کی طاقت کئی گناہ بڑھتی ہے وقت پر بھی پورا، فائدہ اٹھا سکتے ہیں، علاوہ ازیں قوت باہ کے بڑھانے میں بھی یہ گولیاں کافی فائدہ دیتی ہیں، دودھ، گھی خوب ہضم ہوتا ہے لاجواب دوا ہے۔

نسخہ

سم الفار سفید بلوری ایک تولہ کو پندرہ منٹ تک کھرل کر کے عرق گلاب دو آتشہ میں پھر پندرہ منٹ کھرل کر کے.......... عرق ٹکیہ بنالیں اور سایہ میں خشک ہو جائے تو ایک سکورہ گلی زرد میں نیچے اوپر تولہ تر سفوف دار چینی رکھ کر درمیان میں ٹکیہ رکھ دیں اور دوسرے سکورہ سے ڈھک کر کپر وٹی کر کے خوب سکھالیں، پھر آٹھ انگل اونچے چولہے پر رکھ کر نیچے دو لکڑی بیری کی جو انگلی بھر موٹی ہوں چراغ کی لو کی طرح جلائیں حتیٰ کہ ایک سیر پختہ لکڑی ختم ہو جائے سرد ہونے پر کھول کر دار چینی کھرچ کر سم الفار نکال لیں گہرے خاکی رنگ کا کشتہ ہوگا، اس کو کھرل کر کے رکھ لیں اب کشتہ بالا تیار ایک تولہ شدھ پارہ ایک تولہ افیون خالص 9 ماشہ لیں پہلے افیون میں دس تولہ پانی ڈال کر پکائیں۔

جب تین تولہ رہ جائے اتار کر چھان لیں پھر ہر سہ اشیاء کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا افیون کا پانی ڈال کر کھرل کرتے رہیں، جب پارہ کی چمک بالکل نہ رہے مسور کے برابر گولیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کریں اکسیری نسخہ تیار ہے جو قوت باہ کے بڑھانے اور امساک پیدا کرنے میں نہایت لاجواب ہے صرف امساک کے لئے دو تین گھنٹہ وقت سے پہلے ایک دو گولی دودھ سے کھالیں اگر پیاس معلوم ہو تو صرف دودھ پی لیں...... انشاء اللہ کافی سے زیادہ امساک پیدا ہوگا، طاقت بدنی کے لئے ایک، گولی صبح ایک شام دودھ سے کھالیا کریں، صرف ایک ہفتہ میں وہ طاقت پیدا ہوگی جس کی ہر شخص کو خواہش ہوا کرتی ہے۔

کام کلول

جاوتری جائفل بھنگ افیم پنجواں حرمل میل حکیم

رس دھتورہ سنگ گھوٹا دو آدھی انسے کھانڈ لا دو

ماترا دودھ کے سنگ کھلا دو کسی ہوں بہتی کسے گھٹا دو

راکھے بھگ میں بند کو اس میں مائیں وارو درویش حکم کیا کرے جان وید نہ بوجھے بھاؤ

تشریح: جاوتری جائفل بھنگ افیم حرمل پانچوں اشیاء کو ہم وزن لے کر دھتورے کے رس میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو تمام اشیاء سے نصف حصہ کھانڈ ملا کر رکھیں۔ مقدار خوراک ڈیڑھ ماشہ حسب مزاج برداشت کم وبیش دیویں اس کے کھانے سے بلا شک وشبہ ہو درویش حکیم کیا کر سکتا ہے اگر معالج مطلب نہ سمجھ سکے۔

بسی کرن

شریمان مہاتما بشن گر پوری سنیاسی کی بیاض کا خاص نسخہ

جے چاہیں ناری بس ہوئے بن دیکھے تیرے نہ کرے

بناموں داسی ہوئے تیری سمجھ ورت ایہہ اوکھدی میری

ساون بھادوں کے کیڑے جوئے باہر دل ٹول لیا دوسوئے

گوکا گھی تکڑ کر ڈال مٹھی اگھن پرکاری سنبھال۔

جد کیڑے چنگے سڑ جاتہہ اگنی تھیں لاہ ہٹھاں تانہہ

کیسر بھیم سینی کافور تنے گھی میں ڈال ضرور

چنگی طرح گھوٹ کر چھان ورتن دی ایہہ ہدبہہ تو جان

رنجک لیپ لنگ سرلاوے کرے بھوگ ناری من بھاوے

تشریح

اگر عورت کو فدا کرنا مطلوب ہو تو یہ دوائی استعمال کرو۔ بیر بہوٹی ایک حصہ لے کر گائے کے تین گنا گھی میں مدہم آنچ پر پکاؤ جب جل جائیں تو اسے آگ سے اتار کر اسی وقت گرم گرم گھی میں زعفران اور بھیم سینی کافور ڈال دیں پھر ان تمام اشیاء کو اچھی گھوٹ کر صاف کپڑے سے چھان لو اور بحفاظت رکھو، بوقت ضرورت تھوڑا سا روغن حشفہ پر لگا مشغول ہوں عورت فریفتہ ہو گی۔

وہ ملذذ نسخہ جو فریق ثانی کو فرط لذت سے بے ہوش کر دیتا ہے۔

طلائے ملذذ

نسخہ

عروسک 1½ ماشہ خراطین مصفیٰ 1½ ماشہ دار چینی 1½ ماشہ، بالچھڑ 1½ ماشہ زعفران 1½ ماشہ جائفل 1½ ماشہ جاوتری 1½ کپور کچری 1½ ماشہ کافور 1½ ماشہ کستوری 3 ماشہ عطر گلاب 6 ماشہ عطر روسہ چھ ماشہ عطر حنا 6 ماشہ عطریات کے سوا دیگر ادویہ کو کئی روز تک کھرل کریں، حتیٰ کہ اس قدر باریک سفوف تیار ہو جائے کہ سرمہ کی طرح آنکھ میں ڈالا تو بھی چبھے نہیں اب اس سفوف میں عطریات شامل کر کے کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک

مباشرت سے پندرہ منٹ پیشتر 4 رتی تک کی مقدار میں یہ دوا لے کر اس کی مالش کریں۔

افعال

منزل اس قدر ہے کہ ایک ہی مرتبہ کی .... میں فریق ثانی کئی بار انزال ہو جاتا ہے۔

اکسیر سیلان الرحم

نسخہ

گل پستہ، گل سپاری، صمغ ملاس، ثعلب مصری ہر ایک دو تولے موصلی سنبل، موچرس، مازو، مصطگی رومی، گل ارمنی دانہ الائچی خورد، کہربا شمعی، یشب سبز کشتہ سنگ جراحت ہر ایک ایک تولہ کشتہ پوست بیضہ مرغ 1½ تولہ کشتہ مرجان چھ ماشہ کشتہ قلعی 9 ماشہ سب دواؤں کو کوٹ کر سفوف بنائیں اور تین ماشہ صبح وشام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: پرانے سے پرانے سیلان الرحم کو تھوڑے ہی عرصہ کے استعمال سے نیست ونابود کر دیتا ہے استحاضہ کے خون کو جلد بند کر دیتا ہے۔

تریاق سیلان الرحم

نسخہ

کشتہ مرگا نگ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ مرجان ہر ایک چھ ماشہ، کندر ایک تولہ، ریش برگد سایہ میں خشک شدہ 3 تولہ پھٹکری بریاں 9 ماشہ جملہ ادویات کو خوب کھرل کر کے اس میں پوٹاشیم برومائیڈ 1 تولہ، ٹینک ایسڈ چھ ماشہ کیلگ ایسڈ 6 ملا لیں اور بقدر 3 ماشہ صبح وشام پانی سے کھلائیں۔

اکسیر نسوانی

نسخہ

طباشیر عمدہ 4 تولہ دانہ الائچی خورد 2 تولہ دم الاخوین دو تولہ سمندر سوکھ 2 تولہ کشتہ

فولاد ایک تولہ کشتہ مرجان 1 تولہ، کشتہ تین ماشہ سرمہ سیاہ شدہ 4 ماشہ سرمہ سیاہ کو لیموں کے رس میں گھوٹ کر شدہ کر لیں پھر سب کو ملا کر سفوف بنا دیں۔

مقدار خوراک

بقدر 1 ماشہ، ہمراہ مکھن بالائی، حلوہ مربہ آملہ مربہ ہڑی یا دودھ وغیرہ استعمال کرائیں۔

فوائد

جریان الرحم، سیلان الرحم سوزش، رحم کی خون، ضعف جگر وغیرہ کو دور کر کے عورت کو خوبصورت اور سرخ بنا دیتی ہے۔

شربت رفیق نسواں

جو عورتوں کی تمام پوشیدہ امراض کو دور کرنے کیلئے اکسیر ہے۔

نسخہ

شکاعی، بادآورد برنجاسف افسنتین، عنب الثعلب خشک شاہترا، چرائتہ، گل منڈی، سر پھوکہ، تخم خربزہ، نیم کوفتہ تخم خیارین نیم کوفتہ خارخسک نیم کوفتہ ہر ایک دو تولہ قند سفید، سوا ہر ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکوئیڈ 2½ تولہ، قند سفید تک پہلی تمام چیزوں کا ایک بوتل عرق نکالیں پھر اس میں قند سفید ملا کر شربت کا قوام تیار کریں، اس کے بعد ایکسٹریٹ ارگٹ لیکوئیڈ آدھی چھٹانک لے کر اس شربت میں خوب اچھی طرح سے ملا دیں اور محفوظ رکھیں بس شربت اکسیر نسواں تیار ہے۔

ترکیب استعمال

حسب ضرورت پانی ملا کر صبح وشام ایک تولہ کی مقدار میں یہ شربت استعمال کریں۔

فوائد

عورت کے پوشیدہ اعضاء سے تعلق رکھنے والے تمام امراض کیلئے یہ شربت اکسیر کا حکم رکھتا ہے، سیلان الرحم ورم رحم اختناق الرحم، ضعف رحم اندام نہانی کی خارش، پیشاب کی زیادتی

ایام ماہواری کا رک رک کر آنا اور درد سے آنا، حمل کا قرار نہ پانا اور قرار پانا تو اسقاط ہو جانا وغیرہ وغیرہ تمام نسوانی شکایات اس کے استعمال سے اس طرح دور ہو جاتی ہیں جیسے ایک طاقتور فوج کے سامنے کمزور فوج کے سپاہی تتر بتر ہو جاتے ہیں، غرضیکہ یہ ایک لاجواب شربت ہے۔ پوشیدہ امراض نسوانی کے لئے لاثانی خواص کا حامل ہے۔

رحمت نسواں

رحم کی جملہ امراض کمزوری رحم، انجماد خون، رحم کا ٹل جانا الٹ جانا قلت حیض عادت اسقاط بانجھ پن غرضیکہ جملہ امراض نسوانی کیلئے چوٹی کی دوا ہے۔ کم عمر نوجوان مستورات کیلئے مایہ ناز نہیں بلکہ مایہ رحمت ہے۔

نسخہ

الٹریز فیری نوسا مدر ٹنکچر یا 3x طاقت کا جیسی کہ صورت مرض ہو لیا جائے۔ ٹنکچر کے تین سے پانچ قطرے مندرجہ بالا کا ایک قطرہ یا دو قطرے دو گھونٹ پانی میں ڈال کر صبح وشام رات کو سوتے وقت پلا دیں، استعمال دوا سے نصف گھنٹہ پہلے اور بعد میں کوئی چیز حتیٰ کہ حقہ اور پان نہ کھائیں اور نہ کسی قسم کی خوشبو استعمال کریں۔

حب مفید النساء

یہ بے نظیر دوا عورتوں کی ان تمام شکایتوں کے لئے مفید ثابت ہو چکی ہے جن کا تعلق رحم اور خون کے ساتھ ہو، ایک ماہ کے متواتر استعمال سے پرانی سے پرانی شکایت کا دور کر دیتی ہے خون کا کم یا زیادہ آنا وقت بے وقت آنا اور تکلیف سے آنا وغیرہ میں اس کا استعمال جادو اثر رکھتا ہے۔

نسخہ

کچلہ مدبر چھ ماشہ رسوت 1 تولہ، ست صبر زرد 1 تولہ، کشتہ فولاد چھ ماشہ، زعفران چھ ماشہ زعفران چھ ماشہ حلتیت چھ ماشہ، اجوائن خراسانی 1 تولہ، ایکسٹریکٹ بیلاڈونا تین ماشہ ارکوٹین 1 ماشہ پوٹاشیم برومائیڈ 1 تولہ کو تین ماشہ شہد کی مدد سے بقدر نخود گولیاں بنائیں، اور ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

حیض کشا بتیاں

جن سے بند ماہواری فوراً جاری ہو جاتی ہے۔

نسخہ بندال ڈوڈہ، لوٹہ بجی، لونگ، مصر اصلی، بیخ حنظل، شنگرف ہر ایک تولہ تولہ، مشک خالص، زعفران ہر ایک 6 ماشہ سب کو خوب باریک پیس کر تین دن رگڑائی کریں، بانس کی گول سیخیں تیار کر کے ان کے اوپر ماچس کی بتیوں کی طرح لگائیں، اور احتیاط سے رحم کے اندر داخل کرائیں، حیض کو جاری کرے اور رحم کا منہ کھولنے کیلئے، بے نظیر شیاف ہے احتباس الطمث خواہ دس سال کا ہو، مجرب ہے۔ حاملہ عورت استعمال نہ کرے ورنہ اسقاط حمل ہوگا، عورت کو دودھ دہی گھی خوب کھلائیں۔

کثرت حیض کی جادو اثر دوا

کثرت حیض کی بڑی لاجواب اور مجرب دوا ہے جس کے استعمال سے خون کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا دریا ایک دم رک جاتا ہے نہایت ہی آسان نسخہ ہے۔

نسخہ: گندم سرخ گرم توے پر ڈال کر کوئلہ بنالیں اور برابر وزن کھانڈ ملا کر باریک کر لیں اور شیشی میں حفاظت سے رکھیں پس دوا تیار ہے۔ بوقت ضرورت چھ ماشہ دوا پانی سے دیں دو خوراکوں میں شفا کلی حاصل ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

اکسیر کثرت طمث

نسخہ افیون صاف کی ہوئی پکائی ہوئی، ایک تولہ رسونت خالص صاف کی ہوئی پکائی ہوئی

5 تولہ کسی صاف کھرل میں ڈال کر لیموں کے رس انار دانہ کے رس یا کھٹکل بوٹی کے رس میں ایک گھنٹہ کھرل کر کے نصف نصف رتی کی گولیاں بنا لیں بس لاجواب اکسیر تیار ہے۔

استعمالات:

(1) جب خون حیض بکثرت آتا ہو اور کسی طرح سے بھی نہ رکتا ہو تو اس لاجواب اکسیری دوا کی ایک ایک گولی تین تین چار چار گھنٹہ کے وقفہ سے چاول کے دھون (چاول کا پانی) سے دیں چند ہی گولیوں سے خون رک جائے گا، مکمل فائدے کیلئے افاقہ ہونے کے بعد بھی چند گولیاں اور کھلائیں۔ (2) حمل گرتے وقت، اس کی چند گولیاں کھائی جائیں تو خواہ کس حد تک خون بھی کیوں نہ جاری ہو چکا ہو تو گرتا ہوا حمل خوراک رک جاتا ہے۔ حسب موقعہ پندرہ پندرہ منٹ یا آدھ آدھ گھنٹہ بعد چند گولیاں اگر گرمی کا موسم ہو تو شربت صندل یا چاول کے دھون سے دیں۔ (3) دستوں کے لئے خصوصاً جب خون آتا ہو اور پیچش سدی نہ ہو یا سدی ہو تو پہلے ارنڈی کا تیل دے کر سدہ دور کر لیا گیا ہو تو یہ گولیاں اکسیر ثابت ہوتی ہیں، چاول کے دھون سے ہر تین گھنٹہ بعد جیسا موقعہ ہو دینی چاہئیں (4) آنکھیں دکھتی ہوں تو آنکھوں میں یہ دوا گلاب کے عرق میں گھس کر ڈال دیں، جلد فائدہ ہوگا۔

عالی جناب حکیم خواجہ غلام جیلانی صاحب رئیس امرتسر کا معمول مطب۔

نسخہ

بابڑنگ 2 تولہ، بائو کھنبہ 2 تولہ سمندر سوکھ 2 تولہ، تخم سلیارا 1 تولہ، تخم حلبہ ایک تولہ، مغز بادام ایک تولہ، ہر دو اجوائن تولہ تولہ، بیخ مونگا 1 تولہ کشمش 1 تولہ منقی ایک تولہ نمک سیاہ 3 ماشہ سب کو پیس کر اور کشمش منقی اور شہد ملا کر شیاف تیار کر لیں اور رکھائیں رحم میں جس قدر فضول مادہ ہوگا معہ درد دور ہوگا، رطوبت اور گندہ پانی خارج ہو جائے گا۔ درد جاتا رہے گا، فوراً تسکین ہوگی، اور عورت حاملہ ہو جائے گی۔

اکسیر درد رحم وورم رحم

نسخہ

نمک سیاہ 2 تولہ بابڑنگ 2 تولہ، باؤ کھمبہ 1 تولہ دانہ مکو 2 تولہ زرنباد 1 تولہ تجی 1 تولہ، شراب برانڈی وشہد بھی شیافے بنا کر استعمال کریں، پندرہ منٹ میں تڑپتے ہوئے مریض کو تسکین ہوتی ہے ورم رحم و درد رحم کے لئے اکسیر ہے سلابت ورحم کو دور کرتی ہے اور ادرار حیض کرتی ہے یہ نسخہ تعریف کا محتاج نہیں دس سال سے میرے تجربہ میں ہے اور کبھی خطا نہیں کیا، حکماً فائدہ کرتا ہے۔

دوائے ورم الرحم

جناب حکیم خواجہ غلام جیلانی صاحب رئیس امرتسر کا جگر پارہ

نسخہ

بابڑنگ، باؤ کھمبہ، زرنباد، مکو مساوی پیس چھان لیں اور سبز مکو کے پانی میں تین پوٹلیاں بنائیں، درد کو فوری تسکین ہوگی۔

یہ نسخہ مختصراً اور سہل ہونے کے باوجود نہایت مؤثر اور بے خطا ہے درد سے تڑپتا ہوا مریض فوراً آرام پاتا ہے۔

اکسیر معین حمل

(عطیہ وید راج پنڈت اچنت رام وید شاستری)

یہ ایک بے نظیر دوا ہے جس کے استعمال سے بانجھ عورت کو حمل ٹھہر جاتا ہے۔

نسخہ

دارھی پیپل خشک 1 تولہ، ناگ کیسر 1 تولہ شیولنگی کے بیج 1 تولہ دانہ الائچی خورد 1 تولہ تخم بھنگ چھ ماشہ کھانڈ دیسی 1 تولہ، سفوف بنائیں اور اس سفوف کی تیس پڑیاں بنالیں اور ایک پڑیہ روزنہ نہار منہ ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

فوائد

حمل کے قرار پانے کیلئے اکسیر الاثر اور لاثانی دوا ہے جس کے استعمال سے سینکڑوں بے اولاد صاحب اولاد ہو چکے ہیں۔

معجون دافع عقر

جناب حکیم سید علی اکبر صاحب آزاد کا معمول مطب نسخہ

یہ معجون عقر (بانجھ پن) کے علاج میں نہایت کامیاب اثر دکھاتی ہے۔

نسخہ

قلب الحجر 2 تولہ، برادہ عاج بہمن سرخ بہمن سفید تودری، سفید دار چینی ہر ایک 6 ماشہ، قاقلہ ایک تولہ جملہ اشیاء کو سفوف کر کے شہد کف گرفتہ میں معجون بنائیں، اور بعد حیض بقدر چھ ماشہ بوقت صبح ہمراہ دودھ دیا کریں۔

دروزہ کا شاہی نسخہ

یہ نسخہ ایک ایسے صاحب قسمت کا ہے جو کہ محض یہی ایک علاج کرتا تھا چونکہ تھا بڑا جید الاثر اس لئے اس کو بڑے بڑے راجہ مہاراجہ اور نواب بلوایا کرتے تھے اور وہ اس کی بدولت شاندار اور امیرانہ زندگی بسر کرتا تھا۔

بڑی بے انصافی ہوگی، اگر میں ڈاکٹر ایس سے جے رائے صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں جن کے توسل سے مجھے یہ بے بہا نسخہ حاصل ہوا۔

نسخہ

شورہ قلمی 3 ماشہ، زعفران 3 ماشہ، عرق گلاب 5 تولہ، میں حل کر کے گرم کر کے پلائیں، امید ہے کہ فوراً کامیابی ہوگی ورنہ پندرہ منٹ کے بعد پھر دیں۔

فوائد

اس سے نہ صرف یہ کہ بچہ آسانی سے پیدا ہوتا ہے بلکہ پرسوت کا بخار بھی دور ہو جاتا ہے نیز یہ رحم کی غلاظت کو فوراً باہر نکال دیتا ہے۔

مردہ بچہ نکال دینے والا بے نظیر نسخہ

آئے دن بیماری سے بیگناہ مستورات اس مصیبت میں گرفتار پائی جاتی ہیں۔ جج، وکیل، پروفیسر دولت مند طبقہ لیڈی ڈاکٹروں کو بڑی بڑی فیسیں دے کر علاج کراتے ہیں اور اپنی ناک رگڑتے ہیں، اور اس نازک وقت گریہ وزاری سے التجا کرتے ہیں نرس لیڈی ڈاکٹر صاحب سے بھی کچھ نہ بنا تو سول سرجن صاحب کو بلایا جاتا ہے۔ حسب منشاء نوٹ بھی دیئے جاتے ہیں، مگر سول سرجن صاحب بھی گھر کی ملکہ کا پیٹ ٹٹول کر سخت لہجہ میں کہتے ہیں، اجی اسے فوراً ہسپتال لے چلو، آپریشن کیس ہے۔ اگر خدانخواستہ آپریشن قابلیت سے نہ ہوا تو مریضہ ختم پیسہ ہضم، مگر نئی روشنی کی چکا چوند میں آندھے بن کر چلنے والوں کو ذرا بھی ہوش نہیں آتی کہ ذرا پڑوسی حکیم صاحب کو بلوا کر مشورہ تو لے لیں۔ تعجب کہ ان کی چار پیسے کی جڑی بوٹی سے گھر کی ملکہ بغیر آپریشن بچہ نکال دے آیئے سریع الاثر نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔

نسخہ

اکاس بیل تازہ پوست املتاس نیم کوفتہ ہر ایک ایک تولہ پوست اخروٹ نیم کوفتہ، ایک تولہ سب کو عرق گلاب خالص چھ چھٹانک میں جوش دیں یہاں تک کہ عرق صرف تین چھٹانک رہ جائے پھر اس میں زعفران خالص بڑھیا 4 رتی ملا کر بتات سفید سے شیریں کر کے [illegible]یں۔

اکسیر اٹھرا

یہ محترمہ انچ نجم النساء بیگم صاحبہ طبیبہ شاہدرہ لاہور کا معمول مطب نسخہ ہے جس کے متعلق آپ فرماتی ہیں کہ: یہ ایک ایسا کامیاب اور مفید نسخہ ہے جس کے متعلق میں نے بہت فائدہ حاصل کیا ہے اس کے طفیل سینکڑوں گھر آباد ہو چکے ہیں، ایسی عورتیں جن کو اسقاط کا عارضہ ہو یعنی حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیدا ہونے کے چند دنوں یا چند ماہ بعد فوت ہو جاتا ہو ان کیلئے یہ نسخہ نعمت خداوندی ہے۔

نسخہ

زعفران کشمیری 1 تولہ گل سرخ صاف شدہ 1 تولہ زیرہ سفید 1 تولہ، برگ تلسی چار تولہ، جائفل 4 تولہ برگ گل عباسی 2 تولہ، طباشیر 1 تولہ، ورق نقرہ چھ ماشہ مشک خالص 3 ماشہ جاسکو 1 تولہ، ان تمام اشیاء کو خوب اچھی طرح باریک سفوف کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور حمل قائم ہونے کے تین ہفتہ تک روزانہ ایک گولی صبح ایک گولی شام کھلایا کریں جب بچہ پیدا ہوئے تب اس گولی سے روزانہ مسور کے دانہ برابر دوا کاٹ کر بچہ کو ماں کے دودھ میں رگڑ کر کھلایا کریں۔ خدا کے فضل و کرم سے ماں کی گود ہری بھری رہے گی۔

نرینہ پلز

یہ واقعی عجیب شے ہے اس کی قیمت جتنی بھی رکھی جائے کم ہے۔
الغرض یہ نسخہ ہزاروں میں سے ایک لاجواب اکسیری نسخہ ہے جن لوگوں کے گھر لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوتی ہوں اس کے استعمال سے اکثر لڑکا پیدا ہوتا ہے۔

نسخہ

ٹکیہ پر مور (مور کے پروں پہ جو چاند کا نشان معلوم ہوتا ہے، ایک ٹکیہ مشک عنبر چھ چاول کستوری چھ چاول، تخم بھنگ 2 تولہ، قند سیاہ کہنہ 2 تولہ، جملہ ادویات کو یک جان کر کے تمام

مجموعہ کی 24 گولیاں بنائیں، اور حمل کے دوسرے ماہ کے بعد تیسرے ماہ کے آغاز میں جبکہ اعضاء بننے شروع ہوں تو روزانہ ایک گولی صبح نہار منہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ جوشیدہ استعمال کرائیں۔

اکسیر ہسٹیریا

نسخہ

ایتھر سلف 3 ڈرم، ایتھر کلورل 2 ڈرام ٹنکچر ایسافٹیڈا، ایک ڈرام ٹنکچر ویلرین ایمونی سائی تین ڈرام برومائیڈ تین ڈرام ٹنکچر کیمفر 1½ ڈرام، ایکوا کلوروفارم 9 ڈرام سب ادویات کو ملا کر چھ خوراکیں بنالیں اور بوقت دورہ ہر تین گھنٹہ کے بعد ایک خوراک استعمال کریں۔

فوائد

یہ مرض ہسٹریا کے لئے نہایت لاثانی و تیر بہدف دوا ہے کیسے ہی شدید دورے پڑ رہے ہوں مریضہ اپنے آپ سے باہر ہو جاتی ہو چیخنے، چلانے اور کپڑے پھاڑنے لگتی ہو تو اس دوا کی پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ مرض خواہ کتنا ہی پرانا ہو اس دوا کے استعمال سے تندرستی مل جاتی ہے۔

گرائپ مکسچر

پوٹاشیم بائی کارب ایک سو چالیس گرین، پوٹاشیم برومائیڈ ایک سو چالیس گرین، آئل اینی تھائی آٹھ منم، آئل اینی سائل آٹھ منم گلوکوز ڈی دو انس، گلیسرین خالص پانچ اونس سپرٹ ریکٹی فائڈ دو انس، کلوروفارم واٹر پچیس اونس، آئلز کو ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں حل کریں اور باقی دو ادویہ کو کلوروفارم واٹر میں پھر دونوں کو باہم ملا کر ایک جا کرلیں، گرائپ مکسچر تیار ہے کام میں لائیں۔

مقدار خوراک

ایک ماہ سے کم عمر کے بچے کو نصف ٹی سپون فل ایک ماہ سے چھ ماہ تک کے بچے کو ایک ٹی سپون فل چھ ماہ سے ایک سال تک دو ٹی سپون فل ایک سے دو سال تک دو سے تین ٹی سپون فل۔

افعال

یہ مکسچر بچوں کو موٹا تازہ اور طاقتور بناتا ہے دانت نکلنے کے زمانے میں کوئی بیماری نہیں ہونے دیتا، نیز قے، دست بدہضمی، اپھارہ، پیچش، قبض پیٹ درد، ہلکا بخار، کالی کھانسی وغیرہ۔ امراض کے دفعیہ کیلئے بہت مفید ہے۔

حب عود صلیب

یہ جناب عبدالوہاب صاحب انصاری کا خاص الخاص نسخہ ہے۔ جس کو موصوف نے بڑے بڑے والیان ریاست اور امراپر استعمال کر کے ہزاروں روپے حاصل کیے۔ حکیم صاحب موصوف کے معرکۃ الاراء معالجات اور مخصوص مجربات کی تمام ہندوستان میں دھوم مچی ہوئی ہے یہ گولیاں بھی انہیں مخصوص مجربات میں سے ہیں جن کیلئے زمانہ متلاشی ہے۔

نسخہ

عود صلیب، جند بیدستر، مشک ہرایک 4 سرخ حلتیت، گاؤچن، زعفران ہر ایک 3 سرخ آب برگ سداب 7 سرخ آب برگ کریلہ 7 سرخ تمام دوائیں باریک پیس کر پتوں کے پانی میں حل کر کے کچھ گولیاں باجرے کے برابر اور کچھ رائی کے برابر بنا رکھیں۔

مقدار خوراک

چھ مہینہ تک کی عمر کے بچے کو چھوٹی گولی اور اس سے بڑے بچے کو بڑی گولی رات کو سوتے وقت کھلائیں یہ مقدار خوراک اس صورت میں ہے جبکہ مداومت کے طریقہ پر چھ سات مہینہ روزانہ دیں اور دورۂ مرض کی حالت میں دو دو گھنٹہ کے فاصلہ سے از نصف شب تا نصف النہار ایک ایک گولی دیتے رہیں اور دوسری ترکیب یہ کریں کہ گولیاں بنانے سے پہلے پسی ہوئی دوا ایک ایسے موتی پر جو لمبائی کی طرف مائل ہو لیپ کر کے سکھائیں اور اس گولی کو مولود کی ناف میں کر اس طرح

فوائد

جس کی اولاد ام الصبیان (مرگی) میں مبتلا ہو کر فوت ہو جاتی ہے یا مبتلا ہونے کی استعداد اور کہتی ہو انہیں چاہئے کہ یہ گولیاں تیار کر کے ان پر مداومت کریں اور ان کا معجز نما اثر دیکھیں انہیں دورہ کی حالت میں دینے سے ام الصبیان کے دورے بند ہوتے ہیں، اور مداومت کرنے سے استعداد مرض جاتی رہتی ہے اور پورے طور پر صحت ہو جاتی ہے۔

بچوں کے نمونیا کی لاثانی دوا

یہ دوا مجھے کسی دوست سے ملی تھی اس کے فوائد کا بیان قلم کی طاقت سے باہر ہے اس کو بچوں کے نمونیا کے لئے تریاق کہیں تو مبالغہ نہ ہوگا۔ یہ سو فیصدی کامیابی بخشنے والی دوائی ایک نعمت غیر مترقبہ ہے جو قدرت نے انسان کی زندگی بچانے کیلئے پیدا کی ہے۔ اگرچہ کمیاب ہو مگر نایاب نہیں شملہ کے قریب اور جوار رام پور شہر کے علاقہ میں یہ اکسیر بے نظیر پیدا ہوتی ہے اور اس کو وہاں کے لوگ "پنڈلی" کے نام سے پکارتے ہیں۔ کبھی کبھی پہاڑی لوگ شملہ کے پنساریوں کے پاس بھی اس کو فروخت کر جاتے ہیں ان دوکانداروں سے دستیاب ہو جایا کرتی ہے پہاڑ کے لوگ اس کو شدید کھانسی پسلی کے درد نمونیہ اور زکام وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں، میں نے اس اکسیر بے نظیر کو بچوں کے علاوہ جوان اور بوڑھوں پر بھی آزمایا ہے، جوانوں اور بوڑھوں کے نمونیہ پر بھی اثر کرتی ہے، لیکن بچوں کے نمونیہ سے کم اثر کرتی ہے مگر فائدہ ضرور بخشتی ہے مگر بچوں کے نمونیہ، ڈبہ، پسلی چلنا، وغیرہ کیلئے تو اکسیر کا کام دیتی ہے، یہ علاوہ بچوں کے نمونیہ کے مردوں عورتوں کی عام کمزوری تھکان ہاتھ پاؤں کی سردی اور دل کی دھڑکن وغیرہ کو بھی دور کرتی ہے۔

پنڈلی کی پہچان

یہ مبارک دوائی سیاہی مائل نسواری رنگ کی ہلدی کی مانند گانٹھیں سی ہوتی ہیں، ذائقہ شیریں ملیٹھی کی مانند ہوتا ہے۔

طریقہ استعمال

دوائی مبارک کو نہایت باریک پیس کر بقدر نصف رتی تا ایک رتی دن میں تین چار

مرتبہ اور دوا ایک مرتبہ رات میں دے سکتے ہیں، پانچ تولہ پانی کسی کٹوری میں ڈال کر آگ پر
چڑھائیں اور جب وہ چوتھا حصہ رہ جائے یعنی سوا تولہ رہ جائے تو اس میں سے ایک چمچہ پانی لے
کر دوائی گھول دیں اور بچے کو پلا دیں، بقیہ پانی بھی اوپر سے پلا دیں خراب سے خراب حالتوں
میں پہنچے ہوئے جاں بلب مریض بچے بھی اس مبارک دوائی کی تین چار خوراکوں سے اچھے ہو
جاتے ہیں، جب دیکھیں کہ مریض کو افاقہ ہونا شروع ہو گیا ہے تو اس کی خوراکوں کی تعداد کم
کرتے جائیں۔

اکسیر دق اطفال

نسخہ

زرورد گل سرخ، کچور، زعفران، تخم الائچی سبز، مغز زیرہ سفید، صندل سرخ، صندل
سفید، مرچ سیاہ، زہر مہرہ خطائی، عود صلیب، درخت پیپل کی ڈاڑھی، پوست سنگدانہ مرغ اندرونی
مقشر سہاگہ بریاں، سب ادویات ہم وزن لے کر باریک کر کے ملا لیں اور ان کو ایک یوم عرق
گلاب میں کھرل کریں، پھر دوسرے روز آب کیلہ اور تیسرے روز عرق کیوڑہ بید مشک میں کھرل
کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بچے کی والدہ کے شیر میں حل کر کے اسے استعمال کرائیں، اور اس کی
والدہ کو بمقدار دانہ نخود ہمراہ شیر بز تازہ صبح و شام استعمال کرائیں سوا ماہ میں بچہ شفایاب ہوگا۔

عجوبہ

اکثر اوقات پیدا ہوتے ہی بچہ روتا نہیں، سارا جسم سبز سا ہوتا ہے، ایسی حالت میں
دائیاں بچہ کو مردہ بتلا دیتی ہیں، اس طرح کئی بچے زندہ ہوتے ہوئے بھی ہماری ناواقفیت سے زیر
خاک کر دیئے جاتے ہیں۔ لیجئے آج ایک راز سے پردہ کا انکشاف کئے دیتا ہوں اگر اللہ کو منظور ہے
اور زندگی کے سانس اسے لینے ہیں تو آپ اس حیرت انگیز دوا کی دھونی اس بچہ کو دلوا دیں، حکم ربی
سے جسم کی سبزی دور ہو گی، بچہ رو دے گا اور ماتم والے گھر میں ایک بار خوشی کی لہر دوڑ جائے گی۔

نسخہ

کیلومل مشہور ایلو پیتھک دوا ہے جو اکثر جلاب میں استعمال ہوتی ہے اور انگریزی دوا فروشوں سے عام دستیاب ہے کنڈوں کی آگ کو کوئلوں پر رکھ کر صرف نصف ماشہ بھر دوا سے بچے کو فوراً دھونی دلوا دیں اور بس۔

مرہم مسیحائی

یہ مرہم ہر قسم کے زخموں، پھوڑے، پھنسیوں حتیٰ کہ ناسور اور گھمبیر وغیرہ کو چند یوم میں بفضل ایزدی اچھا کرتی ہے۔

نسخہ

تلوں کا تیل، السی کا تیل ایک پاؤ موم آدھا چھٹانک بیروزہ ڈیڑھ چھٹانک، سیندور نصف چھٹانک زنک اوکسائیڈ (کشتہ جست انگریزی) ایک تولہ، بورک ایسڈ 1 تولہ، مردار سنگ 1 تولہ، نیلا تھوتھا چھ ماشہ، سٹرونیلا آئل، چھ ماشہ یوکلپٹس آئل 1 تولہ، پہلے تیل کو کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر نرم آنچ پر رکھیں اور اس میں ایک پیاز جو ایک چھٹانک سے کم نہ ہو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈال دیں جب پیاز جل جائے تو نکال کر نچوڑ کر پھینک دیں اب اس تیل میں بیروزہ و موم ڈال کر آگ میں پگھلائیں، جب بیروزہ و تیل و موم ایک ہو جائیں تو نیچے برتن اتار کر یکے بعد دیگرے سب چیزیں ڈال کر لکڑی کے ڈنڈے سے خوب گھوٹیں (جو چیزیں کھرل کرنے کی ہیں، پہلے کھرل کر کے رکھ لی جائیں) جب تمام چیزیں حل جائیں تو سٹرونیلا آئل و یوکلپٹس آئل ملا دیں اور ڈبیوں میں بھر لیں۔

فوائد

گندے زخموں پھوڑے، پھنسی ناسور گمبھیر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

عجیب وغریب مرہم

نسخہ

برگ گل، برگ چرائتہ، برگ بکائن رتن جوت، ہر ایک ایک تولہ کوڑی زرد سوختہ چھ ماشہ، کاربالک ایسڈ تین ماشہ، یوکلپٹس آئل 1 تولہ روغن تارپین 1 تولہ رسکپور 2 رتی، کافور 2 ماشہ، بورک ایسڈ 6 ماشہ ایڈوفارم 2 ماشہ روغن سرسوں 10 تولہ ویزلین 10 تولہ پہلی تینوں اشیاء کو قدرے پانی میں گھوٹ کر نغدہ سا بنائیں اور روغن سرسوں میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں جب نغدہ مذکور جل کر سیاہ ہو جائے تو اتار کر ل چھان کر اور بقیہ تمام اشیاء شامل کر کے کونڈی ڈنڈے سے خوب حل کریں مرہم تیار کریں، حسب دستور استعمال کریں۔

افعال

ہر قسم کے پھوڑے، پھنسیاں خارش کان کے زخم آتشک کے زخم سوزاک کی جلن اور زہریلے جانوروں کے کاٹے کیلئے فوری اثر پیدا کرنے والی عجیب وغریب مرہم ہے۔

ناسور کا اعلیٰ نسخہ

حکیموں سے پوشیدہ نہیں کہ ناسور کا علاج کرنا کس قدر مشکل ہے۔ مگر حسب ذیل نسخہ سے اللہ کے فضل وکرم سے نہایت سہولت اور آسانی سے ناسور چند روز میں بھر کر بالکل دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ

نیم کی نمولی پانچ تولہ، مسور پانچ تولہ کافور 2 تولہ تینوں کو باریک پیس کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں اور اس تیل میں فی تولہ کے حساب سے تین ماشہ کاربالک ایسڈ ملا دیں بس روغن اکسیر ناسور تیار ہے۔

ترکیب استعمال

اس روغن میں صاف ململ کے کپڑے کی گدی تر کر کے ناسور کے منہ پر رکھا کریں،
انشاء اللہ چند یوم میں زخم بالکل دور ہو جائے گا۔ ہاں اگر زخم زیادہ گہرا ہو تو بجائے گدی رکھنے
کے بتی بنا کر اسی روغن میں تر کر کے زخم کے اندر رکھا کریں اس سے شروع میں تو پیپ
وغیرہ بہت نکلا کرے گی، اس سے نہ گھبرائیں کیونکہ اسی طرح زخم کی صفائی ہو کر آہستہ آہستہ بھرتا
چلا جائے گا یہاں تک کہ بتی اندر داخل ہونے سے رہ جائے گی۔ اس وقت گدی کو تر کر کے رکھا
کریں، یہ ناسور کا کامل اور مکمل علاج ہے۔

کاربنکل لوشن

یہ لوشن بہت مفید اور مقبول ہے کاربنکل پر لگانے سے بغیر آپریشن مواد نکلتا رہتا ہے
اور آخر اسی سے زخم اچھا ہو جاتا ہے۔

نسخہ

بورک ایسڈ ایک تولہ بلیچنگ پوڈر ایک تولہ دونوں کو گرم شدہ پانی میں حل کر کے بوتل
میں ڈالیں تاکہ 12 چھٹانک کی بوتل پر لوشن سے پر ہو جائے، زخم کے برابر چار پانچ تہہ کپڑا
اس میں تر کر کے صبح و شام زخم پر لگائیں۔ بہت جلد آرام ہو گا، بعض اوقات اس کو ذرا تیز بنانے
کیلئے اس میں ایک دو ماشہ نیلا طوطیا بھی حل کر دیتے ہیں۔

سنیاسیوں کا تحفہ

جو کہ برص جذام، آتشک، ناسور، بھگندر وغیرہ کی اکسیری دوا ہے۔

نسخہ

رس کپور 4 تولہ، دار چکنا 3 تولہ، شنگرف 2 تولہ سم الفار سفید 1 تولہ، ہڑتال ورقیہ قسم اعلیٰ
[illegible] سیماب مصفیٰ 7 ماشہ، توتیا سبز زنگار، مردار سنگ، سونا مکھی، نوشادر ہر ایک چھ ماشہ ان تمام

ادویہ کو ایک پہر اندرائن کے پانی میں کھرل کر کے خشک کریں اور پھر دو کورے پیالوں میں بند کر کے ان کے لب مٹی سے اچھی طرح بند کر دیں اور مٹی کے خشک ہو جانے کے بعد اس کو چولہے پر رکھیں اور نیچے ایک پہر تک نرم نرم آگ جلائیں، کھدر کے کپڑے کی چار تہہ کر کے پانی سے تر کر کے اوپر والے پیالے کے اوپر رکھ دیں، تا کہ وہ جوہر جو اوپر اڑ کر لگے گا جل کر ضائع نہ ہو جائے، ایک پہر آگ جلا کر موقوف کر دیں اور پھر سرد ہونے پر احتیاط سے جوہر اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک

یہ جوہر بقدر ایک چاول باریک کاغذ میں پڑیہ باندھ کر مکھن یا بالائی میں اس پڑیہ کو لپیٹ کر نگلوا دیں۔

افعال

برے سے برے اور پرانے سے پرانے زخم ناسور گھمبیر برص جذام آتشک خنازیر، پر وجع المفاصل وغیرہ کیلئے اکسیر کا حکم رکھنے والا جوہر ہے جبکہ کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو اس سے بفضلہ تعالیٰ پہلے ہی روز فائدہ ہوگا۔

خارش کا ایک روزہ علاج

اس میں یہ فائدہ ہے کہ صرف ایک دفعہ لگانے سے ہی آرام ہو جاتا ہے۔ اور دوسرے علاج کی ضرورت نہیں پڑتی۔ نقص یہ ہے کہ اس کی بو اچھی نہیں ہے اور بعض اوقات جسم پر جلدی دانے نکل آتے ہیں جو کہ چند روز میں اچھے ہوتے ہیں۔

نسخہ

ویسلین 250 گرین، لیٹولین 250 گرین ان میں پٹاس پولی سلفائیڈ اٹی گرین اور پانی 250 گرین اچھی طرح سے ملا لیں اور اس میں زنک اوکسائیڈ گرین، پٹرولیم لیکوئیڈ 70 گرین ملا دیں، مریض کو گرم پانی اور صابن سے خوب نہلائیں، اور سر کو چھوڑ کر تمام

بدن پر یہ مرہم لگا دیں رات کو اسی طرح سے سو جائیں تا کہ اس دوا کے اثر سے کپڑوں سے بھی زہر مر جائے اور دوسرے روز صابن سے بدن کو خوب صاف کریں اور مرہم کو بالکل صاف کر دیں ایک روز میں ہی فائدہ ہو جائے گا۔

اکسیر خارش

پارہ گندھک پیس گھوڑا دو بجلی دونوں گھوٹ بنا دو
نوشادر سوہاگہ میل رنچک نیلا تھوتھا میل
گو کے مکھن سنگ لادو سے کھرک چھدر سب روگ ہٹا دے

تشریح

پہلے پارہ گندھک کو کھرل کر کے کجلی بنا دو بعد ازاں نوشادر اور سوہاگہ ملا کر پیسو، اس کے بعد بالکل تھوڑا سا نیلا تھوتھا ملا کر خوب کھر کر کے کپڑ چھان کر لو، اور گائے کے مکھن میں حل کر کے خارش خشک و تر کیلئے استعمال کراؤ، یہ دوائی ہماری آزمودہ ہے سخت سے سخت خارش کو ایک ہفتہ کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے۔

ہدایات

تمام اشیاء سوائے نیلا تھوتھا کے ہم وزن ڈالیں نیلا تھوتھا ½ حصہ ڈالیں اگر گائے کے مکھن کو سو مرتبہ پانی سے دھو کر پھر دوائی ملا کر استعمال کی جائے تو اس کا اثر کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ دوائی لگانے کے بعد کم از کم چھ گھنٹہ تک غسل نہیں کرنا چاہیے اس کے بعد صابن وغیرہ مل کر گرم پانی سے دوائی دھو ڈالنی چاہیے اور دن میں کم از کم دو مرتبہ لگانی چاہیے یہ دوائی خارش کے علاوہ داد کے لئے بھی مفید ہے لیکن داد پر ابرا استعمال کرنے کیلئے اس دوائی کو عرق گلاب سے تر کر کے بڑی بڑی گولیاں بنانی چاہئیں اور لعاب دہن سے گھس کر لیپ کرنا چاہیے چند دنوں کے استعمال سے داد دور ہو جائے گی۔

کندن

یہ بے نظیر دوا خون کو صاف کر کے جسم کو کندن بنا دیتی ہے، انگریزی سارسپرلا وغیرہ سے بدر جہا بہتر اور مفید ہے۔

نسخہ

گندھک آملہ سار چھ ماشہ، روغن گاؤ آٹھ تولہ اوّل گندھک کو آب افتیمون سے دھو لیں پھر کر چھے میں ڈال کر گرم کریں۔ پگھل جائے کو شیر گاؤ ڈالیں گندھک تہہ نشین ہو جائے گی۔
گندھک مصفی 5 تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، دار چینی خورد 1 تولہ، مصطگی رومی 1 تولہ برگ نیم دو تولہ نگند بابری 2 تولہ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ مصری ایک تولہ سفوف بنالیں اور ایک ماشہ بوقت صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

افعال

اعلیٰ درجہ کی مصفی دوا ہے جس کے مقابلہ میں تمام ادویہ ہیچ ہیں۔

سفوف مصفی خون

بگڑے خون کو صاف کرنے والا یہ مایہ ناز نسخہ، سینکڑوں مریض جن کے تمام بدن آبلہ سے بھرے پڑے تھے یا خارش سے لہولہان رہتے تھے ان کو یہ دوا استعمال کرائی گئی، اور صرف پانچ خوراکوں سے ہی تمام آبلے خشک ہو گئے، بلکہ اس کی ایک ہی خوراک سے بسا اوقات اتنا فائدہ ہوا جتنا سارسپریلا کی کم از کم دس خوراکوں سے ہو سکتا ہے۔

نسخہ

شورہ قلمی 8 تولہ گندھک موصلی 8 تولہ گیرو 8 تولہ، پارہ مصفی چھ ماشہ پہلی تین چیزوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر جدا جدا رکھیں پھر گندھک باریک شدہ کسی بڑی سی لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر

کوکلوں کی آگ پر رکھیں جب گندھک پگھل کر تیل کی طرح ہو جائے تو اس کے اندر پارہ ڈال کر کسی تنکے وغیرہ سے ہلا دیں وہ خود ہی سیاہ رنگ کا ہو کر گندھک میں مل جائے گا، پھر شورہ ڈال دیں، جب شورہ بھی نرم ہو کر مل جائے تو گیرو ملا کر کسی چمچے وغیرہ سے خوب ملائیں، اور سرد ہونے پر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں تیار ہے۔

مقدار خوراک

تین ماشہ سے چھ ماشہ تک بوقت صبح سرد پانی سے دیں۔

تریاق مار گزیدہ

جو بیسیوں سال کی کوشش سے بخل کی کوٹھری سے نکالا گیا۔

یہ نسخہ عالی جناب حکیم مولوی عبداللہ روڑوی کے سینہ کا راز ہے جس کے متعلق آپ فرماتے ہیں۔

ہمارے قصبہ کے قریب ایک موضع ممتا مالو کا ہے وہاں ایک میاں لوہار رہتے تھے۔ ان کو ایک سادھو سنیاسی، سانپ کاٹے کا تریاق بتا گئے جو کہ دراصل معمولی جڑی بوٹیوں سے گولیوں کی شکل میں تیار کیا جاتا تھا۔ چنانچہ اس لوہار نے اس کو بنا کر آزمایا بالکل درست پایا، چونکہ نسخہ واقعی تریاق اعظم تھا بہت جلد اس تریاق کا ڈنکہ گردونواح میں بجنے لگا، اور وہ لوہار اس کا کامل معالج مشہور ہو گیا، حتی کہ اسے ہر سال ڈھیر گولیاں بنانی پڑتی تھیں ایسی بڑی تکلیف اور اس کا حد سے زیادہ موثر نسخہ دیکھ کر لوگوں نے اس نسخہ کا طالب ہونا ہی تھا چنانچہ متعدد لوگ اس نسخہ کے طالب ہوئے، مگر واہ رے بخل تیری ہمہ گیری بخل نے اس لوہار کو اپنا مطیع بنا لیا کہ میرے ماموں صاحب جو کہ اس کے خاص دوست اور تمام گاؤں کے حکیم و مولوی تھے ان کے بار بار مطالبہ کرنے پر بھی نسخہ کا اظہار نہ کیا کچھ عرصہ کے بعد لوہار فوت ہو گیا، مگر نسخہ کو کسی کے سامنے پیش نہ کیا ہاں البتہ اپنے بیٹے کو بتا کر تاکید کر گیا، کہ تم بھی میری تقلید کرنا، مگر خوش قسمتی ہے یا بدقسمتی کہ وہ کسی موقعہ پر میرے ماموں کے آگے کسی طرح نسخہ کا اظہار کر بیٹھا۔ علی ہذا القیاس میرے ماموں صاحب نے جبکہ میں طبی پریکٹس کرنے لگا مجھے بھی بتا دیا اور ساتھ ہی اخفا میں رکھنے کی تاکید کر دی۔

دیسی ایم بی 693 (نسخہ)

کشتہ شاگوزن ست لوبان، ہر ایک چھ ماشہ، سوڈا سیلی سلاس انٹی فیبرین دار چینی دانہ الائچی کلاں، زنجبیل، پپلا مول ہر ایک ایک تولہ سب کا سفوف بنائیں، اور بقدر 3 ماشہ، شہد میں ملا کر ہر چار گھنٹہ کے بعد استعمال کریں، نمونیہ وغیرہ کیلئے ایم، بی 693 سے زیادہ مفید ہے۔

ایم بی 693 کا بدل (نسخہ)

مرغی کا انڈا، ایک عدد لے کر ایک سال تک محفوظ رکھیں اور بقدر ایک یا دو ماشہ یا مویز منقیٰ میں ملا کر گرم پانی یا کسی دیگر مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں، اور خدا کے فضل سے فوری فائدہ دیکھیں۔

فوائد

نمونیہ، ذات الجنب کے لئے نہایت لاجواب دوا ہے اور ایم بی 693 کی گولیوں سے بدرجہا بہتر ہے۔

دیسی پینی سلین (نسخہ)

وکرانتا، بھسم دو تولہ ست ابرک، دو تولہ شدھ گندھک دو تولہ، شدھ پارہ دو تولہ پہلے پارہ کو نمک سک اور ست ابرک کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں جب کھرل ہو جائے گا تو کاڈلیور آئل، مچھلی کا تیل، شامل کر کے کیچڑ سا بنالیں اور اس کو سمپٹ کر کے چار اُپلوں کی آگ دے کر گندھک اور ابرک کی راکھ اڑا دیں یہ شدھ مادہ اب آگ پر نہیں اُڑ سکتا، اب نرملی 4 تولہ، پارہ 2 تولہ کو گھیکوار کے رس میں آٹھ روز زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں اور اس کو 4 سیر اپلوں کی آگ دیں، پھر دوبارہ ایک دن کھرل کر کے چار سیر اپلوں کی آگ دیں، تیسری مرتبہ ایسا ہی کریں دیسی پینی سلین تیار ہے، جو ولایتی پینی سلین کی طرح سینکڑوں امراض کا قلع قمع کرتی ہے۔

دیسی سلفا گناڈین (نسخہ)

گندھک آملہ سار، مصفیٰ چھ ماشہ پارہ مصفیٰ چھ ماشہ، سنگدانہ مرغ، ایک تولہ، رال مصفیٰ 1 تولہ سب کو کھرل کر کے دو، دو رتی کے قرص بنالیں، اور ایک قرص صبح ایک شام ہمراہ پانی دیں، ہر قسم کی پیچش اور سنگرہنی کے لئے نہایت مفید ہے۔

سپیازول کی مقابلے کی دیسی دوا (نسخہ)

رسکپور 10 ماشہ، دار چکنا چھ ماشہ، سندھور، نمک سانبھر ہر ایک 4 ماشہ سب کو کھرل میں باریک کریں، پھر سولہ پہر تک شیر بز میں کھرل کر کے سفوف تیار کریں اور بقدر ایک رتی ایک تولہ مکھن میں ملا کر بوقت صبح استعمال کریں، اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون ہے۔

سلفی ٹرون کے مقابلے کی دیسی دوا (نسخہ)

کشتہ طوطیا سفید، ریٹھے والا، بیخ ستیاناسی سائیدہ، ہم وزن لے کر دونوں کو اچھی طرح کھرل کر کے ایک ایک رتی کے کیشوں میں بھر لیں اور اس کیپشول کو مکھن یا گھی سے نگل لیں، جذام کیلئے نہایت مفید ہے۔

این ای بی انجکشن کا بدل (نسخہ)

رسکپور دار چکنا سم الفار، ہر ایک ایک تولہ، شراب برانڈی قسم اوّل پانچ تولہ میں کھرل کر کے جوہر اڑا لیں اور ایک چاول سے دو چاول تک مویز منقیٰ کا دانہ نکال کر جوہر مذکورہ رکھ کر بند کر کے اس طرح نگل جائیں کہ دانتوں پر دانہ نہ لگے آتشک کے لئے اکسیر ہے خصوصاً تنقیہ کے بعد بہت مفید ہے۔

دیسی کلورل ہائیڈریٹ

کلورل ہائیڈریٹ طب جدید، کی بہت مشہور و معروف دوا ہے جو تسکین تخدیر اور تنویم کیلئے بکثرت مستعمل ہے۔ لیکن یہ دوا مضعف قلب بھی ہے، بسا اوقات اس کو استعمال کرنے والے دائمی استراحت حاصل کر لیتے ہیں، ہماری دیسی طب میں اس کے بجائے بر شعشا ایسی مفید بے ضرر دوائیں موجود ہیں، نیز یہ نسخہ بھی کلورل ہائیڈریٹ کا ہم پلہ اس سے زیادہ بے زیاں ہے۔

نسخہ:

قلمی شورہ، 10 تولہ، جوکھار عمدہ 4 تولہ نوشادر دیسی 1 تولہ، سب کو باریک پیس کر رکھ دیں برگ بھنگ ایک تولہ اجوائن خراسانی، تخم کاہو، تخم دھتورہ ہر ایک مکدہ 5 تولہ کشنیز خشک صندل سفید ہر ایک 3 تولہ سب کو نیم کوب کر کے عرق گلاب عرق گاؤ زبان، ایک بوتل آب شیریں 4 سیر میں رات کو بھگو دیں، صبح نہایت نرم آگ پر پکنے دیں، جب دو سیر پانی باقی رہے

خوب مل کر چھان لیں اور اس میں مندرجہ بالا شورے والا سفوف ڈال کر مٹی کے صف اور کھلے برتن میں پکائیں، حتیٰ کہ تمام پانی خوب جذب ہو کر دوا خشک ہو جائے اسے باریک پیس کر شیشی میں نمی وغیرہ سے بچا کر رکھیں تمام امراض میں اس کو دو سرخ سے چار سرخ دیں۔ جہاں تخدیر اور تنویم کی سخت ضرورت ہو ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک استعمال کریں اس کو گلاب، کیوڑہ، گاؤزبان بید مشک، وغیرہ کے عرق میں حل کر کے دینا چاہیے یہ مسکن تخدیر منوم ہونے کے باوجود کلورل ہائیڈریٹ کی طرح دل کو کمزور نہیں کرتی، کیونکہ اس میں مقوی ومفرح قلب اجزاء شامل ہیں۔

دیسی کلوروفارم

عرصہ سے تلاش تھی کہ کوئی ایسی دیسی دوا دستیاب اور دریافت ہو جائے کہ جس سے عمل جراحی میں جیسا کلوروفارم وغیرہ اثر مدہوشی ظاہر ہو اور نقصان سے بھی مبرا ہو، بڑی کوشش کے بعد مندرجہ ذیل نسخہ ملا ہے جو مفید اور بے ضرر ہے۔

نسخہ

پوست خشخاش، اجوائن خراسانی خشخاش سیاہ، تخم کاہو، تخم دھتورہ ہر ایک بقدر تین تین تولے لے کر چھ رطل وتین سیر پانی میں پکائیں، جب پانی 2 رطل باقی رہ جائے تو اس میں غلہ گندم بقدر 2 تولہ تر کر کے سکھا لیں، پھر بدستور پانی میں جوش دے کر تر کر کے خشک کریں، اسی طرح سات بار کریں اور سکھائیں پس بوقت عمل وضرورت بقدر 2½ ہمراہ پانی کھلائیں۔

کلوروفارم کا بدل (نسخہ)

افیون خالص 12 رتی، چرس تخم بھنگ، بیخ لفاح تخم دھتورہ، تخم کاہو، ہر ایک 2 رتی سب کو پیس کر پانی میں ایک رات بھگو دیں اور طلوع آفتاب کے وقت جوش دیں جب آدھا پانی رہ جائے تو کپڑے سے چھان کر پھر دوسری بار اس پانی میں اوپر والی اشیاء بھگو دیں، صبح کو جوش دے کر چھان لیں اس طرح تین دفعہ کریں، پھر اس میں تخم برمہ 15 عدد ملائیں، جب تخم تمام پانی جب جذب کرے تو خشک کر کے پیس لیں اور قوی جوان کو بے ہوش کرنے کیلئے 8 رتی کھلائیں۔

برمہ ایک قسم کی گندم ہوتی ہے جسے دیوانی گندم یا مست بنا دینے والی گندم کہتے ہیں، اس نسخہ میں اس کا تخم مطلوب ہے۔

ہوش میں لانے کی دوا

جند بیدستر، فرفیون، زنجبیل ہر سہ مساوی صلایہ کر کے کسی نلکی کے ذریعہ اس شخص کے ناک میں پھونکیں تاکہ چھینکیں آکر ہوش میں آجائے، بعدازاں اگر اس کے ناک میں قدرے سرکہ ٹپکادیں تو بہت جلد بے ہوشی دفع ہوگی۔

کوکین کا بدل

جس جگہ چیر پھاڑ کرنی ہو وہاں یہ دوا لگائیں درد نہ ہوگا۔

نسخہ

افیون 1 ماشہ، قلمی شورہ 9 ماشہ عقرقرحا ایک تولہ نوشادر 2 تولہ پانی سرکہ ہر ایک تین تولہ سب کو پیس کر پانی اور سرکہ میں کھرل کریں اور ملالیں، یہ بے نظیر دوا کوکین سے بدرجہا بہتر ثابت ہوئی ہے۔ جو حضرات اسے تیار کر کے استعمال کریں گے، وہ یقیناً کوکین کو بھول جائیں گے۔

برانڈی کا بہترین بدل (نسخہ)

سرکہ انگوری 20 تولہ، زعفران 3 ماشہ، قرنفل 2 ماشہ، افیون 4 رتی، شہد 5 تولہ، سرکہ اور شہد ملا کر دیگر دواؤں کو پیس کر ملالیں اور آگ پر دو تین جوش آنے کے بعد اتار کر سرد کر کے چھان لیں، خوراک ایک دو اور چار قطرے تک مناسب بدرقہ یا پانی سے دیں۔

فوائد

مقوی اور مسکن درد ہے۔ نمونیہ ضیق النفس اور وجع المفاصل و دیگر تمام سرد امراض کیلئے برانڈی کے کسی فعل سے کم نہیں۔

برومائیڈ کے مقابل کی جڑی بوٹی

طب جدید میں برومائیڈ نہایت قوی مسکن و منوم دوا تسلیم کی جاتی ہے اور اس کے مختلف مرکبات اختناق الرحم، صرع، رعشہ، ام الصبیان وغیرہ تشنجی امراض میں مشتمل ہیں، طب قدیم میں اس کے مقابلہ کی دوا ''چھوٹی چندن'' ہے یہ ایک بوٹی ہے، جو بہار اور بنگال میں عام طور پر ملتی ہے، یہ نہ صرف برومائیڈ کے مقابلہ کی چیز ہے، بلکہ اس سے بہتر ہے کیونکہ اس سے برومائیڈ کی

طرح زیادہ استعمال سے مضرت نہیں پہنچتی، اور اس سے بدرجہ غایت تسکین ہوتی ہے، فوراً نیند آجاتی ہے اور جنون میں خصوصیت سے مفید ہے یہ ذیل کے طریق پر استعمال کی جاتی ہے۔

چھوٹی چندن حسب ضرورت مع برگ و بار خشک کر کے اور باریک پیس کر رکھ لیں اور بوقت ضرورت بقدر 2 ماشہ عرق گاؤزباں یا سادہ پانی کے ہمراہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد: مسکن، منوم، صرع جنون اور اختناق الرحم میں نافع ہے۔

یونانی کونین (نسخہ)

چرائتہ ایک تولہ افسنتین ایک تولہ، برگ نیم ایک تولہ اتیس 6 ماشہ بیخ تمر 3 ماشہ برگ چیل ایک تولہ ان سب اجزاء کو کوٹ چھان کر مثل غبار کر لیں۔

خوراک

آٹھ تا 24 رتی۔

فوائد

ملیریا یعنی موسمی بخاروں کیلئے مفید ہے۔

سنکونا کا بدل (نسخہ)

مندرجہ بالا یونانی کونین ایک تولہ، وتت 1 تولہ، شیر مدار ایک تولہ ان کو باہم اچھی طرح کھرل کر کے رکھیں۔

خوراک

½ رتی تا 4 رتی مکسچر حبوب اور سفوف استعمال کریں۔

نوٹ: یہ بغیر تیزاب (ایسڈ) پانی میں حل نہیں ہو سکتی۔

کونین برومائیڈ کے مقابلے کی دوا

پھٹکری ایک تولہ، نوشادر 3 ماشہ، کافور 3 ماشہ، پانی یونانی کونین 1½ تولہ، افیون ایک ماشہ، آب بھنگ 10 تولہ، بھنگ کے نچوڑے ہوئے پانی میں حل کر کے آگ کے اوپر رکھ کر پکائیں اور چوتھائی رہنے پر اسے فلٹر، مقطر کر کے خشک کر لیں، خوراک 2 رتی تا 8 رتی۔

کنین (ارسطو کونین) کا بدل (نسخہ)

مندرجہ بالا یونانی کونین 2½ تولہ گاؤ دنتی 2½ تولہ آب بھنگ سبزہ 5 تولہ، آب دھتورہ سیاہ، 5 تولہ، سب ادویات کو اکٹھا پیس کر دو چار ٹکیہ بنا کر آگ پر رکھ کر شگفتہ کر لیں۔

خوراک

1 رتی تا 4 رتی دودھ یا شیرینی میں ملا کر بچوں اور نازک مزاجوں کو دے سکتے ہیں۔

کونین آرسنیاس کے مقابلے کی دوا (نسخہ)

مندرجہ بالا یونانی کونین 4 ماشہ، ہڑتال ورقی 3 ماشہ، سم الفار 1 ماشہ، کتھ 1 ماشہ شیر مدار یا گھیگوار یا آب نیم میں اچھی طرح کھرل کر کے باجرے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک

1 گولی 4 گولی کچھ کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد

اس کو پرانے ملیریا، بخار و دیگر امراض اور مرکب بخار میں دیا جا سکتا ہے۔

دیسی کونین سلفیٹ (نسخہ)

چرائتہ ایک پاؤ افسنتین 1 پاؤ، برگ نیم 1 پاؤ، اتیس 5 تولہ، بیخ تمر ایک پاؤ گندم ایک سیر سب دواؤں کو کوٹ کر 5 سیر پانی میں بھگو دیں اور گندم کو دلیہ کر کے باریک سوراخ دار پارچہ میں پوٹلی بنا کر دواؤں کے برتن میں ڈال دیں، دس بارہ یا بیس دن کے بعد اس میں عفونت آ جائے گی جب گندم نشاستہ کھینچنے کے قابل ہو جائے تو پوٹلی کو نکال کر خوب زوردار ہاتھوں سے ملیں اور چھان کر دھوپ میں خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: 1 رتی تا 2 رتی۔

فوائد

ملیریا یعنی موسمی بخاروں کیلئے نہایت مفید ہے مرکب تپوں میں بھی اکسیر ہے حابس اور مصفی خون ہے۔

ایسانوفیل کے مقابلے کی دوا

پیپل کے درخت کی چھال کو خوب باریک کوٹ کر پانی میں ڈالیں اور ہلکی آنچ پر گرم کریں، جب خوب کڑھ جائے تو اسے صاف کپڑے میں نچوڑ کر سایہ میں رکھ دیں جب پانی بہت تھوڑا رہ جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنالیں یہ دوا ملیریا کے لئے کونین سے بڑھ کر مفید ثابت ہوئی ہے۔

دیسی اسپرین

جس سے بہت تھوڑے عرصہ میں دردسر اور بخار دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ

کشتہ ہڑتال گئودنتی، جو شیر مدار میں تیار کیا گیا ہو دس تولہ، شورہ قلمی 2 تولہ جوہر لوبان 1 رتی، سب ادویات کو اچھی طرح کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اور 4 رتی سے ایک ماشہ تک استعمال کرائیں، اسپرین اور فنسٹین کے ہم پلہ دوا ہے۔

اسپرین کا بدل (نسخہ)

پھٹکری سفید 5 تولہ لوبان کوڑیا، 5 تولہ دارچینی 5 تولہ سب کو جوکوب کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔

مقدار خوراک

2 رتی سے 4 رتی تک ہمراہ آب گرم یا چائے۔

فوائد

سردرد نزلہ، بخار کو دور کرتی ہے، پسینہ خوب لاتی ہے اسپرین کا بدل ہے۔

ہندوستانی اسپرین

اسپرین کھانے سے درد تو بے شک دور ہو جاتا ہے لیکن دل کو یہ کمزور کر دیتی ہے مگر یہ ہندوستانی اسپرین دل کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتی اور دردسر پندرہ منٹ میں شرطیہ دور ہو جاتا ہے، اطبائے کرام کو یہ نسخہ بنا کر ہر وقت اپنے مطب میں رکھنا چاہیے، نہایت کم خرچ بالا نشین ہے۔

نسخہ

اصلی بچھا مول، باریک پیس کر رکھ لیجئے، یہی دیسی اسپرین ہے۔

ترکیب استعمال

یہ ہے کہ دو ماشہ سفوف میں دو ماشہ شکر ملا کر پھنکائیں اور اوپر سے گرم دودھ پلائیں، پندرہ منٹ میں دردسر دور ہو جائے گا۔

کیفین اسپرین کا بہترین بدل

سفید پھٹکری کو لے کر ناگر موتھے کے کاڑھے میں کھرل کریں اور سکھالیں اسی طرح سات مرتبہ تر اور خشک کریں اس کے بعد حسب معمول کشتہ کرلیں، گرمی کے موسم میں عرق گلاب کے ساتھ اور سردیوں میں دودھ کے ساتھ ایک ایک رتی کی مقدار میں کھلائیں۔

فوائد

دردسر خواہ کسی وجہ سے ہو پہلی ہی خوراک میں یا دوسری خوراک میں دور ہو جاتا ہے۔ کیفین اسپرین کا بہترین بدل ہے۔

فنسٹین طبیہ

جو انگریزی فنسٹین کے مقابلے میں تیار کی گئی ہے۔ دل کو کمزور کرنے کی بجائے طاقتور بناتی ہے۔ ہر وقت رہنے والے لازمی بخاروں، تیز باری سے آنے والے بخاروں کیلئے بمنزلہ تریاق ہے۔

نسخہ

ہڑتال گئودنتی کو کیکر کے نغدہ کے اندر رکھ کر ٹاٹ میں لپیٹ کر 40 اپلوں میں کشتہ کرلیں سفید تریاق پھولی ہوئی برآمد ہوگی، پیس کر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

ترکیب استعمال

ایک سرخ دوا ہمراہ شربت بزوری صندل 2 تولہ، شربت نیلوفر مرکب 2 تولہ میں عرق گاؤزباں یا مکو یا گلاب 4 تولہ، ملا کر صبح وشام کھلائیں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

ایسانوفیل کے مقابلے کی دوا

پیپل کے درخت کی چھال کو خوب باریک کوٹ کر پانی میں ڈالیں اور ہلکی آنچ پر گرم کریں، جب خوب کڑھ جائے تو اسے صاف کپڑے میں نچوڑ کر سایہ میں رکھ دیں جب پانی بہت تھوڑا رہ جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنالیں یہ دوا ملیریا کے لئے کونین سے بڑھ کر مفید ثابت ہوئی ہے۔

دیسی اسپرین

جس سے بہت تھوڑے عرصہ میں دردسر اور بخار دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ

کشتہ ہڑتال گئودنتی، جو شیر مدار میں تیار کیا گیا ہو دس تولہ، شورہ قلمی 2 تولہ جوہر لوبان 1 رتی، سب ادویات کو اچھی طرح کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اور 4 رتی سے ایک ماشہ تک استعمال کرائیں، اسپرین اور فنسٹین کے ہم پلہ دوا ہے۔

اسپرین کا بدل (نسخہ)

پھٹکری سفید 5 تولہ لوبان کوڑیا، 5 تولہ دارچینی 5 تولہ سب کو جوکوب کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔

مقدار خوراک

2 رتی سے 4 رتی تک ہمراہ آب گرم یا چائے۔

فوائد

سردرد نزلہ، بخار کو دور کرتی ہے، پسینہ خوب لاتی ہے اسپرین کا بدل ہے۔

ہندوستانی اسپرین

اسپرین کھانے سے درد تو بے شک دور ہو جاتا ہے لیکن دل کو یہ کمزور کر دیتی ہے مگر یہ ہندوستانی اسپرین دل کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتی اور دردسر پندرہ منٹ میں شرطیہ دور ہو جاتا ہے، اطبائے کرام کو یہ نسخہ بنا کر ہر وقت اپنے مطب میں رکھنا چاہیے، نہایت کم خرچ بالانشین ہے۔

نسخہ

اصلی پپلا مول، باریک پیس کر رکھ لیجئے، یہی دیسی اسپرین ہے۔

ترکیب استعمال

یہ ہے کہ دو ماشہ سفوف میں دو ماشہ شکر ملا کر پھنکائیں اور اوپر سے گرم دودھ پلائیں،
پندرہ منٹ میں دردِ سر دور ہو جائے گا۔

کیفین اسپرین کا بہترین بدل

سفید پھٹکڑی کو لے کر ناگر موتھے کے کاڑھے میں کھرل کریں اور سکھالیں اسی طرح
سات مرتبہ تر اور خشک کریں اس کے بعد حسب معمول کشتہ کرلیں، گرمی کے موسم میں عرق گلاب
کے ساتھ اور سردیوں میں دودھ کے ساتھ ایک ایک رتی کی مقدار میں کھلائیں۔

فوائد

دردِ سر خواہ کسی وجہ سے ہو پہلی ہی خوراک میں یا دوسری خوراک میں دور ہو جاتا ہے۔
کیفین اسپرین کا بہترین بدل ہے۔

فنسٹین طبیہ

جو انگریزی فنسٹین کے مقابلے میں تیار کی گئی ہے۔ دل کو کمزور کرنے کی بجائے طاقتور
بناتی ہے۔ ہر وقت رہنے والے لازمی بخاروں، نیز باری سے آنے والے بخاروں کیلئے بمنزلہ تریاق
ہے۔

نسخہ

ہڑتال گئودنتی کو کیکر کے نغدہ کے اندر رکھ کر ٹاٹ میں لپیٹ کر 40 اُپلوں میں کشتہ
کرلیں سفید تریاق پھولی ہوئی برآمد ہوگی، پیس کر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

ترکیب استعمال

ایک سرخ دوا ہمراہ شربت بزوری صندل 2 تولہ، شربت نیلوفر مرکب 2 تولہ میں عرق
گاؤزباں یا مکو یا گلاب 4 تولہ ملا کر صبح و شام کھلائیں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

فوائد

ہر قسم کا بخار خواہ نیا ہو یا پرانا اس سے فوراً دور ہو جاتا ہے۔

فنسٹین کا بدل (نسخہ)

پھٹکری سفید 5 تولہ، کافور دیسی 5 تولہ دونوں چیزوں کو عرق لیموں کاغذی 20 تولہ میں کھرل کر کے سکورہ گلی میں گل حکمت کر کے اوپلہ صحرائی میں دس سیر کی آنچ دیں سرد ہونے پر سفید براق سا کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک

2 رتی سے 4 رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد

پسینہ لا کر بخار کو فوراً دور کرتا ہے علاوہ ازیں سوزاک کیلئے مسیحائی اثر رکھتا ہے جلن اور پیپ کو ایک ہی روز میں بند کرتا ہے۔

فنسٹین یٹی فیبر بن کا بدل

فنسٹین وانیٹی فیبر ین پسینہ لانے اور بخار اتارنے میں اعجاز مسیحائی کا حکم رکھتی ہیں، مگر ان میں ایک بڑا زبردست نقص ہے جس کو آج تک نکال نہیں سکے وہ یہ کہ ان کے استعمال سے دل از حد کمزور ہو جاتا ہے۔ مگر مندرجہ ذیل نسخہ سے نہ دل کمزور ہوتا ہے اور نہ ہی کسی سمیت کا اندیشہ ہے اور پھر لطف یہ کہ بخار فوراً اتر جاتا ہے۔ بنائیں آزمائیں، اور ملکی ادویات کی قدر کریں۔

نسخہ

کافور 3 ماشہ، گئو دنتی 6 ماشہ، چائے سفوف 1 تولہ، ابلتے ہوئے آٹھ تولہ پانی میں چائے ڈال دیں اور سرد کر کے چھان لیں بعد کافور اور گئو دنتی ڈال کر کھرل کر لیں اور خشک کر کے سوڈا خیریں 1 تولہ شامل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک دو رتی سے چھ رتی تک۔

اینٹی فیبرین اور اینٹی پائرین کے مقابلے کی دوا

انگریزی اینٹی فیبرین اور اینٹی پائرین کے مقابلے کی بہترین چیز ہے، لطف یہ کہ ان دونوں کی طرح مضعف قلب نہیں ہے پندرہ منٹ سے ایک گھنٹہ تک نوبت کو دفع کرتا ہے، خوش رنگ قلیل المقدار مرکب ہے۔

نسخہ

نوشادر معدنی 1 تولہ شورہ قلمی 3 ماشہ گل ارمنی 4 سرخ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال

بقدر دو رتی منہ میں ڈال کر اوپر سے تازہ پانی پی لیں یا 4 رتی کے کیپ شول تیار کر کے ایک ایک کیپ شول پانی سے نگل لیا کریں۔

دیسی گلیسرین (نسخہ)

شہد 20 تولہ، ریوند چینی 1 تولہ مغز املتاس 1 تولہ عرق گلاب 10 تولہ، ریوند کو پیس کر باقی اجزاء کو یکجا کر کے آگ پر اس قدر پکائیں کہ 25 تولہ رہ جائے صاف کر رکھیں، گلیسرین کی طرح استعمال میں لائیں۔

نوٹ: اسے بطور حقنہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ٹینک گلیسرین اور آئرن گلیسرین کے مقابلے کی دوا (نسخہ)

گلیسرین نسخہ صدر 5 تولہ پھٹکری 6 ماشہ، مازو 6 ماشہ، ست پودینہ 2 رتی پہلے موخر الذکر ہر اجزا کو باریک پیس کر گلیسرین میں شامل کریں اور روئی کے ذریعے گلے میں لگائیں۔

فوائد

درد گلو ورم اور خناق کیلئے مفید ہے ٹینک گلیسرین، آئرن گلیسرین ڈاکٹری کے برابر اثر کرتی ہے۔

☆.....☆.....☆

دیسی آرجیرول لوشن

جوانگریزی ارجیرول لوشن سے بدرجہا مفید اور عمدہ ہے۔

مندرجہ ذیل نسخہ آنکھوں کی بے شمار امراض کے لئے بفضلہ ایک بہتر سے بہتر تریاق ہے ملک میں لاکھوں روپے کا آرجیرول لوشن آکر بکتا ہے جو فوائد اور خوبصورتی میں کسی طرح اس کے ہم پلہ نہیں، جو اصحاب آزمائیں گے بفضلہ خوش ہو جائیں گے۔

نسخہ

رس گھیگوار 1 تولہ شیر ستیاناسی 1 تولہ، شیر برگد 1 تولہ، عرق گلاب 1 تولہ، عرق لیموں زرد چوبی 2 تولہ، بکرے کا پتہ ایک تولہ، کافور اصلی عمدہ تین ماشہ، افیون 3 ماشہ سب کو ملا کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں اور بوقت ضرورت 2 بوند ڈراپر سے ڈالا کریں۔

فوائد

دھندلا، رمد، پھولا، غبار، کمزوری نظر، پانی جانا، سرخی نزول الماء، وغیرہ کے لئے ایک بہترین تریاق ہے۔

ترکیب عرق لیموں زرد چوبی

زرد چوب تولہ، ہلیلہ زرد تولہ، رسوت تولہ گل حنا تولہ گل یاسمین تولہ زیرہ سفید تولہ گل نیب تولہ، زعفران 3 ماشہ، رس لیموں 3 تولہ، سب کو آٹھ تولہ پانی میں بھگو کر گھنٹہ کے بعد جوش دے دیں جب 4 تولہ پانی رہ جائے تب چھان پن کر رکھ لیں اور داخل ترکیب کریں یہ عرق واحد بجائے خود اکسیر العین ہے۔

آرجیرول لوشن کا بدل

آرجیرول لوشن آنکھوں کے اکثر امراض میں مفید ہے، خصوصاً جرب الاجفان اور درد چشم میں زیادہ فائدہ مند ہے اس کے چند قطور آنکھوں میں ڈالنے کے بعد تھوڑی دیر میں منہ کا مزہ تلخ ہو جاتا ہے اور تھوک زرد رنگ کا ہو جاتا ہے اس کا نعم البدل حسب ذیل ہے۔

نسخہ

رسوت زرد 2 تولہ کو عرق گلاب 5 تولہ میں بھگو دیں جب تمام حل ہو جائے تو ۱۲ ...

پھٹکری بریاں 3 ماشہ اضافہ کر کے عمل تقطیر کے ذریعے سے صاف کریں، پھر ست سہاگہ بورک ایسڈ 3 ماشہ، صمغ افیون، ٹنکچر اوپیم 15 قطرے اضافہ کر کے کام میں لائیں۔

دیسی ایکر فلیوپن لوشن

یہ عام مفید لوشن ایکری فلیوپن سے تیار کیا جاتا ہے لیکن مندرجہ ذیل طریقہ سے تیار کردہ لوشن بالکل مفت تیار ہو سکتا ہے اور فوائد میں بالکل ایکری فلیوپن لوشن کے برابر ہے۔

نسخہ

دار چکنا 1/2 گرین جوہر نوشادر 1/2 گرین زرد رنگ 1/2 گرین، عرق گلاب یا کشید کردہ پانی ایک اونس میں حل کریں۔

فوائد

یہ ایک اعلیٰ درجہ کی جرم کش دوا ہے، رمد آشوب چشم کیلئے ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں، جریان الرحم سوزاک یا کان سے پیپ آنے کی صورت میں پچکاری کریں، اندرونی طور پر استعمال کرنے سے اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے۔

نوٹ: بعض حالتوں میں جوہر نوشادر استعمال نہیں کیا جاتا۔

دیسی گولڈن لوشن (نسخہ)

دار ہلد دو تولہ کے نہایت باریک ٹکڑے کر کے ایک سیر عرق گلاب میں ڈال کر آگ پر پکائیں، جب تمام عرق سنہرے رنگ کا زرد ہو جائے، تب فلالین کے کپڑے میں دو دفعہ چھان کر بوتلوں میں بھر لیں، یہ آنکھوں کی بہت سی امراض کیلئے نہایت مفید ہے۔

دیسی گولڈن آئنٹمنٹ

گولڈن آئنٹمنٹ کو امریکہ کی ایک دواساز کمپنی سیسہ کی نلکیوں میں بند کر کے بھیجتی ہے یہ جملہ امراض چشم میں عموماً اور آشوب سرخی ککروں خارش پلک سلاق وغیرہ میں خصوصاً استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا رنگ زرد اور قوام شہد کے مانند غلیظ ہوتا ہے دراصل یہ ایکری فلیوپن گلیسرین، پیرافین، ہائیڈرارجرائی پرکلورائڈ دار چکنا، وغیرہ کا ایک مرکب ہے، جو بہت گراں قیمت ہے آپ اس کی بجائے مندرجہ ذیل دیسی دوا تیار کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ

زرد چوب نہایت باریک پسی ہوئی 6 ماشہ دار چکنا ایک ماشی قیروطی سادہ 1 تولہ شہد خالص مصفی وکف گرفتہ (عرق گلاب، کے ہمراہ جوش دیا ہوا، تین تولہ سب کو صاف کھرل میں ڈال ایک روز برابر سحق کریں، پھر کھلے منہ کی صاف شیشی میں محفوظ رکھیں، کسی دھات کے برتن میں نہ ڈالیں اور بوقت ضرورت ذراسی دوا سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگائیں، یا انگلی سے پلکوں کے اندر باہر ملیں۔

سینی ریریا میرٹیما کے مقابلہ کی دیسی دوا

یہ جرمنی امریکہ کی مشہور ہومیو پیتھک دوا کے مقابلے کی چیز ہے جو آنکھوں کے پھولا وغیرہ کے لئے معجزنما تیر بہدف اکسیر ہے اور دکھتی آنکھوں کو صرف ایک بار لگانے سے ہی آرام کردیتی ہے۔

نسخہ

توطیا چار گرین، جوہر نوشادر ایک ڈرام، پیپر منٹ 2 گرین شہد خالص ایک اونس، اوّل توطیا، جوہر نوشادر اور پیپر منٹ کو کھرل میں خوب باریک کھرل کریں پھر شہد ملا کر خوب کھرل کریں، اور سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

سلور نائٹرک لوشن کا بدل (نسخہ)

توطیا 2 رتی شب یمانی 1 تولہ افیون ایک رتی نشاستہ 6 ماشہ آب سادہ 2 تولہ باہم ملا کر رکھیں، آنکھوں کے پلکوں کو الٹ کر روئی کے ذریعے لگایا کریں، ککروں کے لئے بے حد مفید ہے کاسٹک لوشن کی طرح فائدہ مند ہے۔

ہائیڈروجن پر اکسائیڈ کا بہترین بدل

کان کے درد کو اگر کسی دوا سے آرام نہ ہوتا ہو تو کشتہ کوڑی زرد تین چار رتی کان میں

ڈالیں اور اوپر سے عرق لیموں ڈراپر کے ساتھ ڈالیں پھر میل پیپ وغیرہ جوش کھا کر اوپر کی طرف آجائے گی اب کان کو صاف کرلیں، کان صاف ہونے پر درد فوراً زائل ہو جائے گا، یہ انگریزی ہائیڈروجن پراکسائیڈ کا نعم البدل ہے اور پھر لطف یہ کہ بے اثر ہونے کا مطلق اندیشہ نہیں، لیکن ہائیڈروجن پرآکسائیڈ کچھ عرصہ کھلا رہنے سے بے اثر ہو جاتی ہے۔ بندہ نے اس دوا کو معمول مطب بنایا ہوا ہے، کیونکہ یہ ہائیڈروجن پراکسائیڈ کی نسبت قلیل قیمت اور کثیر المنفعت چیز ہے. اس کے ہوتے ہوئے مطب میں ہائیڈروجن پرآکسائیڈ کہنے کی ضرورت نہیں۔

دیسی ہائیڈروجن پراکسائیڈ (نسخہ)

کف دریا، یعنی سمندر جھاگ حسب ضرورت باریک سفوف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت ایک رتی یا ڈیڑھ رتی کان میں ڈال کر تیز سرکہ یا آب لیموں کے تین چار قطرے ٹپکا دیں فوراً جوش پیدا ہوگا اور کان کی تمام غلاظت باہر نکل آئے گی۔

بلیٹا اور ٹیلیس کا بدل

بلٹیا اورٹیلیس ایک ہومیو پیتھک دوا ہے جو ایک پردار جانور کو کچل کر نوین کلاس کے مطابق سفوف بناتے ہیں اور اکثر چوتھی کلاس کے مطابق مدر ٹنکچر بھی بناتے ہیں میں نے اس دوا کو ذیل کی طریق پر بنا کر اکثر تجربہ کیا ہوا ہے نہایت مفید پایا ہے استعمال مزمن دسعال اور تقریباً جملہ امراض آلات تنفس میں نہایت مفید پائی گئی ہے، تپدق کی ابتدائی حالتوں میں بھی نہایت مفید ہے۔

نسخہ

جھینگر جو کہ اکثر گھروں میں ہوتے اور کپڑوں اور دیگر اونی اشیاء کو برباد کر دیتے ہیں دو عدد پکڑ لیں اور دو سیر پانی میں اس قدر جوش دیں کہ ہر دو جھینگر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور پانی مذکورہ آدھ سیر رہ جائے پھر پانی کو سرد کر کے بلاٹنگ پیپر کی دو تہہ دیکر چھان لیں اور ایک بوتل میں محفوظ رکھیں، نصف اونس یہ دوا تین اونس تازہ پانی میں ملا کر صبح وشام مندرجہ بالا امراض میں دیں، انشاء اللہ مذکورہ امراض میں تریاق کا کام دے گی، سینکڑوں مریض جو بیش قیمت پٹنٹ ادویات اور انجکشن لگوا کر مایوس ہو چکے تھے اس کے استعمال سے مکمل طور پر صحت یاب ہو گئے، آپ [illegible] کر ضرور آزمائش کریں۔

افیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ کا بدل (نسخہ)

ایک سیر کلپ موم بوٹی کو جو کوب کر کے رات کو آٹھ سیر پانی میں بھگو رکھیں صبح زم آنچ پر
پکائیں، جب پانی چوتھائی حصہ رہ جائے تو اچھی طرح مل کر کپڑے میں چھان لیں اور چھنے ہوئے
پانی کو بھاپ پر دوبارہ پکائیں، جب افیون کی طرح گاڑھا ہو جائے تو سرد کر کے کسی ڈبیہ کھلے منہ
کی شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت دو رتی کی گولی بنا کر ہمراہ بدرقہ مناسبہ مریض کو
استعمال کرائیں۔

فوائد

دمہ کیلئے نہایت مفید اور جادو اثر دوا ہے۔

پیلپس کے مقابلے کی دوا (نسخہ)

سفوف سونف ایک تولہ، سفوف ملٹھی 1 تولہ، افیون 4 رتی پیپر منٹ دو رتی، گوند کیکر کا
سفوف 1 تولہ سب کو باریک کر کے ملا لیں اور ذرا سے پانی سے نم دے کر ٹکیاں بنا لیں اور منہ میں
ڈال کر چوسیں۔

فوائد

یہ ٹکیاں خشک و تر کھانسی کیلئے نہایت مفید ہیں۔

اپی کے کوانا کے مقابلے کی جڑی بوٹی

اپی کے کوانا طب جدید کی ایک خاص دوا ہے جو تھوڑی مقدار میں منفث بلغم اور بڑی
مقدار میں مقئی ہے۔ اس کے مختلف مرکبات کثرت سے مستعمل ہیں دیسی دواؤں میں پوست بیخ
مدار سایہ میں خشک کیا ہوا اس کا بہترین بدل ہے۔ اطباء جدید جنہوں نے دیسی دواؤں کی تحقیقات
کی ہو اس کو تسلیم کیا ہے۔ چنانچہ پوست بیخ مدار اپی کے کوانا کی بجائے استعمال کرنے کیلئے ذیل
کے طریقہ پر حاصل کرنا اور استعمال کرنا چاہیے۔
اپریل یا مئی کے مہینہ میں ایسی آک کی جڑیں اکھیڑ لیں جو ریتلی زمین پر اُگا ہوا ہو، ان کو
سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور یہ دو رتی سفوف دو رتی سونٹھ کے سفوف
کے ساتھ ملا کر دینا چاہیے مخرج بلغم ہے، قئے لانے کیلئے 10 رتی کی مقدار میں

دیسی لال شربت (نسخہ)

اصل السوس دو تولہ، پوست خشخاش دو تولہ، گاؤزبان دو تولہ، کاسنی دو تولہ، گلو 5 تولہ، بانسہ 5 تولہ، صندل سفید 2 تولہ، مالیدہ خشخاش 5 تولہ، گلو 5 تولہ، بانسہ 5 تولہ زوفہ 1 تولہ، تخم زوفا 1 تولہ، سپستاں 1 تولہ، گل بنفشہ 1 تولہ، تنکچر 8 ماشہ، تنکچر سینگا 8 ماشہ، تمام خشک ادویہ کو کسی قدر نیم کوب کر کے رات بھر پانی میں تر رکھیں صبح بذریعہ قرعہ انبق ایک بوتل عرق کشید کریں، مذکورہ بالا اجزا ایک بوتل عرق کشید کرنے کے حساب سے لکھے گئے ہیں بوتل تین پاؤ والی لیں اب اس میں تین پاؤ عرق میں ایک سیر کھانڈ یا مصری ڈال کر بذریعہ آگ شربت تیار کر لیں اور آخر میں ہر دو تنکچر ملانے کے بعد تنکچر کو چیلیل بقدر ضرورت کہ شربت رنگین ہو جائے، ملا کر بحفاظت رکھیں۔

مقدار خوراک

دو تولہ صبح و شام کسی مناسب عرق یا پانی وغیرہ سے دیں۔

فوائد

کھانسی سل، تپ دق نزلہ زکام، خراش گلو جلن پیشاب اختلاج القلب ضعف جگر وغیرہ کیلئے بے نظیر شربت ہے۔

لال شربت کے مقابلے کی دیسی دوا

طب کی جدید دواؤں میں لال شربت ایک نہایت مشہور و معروف دوا ہے جو سل و دق اور امراض ریہ کے مریضوں میں بکثرت مستعمل ہے۔ ذیل کا نسخہ اس کے مقابلہ میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

نسخہ

گاؤزباں ایک پاؤ اصل السوس مقشر 10 تولہ برگ بانسہ ایک سیر گل نیلوفر ایک پاؤ سرطان نہری 3 تولہ، سب ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے ان سے چار چند آب خالص لے کر اس میں بھگوئیں اور ایک بوتل عرق کشید کریں، پھر اس عرق میں تین پاؤ مصری ملا کر شربت تیار کریں اور بوقت قوام کشتہ، سنگ جراحت ایک تولہ رنگ سرخ ایک رتی شامل کریں۔

مقدار ترکیب استعمال

صبح وشام 2½ کو آب تازہ بقدر حاجت میں حل کر کے استعمال کریں۔

لال شربت کا بدل

گلو سبز، ایک پاؤ برگ بانسہ ایک پاؤ بیخ انجبار ایک پاؤ پانی 3 سیر کیلیسم لیکٹیٹ 1 تولہ، گلو سبز برگ بانسہ اور بیخ انجبار کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح دو بوتل عرق کشید کریں، اس عرق میں کیلشیم لیکٹیٹ حل کر کے 1½ سیر کھانڈ ملا کر شربت پکائیں جب شربت پک جائے تو لال رنگ حسب ضرورت ملا کر خوبصورت پیکنگ کر کے فروخت کریں، یہ شربت سستا اور از حد مفید ہے۔

فوائد

پھیپھڑے کے زخم دور کرتا ہے ہر قسم کے خون روکنے کیلئے پرانے بخاروں تپ دق کھانسی وغیرہ کیلئے از حد مفید ہے۔

خوراک

6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ پانی یا شیر گاؤ استعمال کریں۔

نوٹ: رنگ وہی ڈالیں جو سوڈا واٹر میں ڈالا جاتا ہے۔

دیسی اینٹی فلوجسٹین

اینٹی فلوجسٹین ایک انگریزی پٹینٹ دوا ہے جو نمونیا ذات الجنب وغیرہ کیلئے سینہ پر مالش کرنے سے فائدہ مند ہے، یہ نسخہ اینٹی فلوجسٹین کی شکل پر تیار ہوتا ہے لیکن اس سے بڑھ کر مفید ہے۔ درد سینہ، نمونیہ، ذات الجنب غرضیکہ ہر قسم کے بیرونی دردوں کو اس کی مالش سے فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ: روغن کنجد 5 تولہ، گوند پسی ہوئی ولایتی 5 تولہ، روغن جمال گوٹہ 1 تولہ، لائم واٹر یا عرق پودینہ 1 تولہ۔

ترکیب تیاری

گوند کو کھرل میں ڈالیں اور 5 تولہ عرق یا لائم واٹر ڈال کر اس کو اچھی طرح حل کریں، بعد میں تھوڑا تھوڑا روغن کنجد ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں، حتیٰ کہ سارا تیل خوب اچھی طرح

جذب ہو جائے، پھر روغن جمال گوٹہ ڈال کر اچھی طرح کھرل کریں، جب اچھی طرح جذب ہو جائے تو پھر باقی عرق، یالائم واٹر 5 تولہ میں سے تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں اور جب عرق جذب کر دیں پس دیسی اینٹی فلوجسٹین تیار ہے۔

اینٹی فلوجسٹین کے مقابلے کی دوا

جو لوگ بدیشی دواؤں کے متوالے بنے ہوئے ہیں وہ ذرا میدان میں آکر دیسی اینٹی فلوجسٹین کی آزمائش کریں۔

سوا روپے کی بجائے سوا آنہ بھی خرچ نہیں ہوتا اور لطف یہ ہے کہ ذات الریہ (نمونیہ) کا درد، اور پسلی وغیرہ کا درد فوراً رفع ہو جاتا ہے۔

نسخہ

سریش اور آرد ماش ہم وزن لے کر پان کے پانی میں حل کریں اور آگ پر رکھیں، جب قوام گاڑھا ہو جائے تو ایک کھدر کے کپڑے پر گرم گرم لیپ لگا کر مقام درد چسپاں کریں، درد فی الفور دور ہو جائے گا، حتیٰ کہ فصد کھلوانے کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی۔

دیسی کیسٹر آئل

جو کہ انگریزی کیسٹر آئل کے مقابلے میں بہت سستہ اور عمدہ ہوتا ہے۔

نسخہ

روغن ارنڈ، جو دبا کر بلا حرارت حاصل کیا گیا ہو ایک پاؤ، لیں پھر اسے میٹھے دہی کے پانی میں شامل کر کے آگ پر رکھیں، اور نیچے دھیمی دھیمی آنچ جلائیں اور پکائیں، یہاں تک کہ دہی کا تمام پانی بذریعہ بخارات اڑ جائے اور محض تیل باقی رہ جائے اور اس کی بدبو بھی ایک حد تک رفع شدہ ہوگی اور اب باقی ماندہ اور رہی سہی بدبو کو زائل کرنے کیلئے اس میں دو عدد پان کے پتے ڈال دیں اس سے جہاں بدبو دور ہوگی وہاں روغن اور بھی مصفیٰ ہو جائے گی۔ اور اگر مزید عمدہ اور اعلیٰ بنانا مقصود ہو تو اس میں عرق پان حسب ضرورت ملائیں، بعد ازاں روغن ہذا کو سفید رنگ کی بوتلوں میں بھر کر سورج کی روشنی میں رکھ دیں۔ جب رنگ بالکل صاف ہو جائے تو سنبھال کر رکھیں پس ولائتی کیسٹر آئل سے بدرجہا بہتر اور سستا دیسی کیسٹر آئل تیار ہے۔

نوٹ: روغن ہذا کو بچے بھی باآسانی پی سکتے ہیں۔

دیسی ویجی ٹیبل پلز (نسخہ)

مغز جمال گوٹہ، مدبر 3 ماشہ، مغز تخم ارنڈ، مغز بادام شیریں۔ مقشر ہر ایک 6 ماشہ مصری ایک تولہ سب کو خوب باریک کر کے نخود سے نصف وزن کی گولیاں بنالیں قبض کو رفع کرنے کیلئے ایک تا دو گولی آب گرم یا گرم دودھ کے ساتھ اور جلاب کے لئے 4 سے 6 گولی تک مذکورہ ترکیب سے استعمال کریں۔

فوائد

یہ گولیاں انگریزی ویجی ٹیبل پلز سے بدرجہا بہتر ثابت ہوئی ہیں۔

دیسی کیسٹوفین (نسخہ)

ہرڑ جلایا 1 تولہ، ریوند عصارہ 1 تولہ، سقمونیہ مشوی 1 تولہ، ایلوا ایک تولہ، برگ سنائے مکی 1 تولہ، پھول گلاب 1 تولہ بہ ہمراہ کیسٹر آئل یا بادام روغن ملا کر گولیاں بنالیں اور دو عدد گولیاں بوقت خواب دودھ کے ساتھ استعمال میں لائیں، نہایت ہی اعلیٰ قسم کی قبض کشا گولیاں ہیں۔

دیسی فروٹ سالٹ

اس سالٹ کے استعمال سے قبض اور موٹاپا دور ہو جاتا ہے ہاضمہ درست ہو جاتا ہے پیٹ میں گیس پیدا نہیں ہوتی، پیٹ کا پھولنا بند ہو جاتا ہے کھٹے ڈکار نہیں آتے، میں نے تمام سالٹوں کا تجربہ کیا ہے لیکن ان سے ہزار درجہ مفید یہ سالسٹ پایا ہو یہ دیسی اس قدر لذیذ ہوتا ہے کہ یک دم تمام بوتل کھا لینے کو جی چاہتا ہے مندرجہ بالا اوصاف کے علاوہ یہ سالٹ ہیضہ، ہسٹریا، یعنی باؤ گولہ پیٹ درد گنٹھیا اور دردرتج میں از حد مفید ہے

نسخہ

زیرہ صاف کیا ہوا ایک پاؤ کالا نمک ایک پاؤ، نوشادر ایک پاؤ، چھلکا ہرڑ زرد ایک پاؤ، پیپل یعنی فلفل دراز ایک پاؤ، دارچینی 2 چھٹانک اجوائن صاف کی ہوئی پاؤ، لونگ 2 چھٹانک ان تمام ادویات کو الگ الگ نہایت باریک پیس کر لعاب گھیگوار ایک پاؤ میں ایک تولہ ہینگ کھرل کر کے اس میں مندرجہ بالا تمام ادویات خوب اچھی طرح سے ملالیں اور دھوپ میں خشک کر لیں، پھر اس میں ایک سیر لیموں کا عرق خوب اچھی طرح سے ملا کر خشک کریں پھر دو سیر قندھاری انار کے

رس میں تر و خشک کریں، پھر دیسی سنگتروں کے دو سیر رس میں تر و خشک کریں پھر انگور کے 4 سیر رس میں تر و خشک کریں، پھر فالسہ کے چار سیر رس میں تر و خشک کریں پھر دو سیر ادرک کے رس میں تر و خشک کریں پھر سبز آملہ کی گٹھلی نکال کر اور باریک چٹنی بنا کر کپڑے میں نچوڑ کر آملوں کا رس دو سیر نکال کر مندرجہ بالا چورن تر و خشک کر کے بوتلوں میں بھر لیں، خوراک صرف 1 ماشہ تھوڑا تھوڑا چاٹ لیں، یہ دوا کم یا زیادہ کھانے سے کسی قسم کا نقصان کا اندیشہ نہیں ہے بالکل بے ضرر ہے اور ہر عمر میں استعمال ہو سکتی ہے۔

کلوروڈین کے مقابلے کی دوا

جائفل، مگھاں، اندر جو، الائچی خورد ہر ایک چار تولہ، شراب مہوہ پانچ سیر، افیون سوا تولہ، تمام اشیاء کو جو کوب کر کے کسی شیشے کے برتن میں شراب کے ہمراہ ڈال کر منہ بند کریں، اور ایک مہینہ تک محفوظ رکھیں، بعد ازاں چھان کر نتھار لیں اور بوتلوں میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال

چند قطرے دوائی کے عرق سونف کے پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: ہیضہ اور اسہال کے لئے بے نظیر دوائی ہے۔

کیمفوروڈین کے مقابلے کی دوائی

نسخہ: فلفل سیاہ اجوائن سونٹھ ہر ایک چار تولہ شراب دیسی اعلیٰ درجہ پانچ سیر، کافور 32 تولہ جملہ نباتاتی اشیاء کو جو کوب کر کے شراب اور کافور کے ہمراہ کسی شیشے کے برتن میں منہ بند کر کے ایک مہینہ تک محفوظ رکھیں بعد ازاں چھان کر استعمال کریں۔

ترکیب استعمال

ایک ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ عرق سونف، پودینہ یا اجوائن ہر نصف گھنٹہ کے بعد دیں۔

فوائد: ہیضہ کے لئے لاثانی دوا ہے جو کبھی خطا نہیں کرتی۔

پیپسین کے مقابلے کی دوا

پیپسین طب جدید کی ایک بہترین دوا ہے جو سور یا بچھڑے یا بھیڑ کے تازہ اور

تندرست معدہ کی غشاء مخاطی سے حاصل ہوتی ہے، یہ ضعف ہضم مزمن کیلئے نہایت مفید ہے خصوصاً جو رطوبت معدی گیسٹرک جوس کے کم پیدا ہونے کی وجہ سے ہو اس کے خواص، فرانس کے ڈاکٹر کورونیرار نے معلوم کئے تھے، طب قدیم میں اس کے مقابلے کی دوا سنگدانہ مرغ کے اندر کا پوست ہے۔

سنگدانہ مرغ کے اندر کا پوست خشک کر کے باریک پیس لیں اور تین رتی سے ایک ماشہ تک کھانا کھانے کے بعد پانی سے پھانک لیں۔

فوائد

جب رطوبت معدی کے کم پیدا ہونے سے ضعف ہضم ہو تو اس کا استعمال بہت مفید ہوتا ہے، زلق الامعاء اور اسہال میں بھی مفید ہے اور زمانہ حمل کی قے میں بھی نافع ہے۔

ایسڈ نائٹرو ہائیڈرو کلورک ڈل کے مقابلے کی دوا (نسخہ)

آک، تھوہر، املی پھکنڈا، املتاس ان سب کے کھار ایک دس تولہ، سہاگہ سفید بریاں، جوکھار، جی کھار، شورہ قلمی سمندر جھاگ ہر ایک بتیس تولہ، نمک سانبھر، سفید نمک، سونچر نمک، سمندر نمک، نوشادر ہر ایک 32 تولہ، ان کو کوٹ پیس کر دو سیر پختہ کاغذی لیموں کے رس میں تر کر کے پڑا رہنے دیں، بعد ازاں اس کا عرق کھینچیں۔

ترکیب استعمال

5 بوند 35 بوند تک عرق بادیان یا پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد

درد شکم، درد جگر عظم طحال، اور عظم جگر میں مفید ہے۔

احتیاط

یہ عرق تیزاب ہوتا ہے اس لئے ہاتھ وغیرہ پر لگنے سے احتیاط کی جائے۔

آیوڈوفارم کا بہترین بدل (نسخہ)

صبر سقوطری، صاف، انزرت، مساوی الوزن باریک پیس کر محفوظ رکھیں اور تمام فاسد زخموں پر ڈال کر استعمال کریں، زخم کا فوراً اندمال کرنے میں آیوڈوفارم سے بڑھ کر مفید ہے

ایوڈوفارم کے مقابلے کی دیسی دوا

آیوڈوفرم ایک ایک زرد رنگ چمکدار دوا ہے جو سفوف کی شکل میں ہوتی ہے اور پرانے پیپ دار زخموں پر چھڑکی جاتی ہے۔ یہ طب جدید کی ایک خاص شے ہے ذیل کا نسخہ اس کا نعم البدل ہے۔

نسخہ: برگ عشر سبز اک یعنی مدار کے پتے، اسفنج کو بھی اسی طرح سوختہ کریں، دونوں کو اس قدر سوختہ کرنا چاہیے کہ راکھ نہ ہو جائیں۔

فوائد

زخم کو پیپ وغیرہ سے صاف کر کے مندمل کرتا ہے۔

قدرتی آیوڈوفارم

گگن دھول بوٹی زخموں کیلئے قدرتی آیوڈوم ہے۔ یہ موسم برسات میں پیدا ہوتی ہے۔ اگست دسمبر میں اکثر ریتلی زمین میں ملتی ہے اس میں صرف ایک ڈنڈی تقریباً 16انچ لمبی ہوتی ہے اور اس پر دو انچ کا مخمل سے زیادہ نرم نہایت ہلکا پھیکے رنگ کا پونڈ ہوتا ہے اور تھوڑا جھٹکے سے آئیں غبار جھڑتا ہے ہندوستان کے ہر شہر مواضعات میں بکثرت پیدا ہوتی ہے یہ جس حالت میں ہے اس کا تجربہ کیا گیا ہے، ہر قسم کے کھلے ہوئے زخموں کو جسم میں ریم ہو بے حد مفید ہے اگر آگ تیزاب یا گرم تیل سے جل جائے تو اس دوا کو جلے ہوئے مقام پر لگانے سے سوزش اور درد کو بہت جلد تسکین ہو جاتی ہے کسی قسم کا آبلہ نہیں پڑتا اور زخم کے اچھا ہونے پر جلد کوئی داغ نہیں رہتا اکثر لوگ جو اس سے واقف ہیں، اسے استعمال کرتے ہیں، علاوہ ازیں چیچک کے ٹیکہ کے زخم اور ختنہ کے زخم کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

ٹنکچر آیوڈین کے مقابلے کی دوا

ٹنکچر آیوڈین طب جدید کی ایک مشہور و معروف دوا ہے جو ورموں اور زخموں پر لگائی جاتی ہے اور بکثرت مستعمل ہے۔ حسب ذیل نسخہ اس کے مقابلہ کا نسخہ ہے۔

نسخہ: ہلدی، رسونت، زرنباد ہم وزن ان کو الکحل ہم وزن میں تین روز تک پڑا رہنے دیں، پھر چھان لیں۔

ترکیب استعمال

روئی کی پھریری سے مقام ماؤف پر لگائیں۔

فوائد

چوٹ ورم وغیرہ پر لگائیں بہت مفید ہے۔

ٹنکچر آیوڈین کا دیسی نسخہ (نسخہ)

بیری کرپے جنرل 5 تولہ، مرچ سرخ کے پتے سبز 2 تولہ، مجیٹھ دو تولہ، پتوں کو سایہ میں خشک کریں اور خشک ہونے کے بعد انہیں نیم کوفتہ کریں اور مجیٹھ کو بھی نیم کوفتہ کریں جس قدر ان کا وزن ہو اس سے دس گنا ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں بھگوئیں اور اوپر سے اچھی طرح ڈھک کر محفوظ رکھ دیں، چار روز کے بعد چھان کر شیشی میں رکھیں ہر قسم کے دنبل ہائے اور ورم پر لگانے سے انہیں تحلیل کر دیتا ہے جو قابل تحلیل نہ ہو اسے پکا تا ہے، غرض کہ یہ انگریزی ٹنکچر آیوڈین سے بڑھ کر مفید ہے۔

ویدک آیوڈین

انگریزی آیوڈین کے مقابلہ میں ویدک آیوڈین ان تمام صفات کی حامل ہے جو ٹنکچر آیوڈین انگریزی میں پائے جاتے ہیں، یہ عجیب الخواص دوا ہر مطب میں رہنے کے لائق ہے۔

نسخہ

شراب دیسی ایک بوتل ہلدی خام 1 تولہ، سہاگہ دس تولہ، دونوں کو سفوف بنا کر شراب میں حل کر کے دو روز رکھیں، بعد مصبر 10 تولہ، پھٹکری 10 تولہ، نیلا تھوتھا 6 ماشہ کا سفوف کر کے ملا دیں چار روز کے بعد نتھار لیں۔

ترکیب استعمال

روئی کے پھائے سے جائے ماؤف پر لگائیں۔

فوائد

ہر قسم کے ورموں دردوں اور زخموں کیلئے یہ ایک مفید ترین دوا ہے۔

ہندوستانی ٹنکچر آیوڈین

ٹنکچر آیوڈین کے مفادات عام طور پر معلوم ہیں، اس کے مقابلے کے متعدد نسخے بنائے گئے ہیں، لیکن یہ نسخہ سب سے زیادہ کامیاب ثابت ہوا ہے اور لطف یہ کہ رنگ و بو بھی ٹنکچر آیوڈین کی طرح ہے۔

نسخہ

ہلدی، سجی چونہ، ہم وزن باریک پیس لیں اور پھر اس کو الکحل یا پانی میں حل کر کے رکھ دیں، قوام ٹنکچر آیوڈین کی طرح کسی قدر غلیظ ہو عند الضرورت چوٹ ورم وغیرہ پر لگائیں، ٹنکچر آیوڈین کے تمام فوائد موجود ہیں، دافع تعفن اور قوی مسہل ہے۔

ٹنکچر آیوڈین کا بدل (نسخہ)

ایلوا مصبر 4 تولہ رسونت 2 تولہ، افیون عمدہ ایک تولہ، سرکہ جامن 6 چھٹانک سب کو ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور حسب دستور استعمال کریں، درد سوج گلٹی اور تلی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

دیسی پین بام (نسخہ)

روغن بادام، موم، روغن خشخاش، روغن کدو شیریں روغن کا ہر ایک، روغن گل مکد 5 تولہ، ان ادویات کو قلعی دار برتن میں ڈال کر نرم آگ پر رکھیں، جب موسم پگھل جائے تو اتار لیں، بعدہ مشک کافور 15 ماشہ ملا کر لکڑی سے ہلائیں، اور کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں روغن دار چینی 15 ماشہ، روغن الائچی، 15 ماشہ پیپر منٹ 6 ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت پیشانی پر ملیں درد سر گرمی و سردی اور بخار کی وجہ سے ہونے والے درد کو نافع ہے خرابی حیض سے دائمی سر درد کیلئے بہت مفید ہے۔

فینائل اور مرکری لوشن کے مقابلہ کی دوا (نسخہ)

گندہ بیروزہ 20 تولہ یا تارپین 5 تولہ شب یمانی، 5 تولہ طوطیا 4 ماشہ، صابن دیسی 5 تولہ، گندھک 6 ماشہ، مٹی کا تیل 5 تولہ، آب سادہ 5 سیر کسی کڑاہی وغیرہ میں سب دواؤں کو آگ پر دو چار جوش آنے کے بعد اتار دیں، چار گھنٹہ کے بعد چھان کر شیشیوں میں بھر لیں۔

فوائد

جسم پر اس کی مالش کرنے سے ہر قسم کی خارش دور ہوگی، اور پانی میں ملا کر چھڑک دینے سے حشرات الارض کیلئے قاتل ہے ہر قسم کے زخموں کو صاف کرنے کیلئے نہایت مفید ہے، آپریشن کے بعد اس پانی کی پٹی رکھ دیا کریں اس عرق میں کوئی جرثومہ زندہ نہیں رہ سکتا۔

سان میٹو کے مقابلے کی دوا

سان میٹو امریکہ کی ایک مشہور دوا ہے، جو سوزاک اور سوزش بول وغیرہ امراض مثانہ اور احلیل وغیرہ میں بکثرت، مستعمل ہے اور ایک نہایت عمدہ دوا سمجھی جاتی ہے۔ ذیل کا عرق سان میٹو کے مقابلہ کی چیز ہے اور اسکی بجائے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

نسخہ

کشنیز پانچ تولہ رات کو آدھ پاؤ پانی میں بھگوئیں صبح جوش دیں اور ٹھنڈا کر کے برانڈی 3 تولہ اور، روغن صندل 6 ماشہ شامل کر کے عرق تیار کریں، اور صبح دوپہر شام ایک ایک تولہ استعمال کیا کریں۔

فوائد

سوزاک اور سوزش بول میں نہایت مفید ہے آزمائش پر اس کی قدر و منزلت معلوم ہوگی۔

ڈامیانہ کے مقابلے کی دیسی دوائی (نسخہ)

برگد کی تازہ سرخ رنگ کونپلیں جو نیچے لٹکنے والے ستونوں کی جڑیں ہوتی ہیں جنہیں عام لوگ برگد کی داڑھیاں کہتے ہیں، سردائی کی طرح گھوٹ کر ان کا رس نکالیں اگر ضرورت ہو تو تھوڑا سا دودھ پانی کا چھینٹا دیکر میل کاٹ لیں، جب صاف ہو جائے تو چینی کے پیالے میں رکھ کر پانی کے جوش کھانے والے دیگچہ کی حرارت پر غلیظ القوام بنالیں۔

خوراک

2 رتی ہمراہ دودھ۔

فوائد

یہ دوا انگریزی ڈامیانہ کی طرح مفرح مغلظ منی، اور دفع جریان ہے۔

دیسی گرائپ واٹر (نسخہ)

سوئے آدھ سیر کشمش سبز یا انگور سبز نیم سیر پانی 5 سیر، ان کا چار بوتل عرق کشید کریں، اس میں ایک تولہ سوڈا بائی کارب ملائیں، پھر اس عرق میں سکرین تقریباً ایک رتی یا شھد اصلی صاف شدہ حسب ضرورت ملا کر دوا کو میٹھا کر لیں،

فوائد

بچوں کی بدہضمی پیچش مروڑ، ہرے پیلے دست کھانسی اور دانتوں کی تکالیف وغیرہ کیلئے از حد مفید ہے بچوں کو موٹا تازہ اور خوبصورت بناتا ہے۔

گرائپ واٹر کا نعم البدل

بچوں کے شکمی امراض کیلئے گرائپ واٹر بکثرت فروخت ہوتا ہے اس کے استعمال سے بچوں کی صحت عموماً اچھی رہتی ہے بارہا کا تجربہ شدہ ہے، اس کا نعم البدل ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ

سوڈا خوردنی 3 تولہ، عرق سونف 5 تولہ، عرق اجوائن 3 تولہ، عرق انیسون 3 تولہ، عرق پودینہ 3 تولہ، عرق الائچی 3 تولہ شربت ورد 3 تولہ، روح الخمر 2 تولہ، سب کو باہم ملا کر ایک شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت ایک چمچہ چائے تا تین چمچہ چائے استعمال کرائیں۔

دیسی کیسلیم لیکٹیٹ

کیلسیم لیکٹ چونہ کے مانند سفید رنگ کا سفوف ہے جو قیمولیا یعنی کھریا مٹی سفید لیکٹک ایسڈ میں ملانے سے بنتا ہے، اس کی مقدار خوراک دس سے تیس گرین ہے، ہر قسم کے جریان، خون مثلاً نکسیر، نفث الدم، استحاضہ، کثرت نفاس وغیرہ میں اس کو کھلانے سے حابس الدم، تاثیر رکھتا ہے علاوہ ازیں دستوں کو بند کرنے میں بھی مؤثر ہے اس کے مقابلے کا دیسی نسخہ ہے۔

نسخہ

سنگجراحت 5 تولہ، برگ نیم، سبز ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑ الیپیٹ دیں اور سات سیر جنگلی اُپلوں کی محفوظ الہوا آگ دیں۔

ترکیب استعمال

بقدر نصف ماشہ شربت انجبار وغیرہ کے ہمراہ دیں۔

دیسی ایمونیا کارب (نسخہ)

کافور دو ماشہ نوشادر 1 تولہ، چونا قلعی 1 تولہ، زعفران خالص 2 ماشہ، پہلے نوشادر اور چونے کو خوب باریک پیس لیں اور پھر زعفران کو علیحدہ پیس کر رکھیں، بعد ازاں کافور پیس کر تمام ادویہ کو ایک شیشی میں ڈال کر ایک تولہ پانی ملائیں اور مضبوط کارک لگا رکھیں۔

ترکیب استعمال

بوقت ضرورت شیشی کا منہ کھول کر ناک کے پاس لے جائیں، اور آہستہ سونگھائیں۔

فوائد

اس کے سونگھنے سے نزلہ زکام، دردسر اور درد داڑھ کو چند منٹوں میں فائدہ ہوتا ہے، کیونکہ شیشی کو ناک پر لگانے سے ناک کی بند نالیاں کھل جاتی ہیں (2) اگر کوئی آدمی کسی وجہ سے بے ہوش ہو گیا ہو، یا سردی کے مارے اس کے دانت آپس میں بھینچ گئے ہوں تو اس کے سونگھانے سے فوراً ہوش آجاتا ہو۔ (3) جو شخص ڈر کر پاگل ہو گیا ہو اس کو یہ دوا سونگھنا فائدہ مند ہے۔ (4) اگر کسی عورت کو بھوت یا چڑیل لگی ہو، اور بڑے بڑے جھاڑنے پھونکنے والوں کو قابو نہ آتی ہو اس کو سنگھاؤ، سنگھاتے ہی فوراً بھوت دور ہو جائیں گے ایک بار تو آنکھیں کھل جائیں گے چاہے بدمستی سے آنکھیں بند کرے۔

(نوٹ) شیشی کا منہ کسی وقت بھی کھلا نہیں رکھنا چاہیے ورنہ وہ گیس جو شیشی میں ہوتی ہے۔ پھر دوائی کسی کام کی نہیں ہوتی چند روز بعد اس کی تیزی کم ہو جاتی ہے اس وقت دوا کی شیشی کو ہلا کر سنگھائیں۔

یونانی سارسپریلا (نسخہ)

شاہترہ 12 تولہ، چرائتہ 12 تولہ، سر پھوکا 12 تولہ، منڈی 12 تولہ، عناب 100 عدد، ہلیلہ سیاہ 12 تولہ، صندل سرخ 12 تولہ، عشبہ 12 تولہ، رسوت 2 تولہ، خارخسک 3 تولہ، بیخ کاسنی 3 تولہ، بیخ بادیان 3 تولہ، برادہ شیشم 12 تولہ برادہ آبنوس 12 تولہ، پوست نیم 12 تولہ، بنایت سفید 3 سیر تمام ادویات کا حسب طریق شربت تیار کریں اور بحساب فی تولہ شربت پوٹاشیم آئیوڈائیڈ 2 گرین اور لائیکو آرآرسینی کیلیس 2 بوند بھی اضافہ کردیں، اور کھانا کھانے کے بعد 1 تولہ، دوا نصف چھٹانک پانی میں ڈال کر استعمال کریں، فساد خون کا مجرب ہے۔

دیسی انیٹی سیپٹک لوشن (نسخہ)

برگ ہلہل خشک سفوف شدہ 2½ تولہ برگ نیم خشک، سفوف شدہ 2½ تولہ، دونوں ادویہ ایک صاف بوتل میں ڈال کر بوتل کو پانی سے بھردیں، موسم گرما میں صرف تین یوم اور موسم سرما وبرسات میں ایک ہفتہ پڑا رہنے دیں لیکن کبھی، کبھی دن میں دو تین مرتبہ، روزانہ خوب اچھی طرح ہلا دیا کریں، بعد مدت مذکور پانی نتھار کر کسی دوسری صاف بوتل میں چھان کر بھرلیں اور ایک ہفتہ تک اس کو کام میں لائیں، ایسے تمام زخم جن سے مواد آتی ہو، یا خراب ہونے کا احتمال ہو یا کیڑے پڑے ہوں، اس سے دھونے سے کیڑے فوراً بے ہوش و مردہ ہو کر اوپر نکل آتے ہیں، انہیں نکال دیں یہ نہایت بے نظیر دیسی انیٹی سیپٹک لوشن ہے جس کی قدر آزمائش کے بعد معلوم ہوگی۔

بیش قیمت دیسی ادویات کے مقابلے کی سستی دیسی دوائیں

غریبوں کا کحل الجواہر

کحل الجواہر طب یونانی کا ایک مایہ ناز نسخہ ہے جو کہ آنکھوں کی بہت سی امراض کے لئے تریاق اعظم خیال کیا جاتا ہے مگر کیونکہ اس میں جواہرات پڑتے ہیں اس لئے اس سے ہر ایک شخص مستفیض نہیں ہو سکتا۔ اس لئے ذیل میں ایک ایسا نسخہ پیش کیا جاتا ہے جو کہ کم قیمت ہونے کے باوجود کحل الجواہر جیسے فوائد رکھتا ہو گویا کہ غریبوں کا کحل الجواہر ہے۔

نسخہ

افیون ایک تولہ نیم کے پتوں کا پانی، بکائن کے پتوں کا پانی، سونف کا پانی ہر ایک تولہ تولہ، سب کھوکھرل کر کے ایک سفید کاغذ پر لیپ کر دیں اور خشک ہونے پر فتیلہ بنا کر سرسوں کے تیل میں بدستور معروف کاجل بنائیں، پس یہی کحل الجواہر کا نعم البدل ہے اس کو استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

سرمہ اکسیر چشم (بدل مامیرا)

یہ وہ سرمہ ہے جس پر جس قدر بھی ناز کیا جائے بجا ہے کیونکہ دھندلا جالا پانی جانا بلکہ ابتدائے موتیا بند کو بفضلہ دور کر دیتا ہے، عوام الناس میں یہ بات مشہور ہے کہ مامیرا آنکھوں کی امراض کے لئے دنیا بھر کی ادویات سے بہتر دوا ہے اور اس کی وجہ محض یہ بتائی جاتی ہے کہ اس سے تیل کا رنگ ہوا کپڑا یا کوے کا پر سفید کیا جا سکتا ہے، یہی کرشمہ دکھا کر کابلی لوگ دو روپے رتی کے حساب سے فروخت کر جایا کرتے ہیں اور پھر بھی خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا، آیئے ہم آپ کی خدمت میں ایک انمول نسخہ پیش کرتے ہیں جو ہر صفت میں مامیرا کا ثانی بلکہ اس سے بھی اعلیٰ ہے اور اس پر طرہ یہ کہ بالکل کم خرچ بلکہ کوڑیوں کے خرچ سے تیار ہوتا ہے جو اصحاب اس سرمہ کو بنائیں گے وہ اس کے گن گائیں گے۔

نسخہ

سرمہ سیاہ کی 2 تولہ کی ڈلی لے کر ایک پختہ حنظل میں شگاف دے کر رکھ دیں، اور چرا ہوا اوپر رکھ اوپلوں کے انگاروں پر رکھ دیں جب معلوم ہو کہ تمام پانی خشک ہو گیا ہو گا تو اس میں سے نکال کر دوسرے میں رکھ دیں اور بدستور انگاروں پر پکائیں، علی ہذا القیاس ایک میں سے نکال کر دوسرے میں رکھتے اور پکاتے جائیں، یہاں تک پوری سو عدد پھلوں میں تشویہ دیں۔ پس بفضلہ بدل مامیرا سرمہ تیار ہے۔ اگر تمام تشویہ جات یکساں آگ میں اور ہوا سے بچا کر دیئے گئے، تو یہ سرمہ بھی کوے کے پر اور نیل سے رنگے ہوئے کپڑے کو سفید کرے گا، اگر سفید نہ کرے تو خیال فرمائیں کہ احتیاط سے تیار نہیں ہوا، البتہ فوائد میں پورا کام دے گا۔ ڈلی مذکورہ کو کھرل میں ڈال کر نہایت باریک پیس لیں، اور مانند غبار ہو جانے پر شیشی میں رکھ کر سنبھال رکھیں اور سوتے وقت [illegible]

ایک اور لاجواب سرمہ

جو غریبوں کیلئے ما میرا سے بڑھ کر ہے، نسخہ ہلدی زرد چوب، کی دو بڑی گرہ لے کر اندرائن کے پختہ شدہ پھل میں بدستور سابق محفوظ جگہ رکھ دیں اور خشک کریں یہاں تک کہ پورے سات پھلوں میں رکھ کر خشک کریں اور بوقت ضرورت مندرجہ ذیل طریقہ سے سرمہ تیار کریں، گرہ زرد چوب مدبر یعنی جو یکے بعد دیگرے سات اندرائنوں میں رکھ کر خشک کی گئی ہو ایک عدد لے کر نہایت باریک پیسیں اور پھر 5 تولہ سرمہ سیاہ ملا کر خوب ہی باریک پیسیں پس سرمہ تیار ہے شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت شب پرماتما کا نام لے کر تین تین سلائی ڈالا کریں۔

فوائد: آنکھوں کے بے شمار امراض کو دور کر کے نظر کو از حد تیز کر دینے والی چیز ہے، خصوصاً پانی جالا، پڑوال چشم دھند وغیرہ کے لئے لاجواب اکسیر ہے۔

غریبوں کی بھیم سینی کافور (نسخہ)

برادہ صندل، سفید خالص دس تولے، ہلدی دس تولے، کافور خالص پانچ تولہ، تینوں کو باریک پیس کر کانسی کے بڑے کٹورے میں ڈال کر اتنے ہی بڑے کانسی کے کٹورے کو اس کٹورے پر الٹا رکھیں یعنی دونوں کٹوروں کے منہ آپس میں مل جائیں، اب گیہوں کے آٹے کو گوندھ کر اس سے ان کا منہ اور ارد گرد سے بند کر دیں تا کہ اندر سے دھواں نہ نکل سکے چھوٹے سے چولہے پر ان کٹوروں کو رکھ کر نیچے بیری کی لکڑی کی مدہم آگ جلالیں اگر کسی جگہ سے دھواں نکلتا معلوم ہو تو اسے آٹے سے بند کر دیں، ایک پہر کے بعد دونوں کٹوروں کو اسی جگہ پڑے پڑے ٹھنڈا ہونے دیں، جب ہاتھ لگانے سے گرمی معلوم نہ ہو تب ارد گرد کے آٹے کو اتار کر آہستہ الگ کریں، اور اوپر کے کٹورے میں لگے کافور کو کھرچ کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

غریبوں کا جواہر مہرہ

یہ دوا غریبوں کے لئے لاثانی تحفہ ہے جتنا کام امیر لوگ جواہر مہرہ سے لے سکتے ہیں، اتنا غریب لوگ اس سفوف سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نسخہ

طباشیر 2½ تولہ، دانہ الائچی خورد 2½ تولہ، برادہ صندل سفید 2½ تولہ،

کشنیز 2½ تولہ، گل نیلوفر، 1½ تولہ، کہربا شمعی 2½ تولہ نارجیل دریائی 2½ تولہ ورق نقرہ نصف دفتری کشتہ مرجان 6 ماشہ، کشتہ عقیق 1 تولہ کشتہ سنگ یشب 6 ماشہ سب ادویات کونہایت باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ جات دیں۔

فوائد

یہ دوا صرف دل کے امراض کیلیے ہی نہیں بلکہ تمام گرم امراض مثلاً پیاس گھبراہٹ، بے چینی، بخر تے دست پیچش دل دھڑکنا وغیرہ کیلیے آب حیات ہے۔

مفرح دل جواہر مہرہ

نسخہ

کشتہ نقرہ، کشتہ صدف اصلی کشتہ، عقیق کشتہ، مرجان کشتہ یشب ہر واحد ایک تولہ، دانہ الائچی، سفید ایک چھٹانک طباشیر اصلی آدھ پاؤ مصری کوزہ ایک پاؤ سب کو باہم ملا کر بذریعہ کھرل ایک جان کریں اور بقدر ایک ماشہ، ہمراہ مربہ گذر مربہ آملہ، مربہ سیب مربہ ہی مربہ پیٹھا ان سے جو ہو بقدر آدھی چھٹانک لے کر معمولی پانی سے دھو کر چاشنی دور کریں اور بقدر آدھ پاؤ، مدبر مربہ مذکورہ میں ملا کر بوقت صبح کھائیں، اور بعد میں شیر گاؤ تازہ یا جوش دیا بقدر ایک پاؤ یا ڈیڑھ پاؤ نیم گرم حسب پسند مصری سے شیریں کر کے نوش کریں، اس کے استعمال سے اشتہا بڑھ گئی ہو گی اور اختلاج القلب کی شکایت ہفتوں بلکہ دنوں میں دور ہو جائے گی، یہ مفرح ضیغوں، کمزور نو جوانوں اور بچوں کیلیے یکساں مفید ثابت ہو گی صرف مقدار خوراک کی کمی بیشی صحت اور عمر کے لحاظ سے کرنا ازبس ضروری ہے۔

غریبوں کی یاقوتی (نسخہ)

مربہ آملہ ایک پاؤ مربہ سیب، ایک پاؤ مربہ ہی ایک پاؤ مربہ گذر ایک پاؤ مربہ ہلیلہ ایک پاؤ لیکر، ڈنڈا سے اس قدر گھوٹیں، کہ سب یکجان ہو جائیں پھر اس میں طباشیر کبود 2 تولہ دانہ الائچی خورد 2 تولہ کشتہ مرجان 1 تولہ کشتہ عقیق 1 تولہ ورق نقرہ 6 ماشہ ان کو باریک کر کے اسمیں خوب اچھی طرح ملا لیں۔

مقدار خوراک

1 تولہ صبح 1 تولہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد

نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی قلب معدہ اور دافع خفقان ہے۔

لال گھاسا قائم مقام دواء المسک

جسے دواء المسک ہندی اور تریاق احمر بھی کہتے ہیں، تقویت دل اور بحالی طبیعت کے لئے عجیب وغریب کرشمہ دکھانے والی دوا ہے، انتعاش، قوت تحریک قلب ودماغ اور تجدید حرارت اور حرارت عزیزی کے لئے یہ کوڑیوں کی دوا گراں قیمت دواؤں پر فائق ہے مزاج اس کا مائل بہ حرارت ہے امراض بلغمی کی غشی اور حرارت میں نہایت مفید ہے۔

نسخہ:

لونگ زنجبیل، شنگرف مصفیٰ، زعفران، جائفل دارچینی، مرچ سیاہ، میٹھا تیلیہ مدبر، مگھاں عقرقرحا، چوب چینی، تج پات پپلا مول چترا جملہ مساوی الوزن لوہے کے برتن میں لوہے کے دستے سے پانچ روز صلایہ کریں۔

خوراک

ایک سرخ ہمراہ شہد یا مسکہ استعمال کریں۔

دوالمسک ہندی

سبات اور بے ہوشی کے لئے جو امراض بلغمی سے عارض ہو، دوالمسک کا کام دیتی ہے۔

نسخہ

مگھاں، مرجاں، سندھ، تج پترج الائچی خورد، جائفل، جاوتری، پپلا مول دارچینی، عقرقرحا چترا ہر ایک ایک تولہ صندل سرخ دو تولہ، سرما سا کر کے دو روز کھرل کریں۔

خوراک: ایک سرخ سے ماشہ تک ہمراہ مربہ سیب وغیرہ استعمال کریں۔

اکسیر المسک کم قیمت کثیر المنفعت

غشی سقوط قوت، ہاتھ سرد ہو جانے دل کی کمزوری دل گھٹنے وغیرہ کے لئے ہر قسم کی یاقوتیوں سے بڑھ کر مفید ہے۔

نسخہ

مسک ولائتی جو انگریزی دوا فروشوں سے ایک اونس کی شیشوں میں مل جاتی ہے، 2 ماشہ کشتہ فولاد ولائتی 2 ماشہ، کشتہ مرجان 4 ماشہ، کشتہ صدف 4 ماشہ۔

مسک کو باریک کھرل کر کے باقی چیزیں ملائیں بس دوا تیار ہے اگر مرض کا دورہ ہو تو 4 رتی اکسیر المسک دودھ یا چائے یا پانی یا مناسب عرق کے ساتھ دیں فوراً ہوش آ جائے گی، ورنہ دوسری خوراک دیں، اگر تقویت قلب مطلوب ہو تو صبح، دوپہر، شام یا دو وقت یا صرف ایک وقت حالات کے مطابق دیں، مذکورہ بالا امراض میں شرطیہ دوا ہے۔

ماء الشجر قائم مقام ماء اللحم (نسخہ)

درخت پیپل کی نازک کونپلیں درخت برگد کی داڑھی بوٹی سنگھاہولی ہر ایک پاؤ منقیٰ، چھلکا سنگترا گوند چھوہارہ ہر ایک 5 تولہ گاجر کا پانی سیب کا پانی ہر ایک ایک سیر گائے کا دودھ دس سیر ان سب کو ملا کر 72 گھنٹہ کے بعد عرق کشید کریں اور نالی کے اندر پوٹلی میں باندھ کر 3 ماشہ کستوری 3 ماشہ، زعفران پیس ملا کر رکھ دیں، تاکہ عرق اس کے بیچ میں سے ہو کر نکلے یہ عرق ماء اللحم سے کئی گناہ طاقت دینے والا ہے اور بے حد خون بڑھاتا ہے خوراک اتنی ہے جتنی ماء اللحم کی اس کو خواہ دوآتشہ نکالو۔

غریبوں کی مومیائی

روغن بلادر پتال جنتر سے نکالا ہوا پانچ چھٹانک لوبان کوڑیہ 5 تولہ، رال عمدہ 2½ تولہ، پہلے تیل بلادر کو ایک مٹی کی ہنڈیا میں پکاؤ، پھر اس میں رال پسی ہوئی ڈال دو دس منٹ لوبان پسا ہوا بھی ڈال دو، جب خوب پک جائے تب ایک سیخ بھر کر کاغذ پر ڈال کر دیکھو کہ ٹھنڈا ہو کر جم جاتا ہے یا نہیں، اگر جمنے کے لائق ہو گیا تو اتار کر رکھ دو جب ٹھنڈا ہو کر جم جائے تب ہنڈیا پھوڑ کر مومیائی نکال کر شیشی میں رکھ لو، چونکہ یہ تیل ابال کھاتا ہے اس لئے ہنڈیا ایسی لینی چاہیے

جس میں دو سیر دودھ آ جائے جب رال ولوبان ڈال دیا جائے پھر کچھ ڈر نہیں ہے بلکہ اس کے پاس بیٹھنے سے پرانا نزلہ زکام دور ہو جاتا ہے۔

اس مومیائی کو پیس کر 3 یا 4 رتی ہمراہ گرم دودھ استعمال کریں یہ مومیائی درد جسم و کمر کو دور کرتی ہے سر کے بال قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے، سفید شدہ بالوں کو پھر سیاہ کرتی ہے، اور باہ بڑھاتی ہے۔

غریبوں کا بسنت مالتی رس (نسخہ)

شنگرف رومی، میٹھا تیلیہ، مصفیٰ سہاگہ، چوکیہ مرچ سیاہ ورق، چاندی صدف مروارید خالص ہر 1 تولہ، ان سب کو باریک کر کے کھرل میں ڈالیں اور تھوڑا تھوڑا آب لیموں و آب ادرک برابر وزن ڈال کر تین دن متواتر گھوٹ کر خشک کریں اور باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک

ایک رتی سے دو رتی تک۔

فوائد

ملیٹھی خالص ایک ایک رتی باریک کو بقدر 1 رتی، ہمراہ طباشیر دانہ الائچی خورد ست پیس کر تین ماشہ شہد صبح شام چند یوم کھلانے سے تپ دق اور پرانے بخاروں کو اس قدر فائدہ ہوتا ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے کہ کھانسی بھوک نہ لگنا طبیعت ست رہنا وغیرہ شکایات جو اکثر بخار میں ہوا کرتی ہیں اس کے استعمال کرتے ہی رفع ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور رفتہ رفتہ بخار دور ہو کر جسم تندرست اور طاقتور ہو جاتا ہے، علاوہ ازیں اگر یہ اکسیر بے نظیر مکھن یا ملائی کے ہمراہ کچھ دن متواتر استعمال کی جائے تو اعضائے رئیسہ و شریفہ کو حد درجہ کی طاقت پہنچے گی قوت باہ بڑھے گی، نیز منی کی خرابی سے پیدا ہونے والی تمام بیماریاں ہمیشہ کیلئے جڑ سے دور ہوں گی، گرتی ہوئی تندرستی کو ٹھہرانے بھوک بڑھانے اور ہاضمہ کو تیز کر کے سردی اور بادی سے پیدا ہونے والی تمام شکایتوں مثلاً بلغمی کھانسی، دمہ، کمی اشتہاء ضعف معدہ، ضعف جگر برودت مثانہ زیادہ پیشاب نسیان زکام نزلہ دائمی عورت کا مرض پرسوت نئے پرانے بلغمی بخار تپ کہنہ وغیرہ کو دور کرنے کیلئے

یہ جادو اثر دوا پان بلا کتھا، چونے میں رکھ کر صبح و شام دونوں وقت استعمال کرنا گویا جام صحت نوش کرنا ہے۔

گھوڑا اچولی رس کے مقابلے کی دوا (نسخہ)

تخم جوز ماثل، مرچ سیاہ، نوشادر، ریوند چینی، افیون، جدوار ہر ایک 3 ماشہ، کھانڈ 1½ تولہ، سفوف تیار کریں، اور 1 رتی سے 2 رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا پانی دیں۔

فوائد

نزلہ زکام، کھانسی دردسر، درد معدہ درد مفاصل، نزلہ دائمی وغیرہ بے شمار امراض کا شرطیہ علاج ہے۔ طبیب حاذق اپنی مرضی سے جہاں چاہے مناسب بدرقہ سے استعمال کر سکتا ہے۔

غریبوں کا امرت دھارا (نسخہ)

مرچ سیاہ 1 تولہ، نوشادر 1 تولہ، گیرو دو تولہ، سب اشیاء کو نہایت باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

خوراک

صرف 2 رتی ہمراہ مناسب بدرقہ جات استعمال کریں۔

ترکیب استعمال

سر درد، نزلہ زکام بے ہوشی کیلئے تھوڑی سی لے کر بطور نسوار سنگھائیں اور دانت درد، دانتوں کا ہلنا، دانتوں کی میل وغیرہ کیلئے بطور منجن استعمال کریں، بدہضمی، پیٹ درد، اپھارہ سول وغیرہ کے لئے بقدر دو رتی عرق سونف نیم گرم سے کھلائیں۔

دھند، جالا، پھولا، رتوندھا کیلئے چار حصہ سرمہ میں ملا کر باریک پیس رکھیں اور آنکھوں میں ڈال کریں، اسہال ہیضہ کے لئے دو تولہ گلقند میں ملا کر کھلائیں، اوپر سے لعاب اسپغول پلائیں، بھڑ مکھی وغیرہ کے کاٹے پر پہلے ذرا لعاب لگا کر اوپر یہ دوا خوب اچھی طرح 5 منٹ تک ملیں، انشاء اللہ ورم تک نہ ہوگا، علاوہ ازیں اس اکسیر کو آپ ہر ایک بیماری میں مناسب بدرقہ سے استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

بادۂ کہن در جام نو

قرص زمانی

اطریفل زمانی، طب قدیم کا نہایت مشہور و مفید مرکب ہے لیکن بعض اصحاب بدذائقہ بدرنگ بدبودار اور کثیر الخوراک ہونے کی وجہ سے اسے کھا نہیں سکتے تھے، اس لیے ہم نے اس کے قرص تیار کر لئے، جس سے مقدار خوراک بھی کم ہوگئی، اور رنگ و بو اور ذائقہ کی شکایت بھی جاتی رہی۔

نسخہ

گل بنفشہ، گل سرخ، گل نیلوفر، ہر ایک 5 تولہ، کشنیز خشک 3 تولہ، عناب 50 دانہ، سپستاں 50 دانہ، سب کو رات بھر آدھ سیر گرم پانی میں بھگو دیں، صبح ہلکی آگ پر پکائیں، جب آدھ پاؤ پانی رہ جائے تو خوب مل کر چھان لیں۔

ترب سفید، مغز بل شیدہ، ہلیلہ سیاہ، ہلیلہ مقشر پوست ہلیلہ کابلی پوست، ہلیلہ زرد آملہ، منقی ہر ایک تین تولہ، کتیرا، صندل سفید، طباشیر ہر ایک 10 ماشہ، سقمونیہ ولائتی 2 تولہ، غاریقون 1 تولہ سب کو خوب باریک کر کے مندرجہ بالا مطبوخ ڈال کر خوب گھوٹیں، اور ایک ایک ماشہ کے قرص بنا کر اوپر چاندی کے ورق چڑھائیں۔

مقدار خوراک

ایک سے تین قرص تک رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی یا دودھ یا عرق گاؤزبان دبادیان سے کھالیا کریں۔

فوائد

منقی دماغ ہے، قولنج قبض نزلہ، زکام دائمی، مالیخولیا، مراق تبخیر وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

قرص تریاق النزلہ

تریاق النزلہ بھی طب قدیم کی مشہور دوا ہے ذیل کی ترکیب سے اس کے قرص تیار کیے گئے۔

ترکیب

• گل گاؤ زبان، کشنیز خشک، حب الاس، تخم کاہو، ہر ایک 3 تولہ، کوکنار، 15 تولہ، بزرالبنج تخم دھاتورہ ہر ایک 2 تولہ، گل سرخ 4 تولہ، اصل السوس 5 تولہ، سب کو شب بھر 2 سیر گرم پانی میں بھگو دیں، صبح جوش دیں، جب تین پاؤ پانی رہ جائے تو مل کر چھان لیں، اور اس میں رب السوس، نشاستہ، صمغ عربی، زنجبیل، کیترا مرکی ہر ایک 2 تولہ اسطخو دوس 1 تولہ، خشخاش سفید 3 تولہ خوب باریک پیس کر ڈال دیں اور نرم آگ پر پکائیں، چمچے سے ہلاتے جائیں، جب قوام جوبلی پر آجائے تو اتار کر سرد کر کے ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک

ایک ایک قرص صبح وشام عرق گاؤزبان 10 تولہ شربت بنفشہ 2 تولہ سے کھالیا کریں۔

فوائد

نزلہ زکام کیلئے نہایت مفید ہے کھانسی کی شکایت دور کرتا ہے۔

قرص آملہ

جوارش آملہ کا بہترین بدل ہے۔

اجزا ترکیب

پوست آملہ 8 تولہ، پوست بیرون پستہ، پوست ترنج، صندل سفید، طباشیر، دانہ الائچی سبز ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی 3 تولہ سب دواؤں کو آب آملہ سبز میں اس قدر کھرل کریں کہ آدھ سیر پانی اس میں جذب ہو کر دوا قوام جوبلی پر آجائے اب ایک ماشہ کے قرص تیار کریں، اور اوپر ورق نقرہ چڑھا کر سایہ میں خشک کرلیں۔

مقدار خوراک

ایک یا دو قرص بعد غذا عرق بادیان وعرق گاؤزباں ہر ایک 7 تولہ سے کھالیا کریں۔

فوائد

مقوی قلب معدہ وجگر ہے دستوں کو بند کرتا ہے [illegible]

جالینوزی (نسخہ)

جوارش جالینوس کا بدل ہے۔

دانہ الائچی خورد، بالچھڑ قرفہ الطیب، دار چینی، قرنفل، خولنجاں زنجبیل عمدہ، فلفل سیاہ، دار فلفل، قسط شیریں، اسارون عود بلسان، تخم مورد شیریں ہر ایک ایک تولہ، زعفران 3 تولہ، مصطگی رومی 6 تولہ ورق طلاء کلاں ایک ماشہ سب کو مثل غبار کر کے شہد میں ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک

ایک ایک ماشہ قرص، صبح و شام بعد غذا، بدرقہ مناسبہ سے کھائیں۔

فوائد

مقوی معدہ امعاء و جگر ہے محلل ریاح ہے قبض کو رفع اور کھانے کو ہضم کرتی ہے بادی بواسیر کے لئے بھی اچھی چیز ہے۔

قرص کمونی

زیرہ سیاہ کشمیری مدبر 5 تولہ، زنجبیل برگ سداب بورہ ارمنی ہر ایک 2 تولہ فلفل سیاہ، سقمونیا، زعفران ہر ایک 9 ماشہ سب کو باریک کر کے عرق بادیان میں گھوٹ کر ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک

ایک قرص بعد غذا تازہ پانی یا عرق بادیاں سے کھالیا کریں۔

فوائد

معدہ کی اکثر بیماریوں میں مفید ہے۔ دواء المسک کا بدل ہے۔

المسک (نسخہ)

صندل سفید طباشیر، مغز کشنیز، کہربا غنچہ گل سرخ، مغز تخم کدو، ہر ایک 2 تولہ، گل گاؤ زبان ایک تولہ دار چینی، برگ بادرنجبویہ عود ہلدی، بہمن سرخ و سفید درونج عقربی، مصطگی الائچی

خورد، پوست آملہ، ہر ایک 7 ماشہ، مشک خالص مروارید عنبر، ہر ایک 3 ماشہ، ورق نقرہ 4 ماشہ، ورق طلاء ایک ماشہ، زعفران 5 ماشہ، سب کو روح کیوڑہ وگلاب میں کھرل کر کے چار چار رتی کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک

ایک سے دو قرص تک۔

فوائد

اعضائے رئیسہ، شریفہ کو طاقت دیتی ہے مقوی معدہ ہے، خفقان، ضعف قلب، وغیرہ کو دور کرتی ہے۔

کشنیزی (نسخہ)

اطریفل کشنیز کا بدل ہے۔

نمک ترپھلہ 2 تولہ، مغز کشنیز خشک 7 تولہ، دونوں کو مثل غبار کر کے شہد میں گوندھیں اور 4-4 رتی کے اقراص بنالیں اوپر چاندی کے ورق چڑھالیں۔

خوراک

ایک ایک قرص صبح وشام بالائی مکھن یا دودھ کے ساتھ یا کسی دیگر مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد

مقوی دماغ ومعدہ وجگر ہے بصارت کو تیز اور قوی کرتی ہے تبخیر کو دور کرتی ہے بھوک لگاتی ہے بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے اکثر اقسام اوجاع میں بھی مفید ہے۔

قرص شاہترہ (نسخہ)

اطریفل شاہترہ کے قائم مقام ہیں۔

شاہترہ تازہ وسبز کوٹ کر پانی نکال لیں، اور چھان کر دھوپ میں خشک کرلیں، یہ خشک شدہ عصارہ 5 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی غنچہ، گل سرخ، برگ سناء مکی ہر ایک 1 تولہ،

ریوند چینی، برگ نیم ترید سفید ہر ایک 6 ماشہ، سب کو خوب باریک کر کے شہد میں ملا کر ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

خوراک

ایک ایک قرص صبح دوپہر شام عرق عشبہ، عرق چرائتہ، عرق منڈی ہر ایک 4 تولہ، شربت دینار 2 تولہ سے کھالیا کریں۔

افعال

مصفی ومقوی خون ہے، قبض کشا ہے اور مقوی معدہ ہے۔

غُددی

اطریفل غددی کے بجائے اسے استعمال کیجئے۔

پوٹاشیم آیوڈائیڈ 4 ڈرام، اکسٹرکٹ بیلا ڈونا، 6 ڈرام، صمغ عربی، کیترا، انیسون، زرنباد، مرکی، کندر، قرنفل غاریقون، مصطگی رومی بالچھڑ، جوز بوا، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ایک جگہ کریں، اور گلیسرین کی مدد سے آٹھ آٹھ گرین کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک

ایک ایک قرص دن میں دو یا تین دفعہ عرق منڈی 10 تولہ شربت کاسنی 2 تولہ، سے کھلا دیا کریں۔

فوائد

خنازیر کیلئے مخصوص چیز ہے علاوہ ازیں ہر مقام کے بڑھے ہوئے غدوددوں کو تحلیل کر دیتی ہے۔

نسخہ

شربت کاسنی، آب برگ کاسنی مروق آدھا سیر آب برگ عنب الثعلب مروق پاؤ سیر دانہ کھانڈ، ڈیڑھ سیر روح گلاب 10 تولہ سب کو ملا کر قوام کر لیں۔

فولادی (نسخہ)

اطریفل فولادی کی جگہ یہ دوائی تیار کی گئی ہے۔

فلفل دراز، زنجبیل، کشتہ خبث الحدید ہر ایک 4 ماشہ، پوست ہلیلہ کابلی 9 ماشہ، رب السوس، ستاور پوست، آملہ ہر ایک 7 ماشہ فیری ایٹ کونین سائٹراس 1 تولہ، کچلہ مدبر 3 ماشہ سب کو باریک کر کے شہد میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک

دو دو گولیاں صبح و شام دودھ یا کسی دیگر بدرقہ سے کھالیا کریں۔

فوائد

مقوی و مولد خون و مقوی باہ ہے جگر کو طاقت دیتی ہے معدہ کو قوی کرتی ہے اور بواسیر خونی میں بھی بہت نفع بخش ہے۔

قرص بُرش (اجزاء) برشعشا کے قائم مقام ہے

فلفل سیاہ، فلفل سفید، بزرالبنج ہر ایک ایک تولہ، زعفران، فرفیون، بالچھڑ، عاقرقرحا، برگ بھنگ ہر ایک 7 ماشہ افیون 1 تولہ سب کو آب ادرک پاؤ سیر میں کھرل کر کے دو دو رتی کے قرص بنالیں۔

سوزاک

ایک قرص عرق گاؤزبان یا بکری کے دودھ سے کھالیا کریں۔

فوائد

فالج، رعشہ، جنون مالیخولیا، بے خوابی نزلہ زکام اور دردہائے مختلفہ میں مفید ہیں، استرخا میں بہت نفع دیتے ہیں۔

لولوی (اجزاء)

خمیرہ مروارید کا عمدہ بدل۔

مروارید ناسفتہ 7 ماشہ، زہر مہرہ خطائی زعفران ہمنین، کہربا صندل سفید، طباشیر، سنگ

یشب ہر ایک ایک تولہ، یاقوت 1 تولہ، مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک 4 ماشہ عرق گلاب سہ آتشہ روح کیوڑہ روح بید مشک، ہر ایک پاؤ سیر تودری سرخ وسفید، سمندر سوکھ، تخم خرفہ، مقشر، گل گاؤزبان مناسب مقدار میں اس قدر کھرل کریں کہ تمام عرق جذب ہو جائے اب 4،4 رتی کے قرص بنائیں اور اوپر ورق طلاء یا ورق نقرہ لگائیں۔

خوراک

ایک ایک قرص صبح شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

فوائد

مقوی اعصاب واعضائے رئیسہ مفرح قلب ہے تپ تورکی میں سودمند ہے نہایت مفید چیز ہے۔

سپستاں

لعوق سپستاں کی بجائے استعمال کیجئے۔

نسخہ

لعاب سپستاں پختہ وتازہ پاؤ سیر، شیرہ عناب ولائتی 50 دانہ، رب السوس، خشخاش سفید، خشخاش سیاہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم کدو شیریں، ہر ایک 2 تولہ مغز بہدانہ، کتیرا، صمغ عربی ہر ایک 3 تولہ، مغز بادام شیریں مقشر 2 تولہ، افیون 1 تولہ، سیکرین 6 ماشہ، شیر خشت اعلیٰ 1 تولہ، سب کو گھوٹ کر تین سو قرص بنائیں۔

خوراک

ایک ایک قرص دن میں دو تین بار منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔

فوائد

نزلہ وزکام، کھانسی، دمہ، نمونیا، ذات الجنب وغیرہ میں مفید ہے، سل دق کی کھانسی میں بھی نفع مند ہے۔

☆.....☆.....☆

تجارتی نسخہ جات

سیلان الرحم کی جادو اثر دوا

جس کی خوراکوں پر ایک پیسہ لاگت آتی ہے۔

نسخہ

کسیس سبز (فرائی سلفاس) جس کو عام لوگ سبز کاہی کہتے ہیں بقدر 3 ماشہ گیارہ پڑیاں بنائیں اور ایک پڑیہ ہر روز بوقت صبح ہمراہ پانی کھلائیں، اگر سیلان زیادہ ہو تو ایک دن میں دو پڑیہ بھی دے سکتے ہیں، جو امراض رحم کیلئے ہمارا چلتا ہوا اور مقبول عام نسخہ ہے۔

حبوب قبض کشا

تھوڑے پیسوں کی لاگت سے ایک ہزار قبض کشا گولیاں بنائی جا سکتی ہیں۔

نسخہ

کپڑے دھونے کا دیسی صابن (جو چونا اور سجی سے بنایا ہو) چاقو سے باریک تراش کر پانی کی مدد سے کھرل کریں، رنگت تبدیل کرنے کیلئے تھوڑا سا گیرو اور خوش ذائقہ کرنے کیلئے چند قطرے روغن سونف شامل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ ایک یا دو رتی گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھانے سے صبح بغیر تکلیف کے ایک دو، دست آ جاتے ہیں۔

سینکڑوں انسانی امراض دور کرنے والی گولیاں

نسخہ

ستیاناسی کسی کے پتوں کا پانی نکال کر مٹی کے برتن میں نرم آنچ پر پکائیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں، جب قوام غلیظ ہو جائے تو ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں اور ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ یا بدرقہ مناسب استعمال کریں۔

فوائد

ان گولیوں کے استعمال سے عام جسمانی صحت بحال رہتی ہے اس کے علاوہ یہ گولیاں درد شکم، درد سر، اسہال پیچش، دمہ وکھانسی خارش خشک وتر، پھوڑا، پھنسی، داد چنبل بخار آتشک سوزاک جریان اور کثرت احتلام وغیرہ کے لئے جادو کا اثر رکھتی ہیں۔

دو پیسے تولہ تیار ہونیوالا جادو اثر طلاء

نسخہ

پستہ ایک پاؤ، ہم الفار 5 تولہ رزدی بیضہ مرغ 2 درجن، جماں گوٹہ، ایک پاؤ بوٹا بجی ایک پاؤ، روغن کنجد 4 سیر پہلی تین اشیاء کو زردی بیضہ مرغ میں کھرل کریں، پھر روغن کنجد میں تمام ادویہ کو ملا کر جلائیں، اور آہنی دستہ سے خوب کھرل کریں، اور شیشی میں بھر کر محفوظ رکھیں، نہایت مفید و مجرب نسخہ ہے، خصوصاً تجارتی اغراض کے لئے ایک قابل تعریف چیز ہے۔

امراضِ دنداں کیلئے منجن

نسخہ

گیرو مٹی ایک سیر تمبا کو سوختہ 5 تولہ پھٹکری بریاں 2 تو مرچ سیاہ ایک تولہ، فلفل درار 3 ماشہ، کتھا سفید 3 ماشہ نمک لاہوری 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: پہلے تمبا کو کو کسی مٹی کے کورے برتن میں ٹکڑے بنا کر ڈالیں اور آگ پر چڑھا کر بھون لیں، جب سوختہ ہو جائے تو پیس کر مہین سفوف بنالیں پھٹکری کو آگ میں ڈال کر خوب اچھی طرح بریاں کرلیں، کچی نہ رہے جب بریاں ہو جائے تو اس کا بھی سفوف بنا لیں، باقی تمام چیزوں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کر گیرو مٹی میں ملا کر دو چار بار چھلنی میں چھان لیں، پس گھریلو استعمال کے لئے بہترین منجن تیار ہے تجارت کے لئے نہ سہی کم از کم گھریلو ضرورت کے لئے بنالیں۔

ٹوتھ پوڈر

یہ ایک ایسا مفید اور عام چلنے والا نسخہ ہے جس سے بے کار لوگ کافی روزگار پیدا کر سکتے ہیں، اور ایسا مفید نسخہ ہے جسے دانتوں کی جملہ امراض کا تسلی بخش علاج سمجھنا چاہیئے۔

نسخہ

فرنچ چاک 14، اونس، سمندر جھاگ، مسفوف 4 اونس، پیپر منٹ 6 ماشہ، رنگ گلابی حسب ضرورت سب کو باہم ملالیں، نہایت اعلیٰ ٹوتھ پوڈر تیار ہے چھوٹی، چھوٹی ڈبیوں میں بھر کر فروخت کر سکتے ہیں۔

پائیوریا کا بے خطا نسخہ

اس بے نظیر دوا کے استعمال سے پائیوریا کے سینکڑوں مریض صحت یاب ہو چکے ہیں، آپ اسے تیار کر کے آزمائیں اور مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

نسخہ

سوڈیم بائیکارب [illegible] وڈرام پوٹاشیم کلوراس دوڈرام سوڈیم کلورائیڈ دوڈرام میگنیشم کارب اڈرام منتھول (ست پودینہ) آٹھ [illegible] یہ کو باریک کھرل کر کے ملالیں اور کسی بند شیشی میں حفاظ[illegible]

ترکیب استعمال [illegible] شام دن [illegible] کریں، بفضلہ چند روز میں نمایاں فائدہ ہو گا، ادویات بیحد ارزاں ہیں، مگر پائیوریا کے لئے اکسیر ثابت ہو چکی ہیں۔

داد کا تجارتی نسخہ

ہائپو، فاسفیٹ آف لائم ½ اونس، ایسڈ بورک ½ اونس، ہائیڈ رزم ایمونیا ½ ڈرام بوتل پہلے پانی کو کسی ہانڈی یا پتیل کے برتن میں خوب گرم کرو، اس کے گرم ہو جانے پر نیچے اتار لو پھر اس میں ہائپو فاسفیٹ آف لائم، اور ایسڈ بورک ملا کر کچھ دیر کھرل میں گھوٹو، ٹھنڈا ہو جانے پر ہائیڈ رزم ایمونیا گھوٹ کر ملا لو اگر خوشبودار بنانا ہو تو اس میں لونڈر یا عرق گلاب ملا لو، بعد ازاں اسے ایک صاف بوتل میں بھر کر رکھ دو اس کو دن یا رات میں دو تین دفعہ روئی کے پھائے سے داد پر لگانے سے تین چار دن میں ہر طرح کا داد کافور ہو جاتا ہے اور اس میں سب سے بڑھکر یہ خوبی

ہے کہ کپڑا خراب نہیں ہوتا، داد کے لئے جتنی بھی مشہور ادویات ہیں ان میں سے بھی اوصاف میں کم نہیں ہے جو لوگ اس نسخہ سے دولت مند ہونا چاہیں، وہ اسے تیار کر کے خوبصورت شیشیوں میں بھر کر اور لیبل وغیرہ لگا کر ہزاروں روپے کما سکتے ہیں اس پر بہت کم لاگت آتی ہے، انگریزی دوافروشوں سے یہ ادویات نہایت آسانی سے مل جاتی ہیں۔

افیون چھڑاؤ گولیاں (نسخہ)

یہ نسخہ سوفیصدی مجرب ہے۔ ہر شخص خواہ حکیم ہو یا غیر حکیم اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، حکیم کی شہرت کو اس سے چار چاند لگ جائیں گے جب کسی افیونی کو اسکا استعمال کرائیں تو اسے اس کی افیون سے چار گنا گولیاں وزن کر کے کھلا دیں اور اسے کہہ دیں کہ وہ اپنی افیون کی ڈبیہ کو بے شک سامنے رکھ لے اگر نشہ پورا نہ ہو یا طبیعت گرتی ہوئی محسوس و تب اسے اختیار ہے کہ وہ ڈبیہ اٹھا کر افیون کھالے، مگر جب کوئی خراب علامت نہ ہو تو خواہ مخواہ ڈبیہ کو ہاتھ نہ لگائے، اپنی طبیعت پر قابو رکھے، کمزور طبیعت والا آدمی کسی دوا سے بھی فائدہ نہیں، اٹھا سکتا، افیون تب ہی چھوٹ سکتی ہے، جب افیونی اس کے چھوڑنے کا مصمم ارادہ کر کے دوا شروع کرے، دوا طبیعت کو نہیں پلٹنے گی، بلکہ یہ تو افیون کے نہ کھانے سے جو بداثرات ہوا کرتے ہیں، ان کو روکے گی اس سے بھوک کھل جاتی ہے، پاخانہ کھل کر آتا ہے اور طبیعت نڈھال نہیں ہوتی۔

نسخہ

مارفیا ہیڈروکلور ایک ڈرام سفوف اجوائن خراسانی، مصفیٰ ایک تولہ، سفوف شحم حنظل ایک تولہ، سفوف شنگرف بڑی کا (جو ڈوپٹہ رنگنے کے کام آتا ہے) ایک تولہ، چاروں اجزاء پارچہ بیز پانی ½ بوتل لے کر پانی کے ذریعہ ملا کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں، جس قدر افیون کھاتا ہو اس سے چار چند وزن کر کے کھلا دیا کریں، تین روز تک تو سالم خوراک دیں، بعد ازاں حسب برداشت طبیعت ایک ایک رتی یا کم وبیش کم کرتے جائیں، آخر میں بلا تکلیف افیون چھوٹ جائے گی، ہر موسم میں کھلائی جا سکتی ہے۔

لاکھ روپے کا نسخہ یعنی خضابی تیل بنانا

یہ تیل ہے صابن سے نہانے کے بعد نم دار بالوں کو بمثل تیل ہاتھوں سے مل دیں بال سوکھنے پر سیاہ ہوں گے، خوشبودار چمکدار اور ملائم ہوں گے، خوبی یہ ہے کہ ہرگز سیاہ جلد نہ ہوگی، ہر

انسان کو ایک دن بوڑھا ہونا ہے اس نسخہ کو خود استعمال کریں، یا دولت کمائیں ہر جگہ اس کی مانگ ہے نسخہ یہ ہے۔

نسخہ

مازو بھنے ہوئے کا سفوف، پھٹکری سنگ راسخ، ہرڑ بہیڑہ آملہ، ہیرا کیسس لوہ چون، برگ نیم، کمیلہ، رسوت ہر ایک ایک تولہ، تیزابی سرکہ ایک بوتل سب کو باریک کرکے سرکہ میں آٹھ شب و روز بھگو رکھیں، پھر کپڑا چھان کر کے نصف سیر میٹھے تیل کو آگ پر رکھ کر چھانا ہوا پانی یعنی سرکہ اس تیل میں ڈال کر آگ پر جلا کر سارا پانی خشک کرلیں، اور ٹھنڈا ہونے پر کپڑے میں اچھی طرح یہ تیل چھان کر ایک تولہ کافور بھیم سینی اور ایک تولہ روح یا تیل چمبیلی وغیرہ شامل کریں، دو گھنٹہ میں کافور حل ہو جائے گا، اعلیٰ درجہ کا بے نظیر خضابی تیل ہے اس کے لگانے سے بال تمام عمر سیاہ رہیں گے بنائیں اور استعمال کریں۔

یہ بے نظیر نسخہ لاکھوں اشرفیوں میں بھی سستا ہے لیکن کتاب ہذا کو حقیقی معنوں میں مفید بنانے کی غرض سے بلا کم و کاست درج کر دیا ہے۔

ہر قسم کے دردوں کی اکسیر دوا

اس چیز کیلئے ہر جگہ کافی میدان ہے مقامی طور پر پراپیگنڈہ اور نمونے مفت بانٹنے سے بہت کثرت سے فروخت ہو سکتی ہے کیونکہ یہ ایک نہایت زود اثر اور دردوں کو فوراً تسکین دینے والی لاجواب دوا ہے آپ اس کی کسی کے سامنے آزمائش کردیں تو وہ فوراً خریدار بن جائے گا ساتھ ہی اس کی تیاری کا بھی کوئی مسئلہ نہیں کیونکہ صرف ایک مفرد چیز ہے۔

نسخہ

سلفائیڈ آف کاربن (خام یعنی کروڈ) جس میں اس کی ناگوار بو چھپانے کیلئے تھوڑا سا کوئی آئل ملا دیں اور چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں بند کردیں، آگ سے بالکل دور کریں، ماؤف جگہ پر لگائیں اور مالش کریں، فوراً آرام محسوس ہونے لگا۔

طلائے لذت (نسخہ)

عطر موتیا 3 ماشہ، عطر نرگس 3 ماشہ، عطر حنا مشکی چھ ماشہ، افیون 2½ ماشہ، سہاگہ 3 ماشہ، کافور 2 ماشہ، مازو چھ ماشہ، سادہ ویسلین 10 تولہ، خشک دوائیں سرمہ کی طرح باریک

پس کر سب چیزوں کے ساتھ شامل کر کے رکھیں۔ تین تین ماشہ، چوڑے منہ کی شیشی میں بند کر کے اس پر خوبصورت لیبل لگائیں اور کارڈ بورڈ کے خوبصورت بکس میں رکھیں۔

پرچہ ترکیب استعمال چھپا ہوا ہر شیشی کے ساتھ ضرورت کے وقت ایک چنے کے برابر عضو مخصوص پر ملنے کی صورت میں بے انداز لذت اور کافی امساک ہوگا۔

طریقہ فروختگی

روزانہ شام کو جوان اور نوجوان شادی شدہ یا شوقین لوگوں سے مل کر انہیں دو دو رتی دوا دے کر اگلے دن پھر آنے کا وعدہ کرآئیں، اگلے دن پہنچیں گے تو ان میں ہر ایک کہے گا کہ میں آپ کا انتظار کر رہا تھا، لائیے ایک شیشی مجھے دیجئے میں نے آج تک ایسی کامیاب اور موثر دوا نہیں دیکھی۔

بند ماہواری فوراً جاری کرنے کا لاجواب نسخہ

نسخہ

کرمدانہ (کوچی نیل) جو انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتا ہے۔ بقدرت ضرورت لے کر باریک پیس کر رکھ لیں، اور بقدر 4 رتی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

فوائد

اس کے استعمال سے بند ماہواری فوراً جاری ہو جاتی ہے۔ حاملہ عورت کو ہرگز استعمال نہ کرائیں، کیونکہ اس سے حمل ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔

برتھ کنٹرول کی ادویات

جن سے اشتہار باز لوگ ہزاروں روپے کما رہے ہیں، ذیل میں دو نہایت مجرب نسخے مانع حمل کے بیان کرتا ہوں جن کی آج کل کے نئے جنٹلمینوں کو خاص ضرورت رہتی ہے جو ابا کہلانے سے سخت نفرت کرتے ہیں، بنا کر تجربہ کریں اور اپنی دلی مراد کو پوری کریں۔

نسخہ نمبر 1

کف دریا یعنی سمندر جھاگ حسب ضرورت لے باریک کر کے رکھ چھوڑیں، اور

ایام ماہواری کے دنوں میں روزانہ نہار منہ ایکماشہ سے تین ماشہ تک سرد پانی کے ہمراہ دیا کریں
مجرب ہے۔

نسخہ نمبر 2

تھوہر کی لکڑی کی راکھ اور اس کے برابر شکر سفید ملا کر حیض سے فراغت ہونے کے بعد
بوقت صبح بقدر 2 ماشہ، سرد پانی کے ساتھ متواتر اکیس یوم تک استعمال کرائیں یہ نسخہ بھی نہایت
مجرب ہے۔

ان ہر دو نسخوں میں بڑی بھاری خوبی ہے کہ جب چاہیں پہلے ایک دو معمولی جلاب
دے کر کوئی مدر حیض دوا استعمال کرائیں، تو پھر اولاد پیدا ہونی شروع ہو جائے گی۔
ضرورت منداصحاب ان مجرب نسخہ جات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

اکسیرات بنانے کے جدید آسان طریقے

وہ تجارتی راز جس سے لاکھوں روپیہ کمایا جا سکتا ہے
ایک ہی دن میں فولاد کا سینکڑوں من کشتہ تیار کر لیجئے

یہ کشتہ بیر بہوٹی جیسا سرخ ہوگا، اور اس قدر لطیف کہ جسم کے کسی حصہ پر لگانے سے جسم
کی رگوں تک گھس جائے گا، اور اس حصہ کو مہندی کی طرح رنگ دے گا۔ کشتہ کی تیاری کی صحیح
ترکیب یہ ہے۔

ترکیب ساخت

ہیرا کسیس (فیری سلفیٹ) ایک سیر کھرل میں پیس کر مٹی کی رکابی میں ڈال کر آگ پر
رکھیں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں، جب بھورے رنگ کا سفوف بن جائے، تو اتار کر گھیکوار کے
ایک سیر گودے میں حل کریں، اور ایک ایک تولہ کی ٹکیاں بنا کر تر حالت میں خوب موٹا گل حکمت
کر کے بیس سیر پتھر کے کوئلے کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکالیں اور پیس کر شیشی میں محفوظ
رکھیں۔ نہایت عمدہ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال

ایک چاول سے دو چاول تک گائے کے مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد

یہ کشتہ ضعف جگر، ضعف معدہ سستی اور لاغری بدن کیلئے اکسیر ہے۔

فولاد محلول مثل مکھن کی ایک جدید آسان ترکیب

یہ نسخہ میں نے ایک شخص سے خریدا تھا اس نسخہ کا اعلان رسالہ حامی الصحت لاہور میں ہو چکا ہے، اس میں بوٹی ہاتھی سونڈی کا تذکرہ تھا، ہاتھی سونڈی بوٹی کے اجزاء معلوم کرنے کے بعد تیزاب نمک وشورہ سے کام لیا، تو بغیر ہاتھی سونڈی بوٹی کے کام نکل آیا، اس لئے اب وہ ترکیب درج کرتا ہوں۔

اجزائے نسخہ

ولائتی گھڑی کی موٹی کمانی وزنی ایک پاؤ، تیزاب گندھک ایک بوتل تیزاب شورہ ونمک ایک بوتل۔

ترکیب وتیاری

ایک چینی کے بڑے برتن میں کمانی رکھ کر اوپر تیزاب گندھک اور تیزاب نمک وشورہ کی ایک ایک بوتل ڈال کر کر منہ بند کر کے الماری میں رکھ دیں دو تین ماہ کے بعد تمام فولاد پھول کر سفید ہو جائے گا اور تیزاب اور وہ مل کر مثل مکھن کے ہو جائیں گے، کبھی زیادہ مدت بھی صرف ہوتی ہے۔

شناخت

مثل مکھن کے سفید اور گاڑھا ہو جاتے۔

اصلاح: اس میں سے جس قدر مطلوب ہو لے کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں، اور سرد ہونے پر نکال لیں سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا، کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

دو سے چار رتی، تک اگر اس میں ایک چاول کشتہ سم الفار ملا کر استعمال کریں، تو بہت عجیب چیز ہے۔

وہ جوگیانہ اکسیر جس کی ایک چٹکی کسی دھات اپدھات پر مل دینے سے اور تھوڑی سی آنچ دینے سے ہر دھات اپدھات کا فوری کشتہ ہو جاتا ہے

یہ ایک میرے نہایت کرم فرما اور محترم بزرگ کا عطیہ ہے یہ اکسیر پاس ہو تو تمام دھاتوں اپدھاتوں کے کشتہ جات منٹوں میں تیار کرنے آسان ہیں، ایسی اکسیر جسے سنیاسی لوگ برسوں کی خدمت کے بعد بھی دینے سے کتراتے ہیں، جس کی ایک چٹکی آن واحد میں ہر دھات کو بھسم کر دے ایک معجزے سے کم نہیں، وہ لوگ جو ایسی چیز کے خواہش مند ہیں کہ شیشی سے دوا نکال کر روپے پیسہ پر لگائی اور آگ میں رکھی چند منٹوں کے بعد نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہو گیا، وہ اس اکسیر سے فائدہ اٹھائیں، کسی دھات کے گرد دے کر آگ دیں، سفید براق عمدہ کشتہ ہو جائے گا۔

ترکیب ساخت

ہڑتال ورقی 1 پاؤ، لوٹا کھار، ایک پاؤ پھٹکری سرخ ایک پاؤ، شورہ قلمی ایک پاؤ سب کو کوٹ کر ایک کوزہ گلی آب نارسیدہ میں داخل کریں اور اس کو پانی سے بھر کر کسی نم ناک جگہ رکھ دیں۔ چند دن کے بعد جو جو ہر نکلنے شروع ہوں انہیں محفوظ رکھیں، جو ہر مذکورہ 3 تولہ، سم الفار 1 تولہ، دار چکنا 3 ماشہ، رسکپور 3 ماشہ، کنگن کھار 3 تولہ، شورہ قلمی 3 تولہ، پھٹکری 3 تولہ، کشتہ قلعی 3 تولہ لوٹا کھار 2 تولہ باریک کرلیں اور اس کو ایک پیالہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے 3 سیر گوئلوں کی آگ دیں، یکجان ہو جانے پر نکال کر باریک کریں، اور روغن بلادر 10 تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

بقدر ضرورت یوں ہی کسی دھات کے نیچے اوپر رکھ کر کسی درخت کے پتے دے کر چار

سے آٹھ سیر کی آگ دیں، عمدہ کشتہ ہوگا، سونا، چاندی سکہ قلعی، مس فولاد، ہڑتال شنگرف، سم الفار وغیرہ تمام کشتہ جات نہایت عمدگی سے ہو جاتے ہیں۔

شنگرف سے پارہ نکالنے کی نہایت آسان ترکیب

عمدہ شنگرف باریک پیس کر ایک ہانڈی میں رکھیں اور ویسی ہی دوسری ہانڈی لیں اور اپنے پختہ فرش پر دونوں ہانڈیوں کے منہ گھس کر اس قدر ہموار کر لینے چاہئیں، کہ دونوں ہانڈیوں کے لب ملانے پر درز نہ رہے، پس ایک ہانڈی میں شنگرف ڈال کر اوپر دوسری ہانڈی الٹی رکھ کر دونوں ہانڈیوں کے لب ملا کر کپڑے اور گاچنی سے لیپ در لیپ کر دیں، یعنی گل حکمت کریں جس کو کپر وٹی بھی کہتے اب ایک ہانڈی کو آگ پر لٹا کر رکھیں، ایک ہانڈی چولہے پر رہے دوسری ہانڈی پر سرد پانی میں کپڑا بھگو کر باریک بار بار رکھیں، تمام پارہ سرد پانی والی ہانڈی میں آجائے گا، سیر شنگرف میں سے چودہ چھٹانک پارہ نکل آتا ہے۔

بغیر کسی محنت اور خرچ کے سونا چاندی تانبا

لوہا وغیرہ کا کشتہ بنانے کا پوشیدہ راز

شنگرف کے ساتھ ہانڈی میں سونا چاندی تانبا، لوہا جو بھی آپ رکھیں گے ہانڈی کھولنے پر وہ کشتہ ہوگی، جو کہ اعلیٰ قسم کا کشتہ سمجھا جاتا ہے، اور دوسری ہانڈی سے پارہ برآمد ہوگا، اس طریقہ سے پارہ نکالنے سے ہر چیز کا کشتہ مفت مل جائے گا اس بات کا خیال رہے کہ ہانڈی میں ذرا سی درز رہ گئی تو تمام پارہ اڑ جائے گا اس لئے ہانڈی کا منہ بند کرتے وقت خاص احتیاط چاہیے یہ خالص پارہ ہے جو آپ نے شنگرف سے نکالا ہے اسے دواؤں میں استعمال کریں۔

روغن گندھک

حکیموں ویدوں سنیاسیوں کیلئے لاثانی تحفہ ہے ایک دن میں سیروں گندھک کا تیل تیار کر لیجئے پارہ سارا نہ مرے گندھک تیل نہ ہو۔

ہلدی زردی تجھے لکھ عمراں گئے کھو!

یہ شعر ہے جو آج بچے بچے کی زبان پر ہے ان کے نزدیک ناممکن ہے کہ پارہ کی حرکت لرزائی کو روک کر کشتہ کیا جائے ٹھیک اسی طرح گندھک کا روغن بنانا بھی ناممکن ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جب کسی شخص کو ان ناممکن العمل کاموں میں دست انداز ہوتے دیکھتے ہیں تو جھٹ کہہ دیتے ہیں کہ میاں کیوں ٹکریں مارتے ہو، گندھک کا تیل تو بن ہی نہیں سکتا۔

مگر معزز ناظرین میں آپ کی خدمت میں آج گندھک کا بہترین قسم کا تیل تیار کرنے کی ترکیب عرض کرتا ہوں جس میں پہاڑ کی خوفناک غاروں میں جا کر بوٹی لانے کی زحمت اور نہ خطرناک جنگلوں کی خاک چھاننے کی ضرورت ہے۔ جب اور جہاں دل چاہا حاجت ہوئی گندھک کا تیل بنالیا اگر غور کرتے وقت آپ کے دماغ میں انصاف کا مادہ بھی شامل ہوا تو آپ اس فیصلہ پر مجبور ہوں گے کہ صرف یہ ہی نسخہ دس کتابوں کی قیمت سے بھی زیادہ قیمتی ہے۔

روغن گندھک بنانے کی ترکیب

جس قدر گندھک کا تیل بنانا درکار ہو لے کر کھرل میں باریک پیس لیں اور شہد خالص آمیز کر کے گولا بنائیں بعدازاں اس گولہ پر روئی دھنی ہوئی لپیٹ کر اس روئی کو سرسوں کے تیل سے تر کر کے کسی پلیٹ یا کانسی کی تھالی کو ذرا خمیدہ کر کے رکھ دیں، اور اس گولہ پر لپیٹی ہوئی روئی کو آگ لگا دیں، جب معلوم ہو کہ آگ کا شعلہ ذرا کم ہو رہا ہے تو ذرا سا تیل اور نچوڑ دیا کریں، تھوڑی دیر میں گندھک تیل چھوڑنا شروع کر دے گی، جس کی رنگت سرخ ہوگی چونکہ تھالی ذرا خمیدہ ہوگی بنابریں تیل نکل نکل کر پشت والے حصہ میں جمع ہوتا رہے گا۔

جب سرخ تیل برآمد ہونا بند ہو کر سرسوں کے تیل کے ہم رنگ نکلنے لگے تو عمل بند کر دیں، کیونکہ یہ اس بات کی علامت ہے کہ گندھک کا تیل نکل چکا ہے۔

ہدایت

روغن نکلتے وقت اگر اوپر سے روغن سرسوں ذرا زیادہ پڑ جائے تو وہ بھی روغن گندھک کے ساتھ نکلتا ہے مگر اپنی رنگت سے صاف پہچانا جاتا ہے لہٰذا اس کو روئی کی پھریری کے ذریعہ الگ کرتے پھر دیر نچوڑ دینا چاہیے، جب تمام روغن نکل چکے تو اسے کسی پختہ شیشی میں ڈال کر رکھیں جو مہوس اور علم کیمیا کا ماہر ملاحظہ کرے گا، بس عاشق ہی ہو جائے گا، باقی رہا اس سے سونا

تیار کرنے کا معاملہ اس کے متعلق اور چی بات یہ ہے کہ ہم نے نہ ہی تو کوشش کی اور نہ ہی اس کا خیال ہے۔ اس کو آپ جانیں اور آپ کا کام ہاں خرابی خون کے مریضوں کو اس کے ایک دو قطرے بتاشے پر ڈال کر پلانا مفید ہے۔

سم الفار محلول (نسخہ)

سم الفار 1 تولہ، گلیسرین عمدہ 8 تولہ، پیاز، تام چینی یا شیشہ کی ٹیسٹ ٹیوب، آتش کوئلہ، یا سپرٹ لیمپ۔

ترکیب

اول سم الفار کو باریک کریں اور پیالہ تام چینی یا ٹسٹ ٹیوب میں گلیسرین میں ڈال کر سم الفار سفوف داخل کریں اور آتش کوئلہ، یا سپرٹ لیمپ پر گرم کریں، جب جوش آنے کے قریب ہو تو نیچے اتار لیں، پھر آتش پر گرم کریں، جب جوش آنے لگے تو پھر نیچے اتار لیں، اسی طرح چند مرتبہ کریں، تمام سم الفار حل ہو جائے گا، چند منٹ میں یہ عمل مکمل ہو جائے گا۔

نکتہ

اگر خوش رنگ بنانا مطلوب ہو تو چند ذرے زعفران داخل کر کے ذرا جوش دیں، نہایت عمدہ زعفرانی رنگ ہو جائیگا۔

نوٹ: گلیسرین ایک عام دوا انگریزی مثل شہد کے شیریں اور رنگ میں بے رنگ شفاف ہے، بد ذائقہ ادویات کو خوش ذائقہ بنانے کیلئے مستعمل ہے، (2) ٹسٹ ٹیوب یہ شیشہ کی ایک نلی ہوتی ہے، جس کا ایک سرا بند ہوتا ہے آگ پر گرم کرنے سے نہیں ٹوٹتی ہے۔

نکتہ

یوں تو گلیسرین پانچ حصہ میں بھی ایک حصہ سم الفار حل ہو جاتا ہے لیکن یہ مرکب زیادہ قوی و تیز ہوتا ہے جسے ہر طبیب استعمال نہیں کرا سکتا۔

فوائد

اس محلول سم الفار میں سم الفار کی تمام طاقت محفوظ ہے اور وہ سب خواص رکھتا ہے جو سم الفار کے بہترین کشتہ یا تیل میں ہونے لازمی ہیں یہ محلول سم الفار پانی شربت اور بعض روغنوں میں حل ہو جاتا ہے، لہٰذا اندرونی اور بیرونی طور پر استعمال ہو سکتا ہے۔

خواص اندرونی

مصفی خون، مقوی جسم محرک باہ واعصاب وعضلات مخرج، بلغم محلل اورام مندمل زخم، جرم، کش دافع عفونت مقوی معدہ اور مشتہی ہے، خوراک نصف تا بوند حسب برداشت کھانسی درد، بلغمی میں شہد کے ہمراہ چٹائیں دمہ خشک میں ہمراہ مکھن ضعف باہ وکمزوری جسم میں ہمراہ بیضہ نیم برشت، وجع المفاصل گنٹھیا، نقرس، لقوہ، فالج، وغیرہ عصبی وریاحی امراض میں مناسب بدرقہ جات سے پرانے ملیریائی بخاروں میں کسی مناسب عرق وشربت سے استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

بیرونی طور پر کسی مناسب تیل مثلاً روغن کنجد، روغن بادام، روغن السی، روغن تارپین، سپرٹ روغن گوگرد مفرد یا مرکب میں شامل کر کے استعمال کر سکتے ہیں، مثلاً وجع المفاصل ذات الریہ ذات الجنب، ذات الصدر وغیرہ رعشہ کمزوری اعصاب میں بطور طلاء روغن بیضہ، مرغ یا کسی دیگر طلاء میں شامل کر کے استعمال کرا سکتے ہیں۔

ایک گھنٹہ میں سورن بنگ تیار کرنے کا پوشیدہ راز

یہ آیورویدک کی مشہور دوا ہے وئید اور حکیم دونوں اس کو تیار کرتے ہیں، آیورویدک گرنتھوں میں اس رس کو راج بنگیشور رس یا مرگانگ کا نام بھی دیا گیا ہے یہ سیلان الرحم احتلام اور جریان کیلئے نہایت اعلیٰ درجہ کی اکسیر ہے اور قوت مردمی کی لاجواب دوا ہے، گرنتھوں میں اس کے بنانے کا طریقہ ہے۔

قلعی مصفی، پارہ مصفی گندھک آملہ سار مصفی نوشادر ہر ایک ایک چھٹانک سب سے پہلے قلعی کو کسی مٹی کی پیالی میں پگھلائیں پیالی کو آگ سے تار کر پارہ اس میں ملا کر رگڑیں، جب دونوں آپس میں مل جائیں تب دوسرے برتن میں پانچ سیر پانی میں ایک چھٹانک نمک حل کر کے یہ پانی مندرجہ بالا مرکب میں ملا کر کھرل کرتے جائیں، جب پانی سیاہ ہو جائے تب نکال کر بار بار نمکین پانی سے کھرل کریں، جب پارہ اور قلعی کے مرکب کا رنگ سیاہ ہونا بند ہو جائے، تب سادہ پانی سے دھو کر صاف کرلیں، میری رائے میں قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ملانے کی کچھ ضرورت نہیں، قلعی گروں سے قلعی کے کاغذ جیسے ورق بنوا کر کھرل میں پارہ ڈال کر اس میں تھوڑے تھوڑے قلعی

کے ورق شامل کر کے کھرل کریں، جب تمام قلعی پارہ میں جذب ہو جاتی ہے تب سیاہ رنگ کا سفوف اس مرکب میں دکھلائی دیتا ہے اس کو نمک کے پانی سے دھو کر نکال دیں کئی بار یہ عمل کرنے سے پھر سیاہ رنگ پیدا نہیں ہوتا، پھر اس میں مندرجہ بالا ادویات ملا کر ٹکلی تیار کر کے آتشی شیشی میں رکھ کر آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ سونے کے رنگ والی سورن بنگ تیار ہو جاتی ہے، وئید اور حکیم اگر میرے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کریں۔ تب ان کا کام زیادہ آسان ہو جائیگا۔

مشہور آیورویدک دواسنگھ دراوٗ تیار کرنے کی ترکیب

یوگ چنتامنی میں شنکھ دراوٗ تیار کرنے کا مندرجہ ذیل طریقہ درج ہے۔

پھٹکری، جوکھار، قلمی شورہ، نوشادر ہر ایک نصف پاوٗ، تمام ادویہ کا جوکوب سفوف لے کر بذریعہ دارونی جنتر عرق کشید کریں۔ پس یہ ہی عرق شنکھ دارو کہلاتا ہے۔

دارونی جنتر کا طریق

دارونی جنتر کو عام بول چال میں بھوکا یا کرم پیک کہتے ہیں۔ جس کے ذریعہ تمام عرق یا تیزاب کھینچے جاتے ہیں یہ طریق فی زمانہ مشہور ہے۔

ایک پوشیدہ راز

اگرچہ تمام قدیمی کتب میں شنکھ دارو، کو بذریعہ دارونی جنتر تیار کرنا لکھا ہے لیکن ہمیں اس سے زیادہ آسان طریقہ، معلوم ہے کہ جس سے بہت جلد شنکھ دراو تیار ہو جاتا ہے وہ مبارک طریقہ ہدیہ ناظرین ہے۔

ایک مٹی کی ناند میں ایک اینٹ کا نصف ٹکڑا رکھیں اور پھر اس پر ایک تام چینی کا پیالہ رکھیں، اب اینٹ کے اردگرد جملہ ادویات کا جوکوب سفوف بکھیر دیں اور ناند کے منہ پر ایک لوٹا (یہ ہمیشہ پیتل وغیرہ کسی دھات کا بنا ہوا ہو مٹی کا نہ ہو) جس کا پیندا گول ہو رکھ دیں اور مقام اتصال کو گوندھے ہوئے آٹے یا چکنی مٹی سے بند کر دیں، تاکہ دوائی کے بخارات باہر نہ نکل سکیں، اب ایک آہنی کڑاہی میں ڈیڑھ سیر کوئلہ اس طرح سے بچھائیں کہ جب اس میں مذکورہ ناند کو رکھ جائے، تو یہ اس کے درمیانی اینٹ والے حصہ میں نہ آنے پائے، یعنی ان کا تاوٗ صرف دواہی کو پہنچتا ہے، کوئلوں کے سلگتے ہی دوائی کے بخارات بن کر اوپر کے لوٹے کو لگیں گے اور پھر وہاں جا

کر منجمد ہو جائیں گے کیونکہ اس میں ٹھنڈا پانی بھرا ہوا بعد ازاں وہ بخارات پانی کی شکل اختیار کر کے نیچے گر پڑیں گے اور کیونکہ نیچے پیالہ رکھا ہوا ہے اس لئے وہ پانی یا عرق اس میں جمع ہو جائے گا اس میں یہ خیال رہے کہ جب لوٹے کا پہلا پانی گرم ہو جائے تو اس کو باہر نکال کر نیا ٹھنڈا پانی ڈال دیں پس جب کوئلے سرد ہو جائیں تو آہستہ سے اوپر کا لوٹا علیحد کر دیں، اور ہانڈی کے اندر سے پیالے کو نکال کر نیا ٹھنڈا پانی ڈال دیا کریں اس پیالہ کے اندر جو عرق موجود ہے وہ شنکھ دراؤ ہے اس طرح سے عموماً چھٹانک شنکھ دراؤ ہاتھ آ جاتا ہے۔

مقدار خوراک

صبح وشام اس کی پانچ بوندیں عرق سونف یا سادہ پانی میں ملا کر کھانا کھانے کے پندرہ منٹ بعد پلائیں۔

فوائد

اس کے استعمال سے باؤ گولا، امراض شکم تلی وجگر امراض دل، سنگرہنی، کھانسی، دمہ، اور گھنٹیا وغیرہ دور ہو کر چہرہ کی چمک دمک تندرستی اور مضبوطی بڑھ جاتی ہے۔

رس مانکیہ بنانے کی آسان ترکیب

رسیندر سار سنگرہ میں لکھا ہے کہ ہڑتال ورقی عمدہ لے کر پیٹھے کے رس میں کھرل کریں، جب خشک ہو جائے تب پیٹھے کا رس اور ڈال دیں، اسی طرح سات بار رس ڈال ڈال کر خشک کریں اور اگر سات بار نہ ہو سکے تو کم از کم تین بار دہی اور کانجی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور چاولوں کے برابر ٹکرے کر کے مٹی کے دو پیالوں میں بند کر کے بیری کے پتوں کی چٹنی بنا کر اس کے ساتھ پیالوں کا منہ بند کر کے پیالوں کو چولہے پر چڑھائیں، اور چولہے میں بیر کی لکڑی کی آنچ دیں، جب نچلا پیالہ سرخ ہو جائے تب آگ پر سے اتار کر رکھ دیں، ٹھنڈا ہونے پر ان سے مانکیہ کی طرح لال اور چمدار ہڑتال کو نکالیں، دو رتی یہ ہڑتال گھی اور شہد میں ملا کر کھلانے سے ایسا کوڑھ کہ جس سے بدن گل گیا ہو اور پھوٹ گیا ہو میں مفید ہے۔

وات رکت بھگندر ناک اور منہ کے روگ دور ہو جاتے ہیں، اس طریقہ سے اکثر لوگ

رس مانکیہ تیار کرنے میں کامیاب نہیں ہوتے کیونکہ ہڑتال عموماً ذرا سی تیز آنچ پا کر بھی اڑ جایا کرتی ہے اس کے تیار کرنے کی ایک نہایت آسان ترکیب کہ جو شاید ہی کسی رس گرنتھ میں پائی جاتی ہو، یہاں درج کی جاتی ہے۔

نسخہ

ہڑتال ورقی کو پیٹھے رس میں رات بار یا تین بار کھرل کر کے خشک کریں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنالیں ابرک کے ایک بالشت لمبے، چوڑے دو ٹکڑے لے کر ہڑتال کو ایک ٹکڑنے پر پھیلا دیں اور اوپر دوسرا ابرک کا ٹکڑا رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو چاروں طرف سے کلپ سے جڑ دیں، کلپ کاغذ وغیرہ پکڑنے کیلئے مشہور چیز ہے، شہروں میں کتب فروشوں کی دکانوں مل جاتے ہیں، اگر کلپ نہ مل سکیں تو ابرک کے دونوں ٹکڑوں کو آہستگی کوئلوں کی تیز آنچ پر رکھ کر اوپر لوہے کا ٹکڑا دے دیں، تاکہ ابرک کے ٹکڑے الگ نہ ہوسکیں، کوئلوں پر رکھتے ہی ہڑتال سرخ رنگ اختیار کرلیتی ہے سرخ ہوتے ہی فوراً ابرک کے ٹکڑوں کو آگ سے اتار لیں بس مانکیہ تیار ہے ایک دو بار کے ابھیاس یا مشق سے ہر ایک آدمی بآسانی رس مانکیہ کو تیار کر سکتا ہے، ہڑتال کو جلدی شدھ کرنے کا ایک اور طریقہ ہے اور وہ یہ کہ ہڑتال کو کپڑے میں باندھ کر پوٹلی بنا کر گئو موتر پیٹھے کے رس یا بیری کے پتوں کے رس میں لٹکا دی اور گھڑے کو آگ پر رکھیں، دو گھنٹے کی تیز آنچ سے ہڑتال شدھ رس مانکیہ تیار کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔ مقدار خوراک نصف رتی تک کافی ہے، مکھن یا ملائی میں ملا کر صبح و شام دیں۔ خوراک صرف مسی روٹی گھی کی، آتشک اور کوڑھ وغیرہ خرابی خون اور بخاروں کیلئے نہایت مفید ہے۔ پرانے بخاروں میں گھی اور مسی روٹی نہ کھلائیں، چینی میں ملا کر پانی کے ساتھ کھلایا کریں۔

ہیرے کا کشتہ جو میں نے چار گھنٹہ میں تیار کر لیا تھا

اجزائے نسخہ

تیزاب فاروقی ایک بوتل زیرہ جواہر دو رتی کوئلے دو سیر ایک لوہے کی انگیٹھی میں کوئلے ڈال کر آگ لگا دی اور جب کوئلے دہکنے لگے تو ان پر ایک مٹی کا پیالہ رکھا اور اس پیالے میں کھلے منہ کی آتشی شیشی میں ریزے ڈال دیئے۔ لیکن جب پیالہ گرم ہوگیا تو آتشی شیشی بھی گرم

ہوگئی اور تیزاب فاروقی کھولنے لگا، جب تیزاب میں زیادہ جوش آتا، تو میں دست پناہ سے آتشی شیشی کو پکڑ کر زمین پر رکھ دیتا اور دو منٹ کے بعد اٹھا کر پھر پیالے میں رکھ دیتا یہ مجھے ہر پانچ منٹ کے بعد کرنا پڑتا تھا۔ اسی طرح سے تمام تیزاب (پوری بوتل) ختم کر دی اور شیشی اتار کر سرد ہونے کو رکھ دی سرد ہونے پر دیکھا تو شیشی میں سیاہ رنگت کی گاد سی تھی اور اس میں ہیرے کے ریزے تھے وہ گاد مع ریزوں کے کھرل میں ڈال کر رگڑا تو کئی ریزے پس گئے، باقی کو پتھر سے کوٹا، تو وہ بھی پس گئے احتیاطاً دواؤں کو دو یوم کھرل کر لیا اور رڑک تو آدھ گھنٹے کے بعد بالکل نہ رہی اب مجھے ہیرے کا خوردنی کشتہ کرنے کی ایک ایسی ترکیب معلوم ہوگئی جو ہر طرح سے قابل اخفا تھی، لیکن انسان کا کام اپنے تجارب کو دوسروں تک پہنچانا ہے۔ یہ نسخہ اطباء کے لئے ایک خوشخبری ہے جو خوردنی ادویات میں ہیرے کا کشتہ محض اس لئے شامل نہیں کرتے کہ تیاری میں وقت ہوتی ہے یہ معجزہ ہے ہیرے کا کشتہ اس آسانی سے ہو جائے۔

خوراک

ایک چاول سے چاول تک۔

ایک دن میں سیروں لوبان کا چوایا تیار کرنے کا راز

یہ ایک نہایت قیمتی اور نایاب دوا ہے دیسی طبیب لوبان کو باریک پیس کر اور گھی مخلوط کر کے لوہے کی سیخ پر چڑھا کر یا کپڑے کی بتی بنا کر آگ لگاتے ہیں، نیچے تھال رکھتے ہیں جو بوندیں تھال میں ٹپک پڑتی ہیں، ان کو یہ لوگ لوبان کا چوا کہتے ہیں اسے نامردی میں بطور طلاء استعمال کرتے ہیں، فالج، رعشہ، لقوہ اور نامردی کے مریضوں کو کھلاتے ہیں اس سے فوراً فائدہ ظاہر ہوتا ہے، ایک سیر لوبان سے بمشکل چھ ماشہ یہ تیل نکلتا ہے لیکن میں اس کو اس طرح نہایت آسانی سے بڑی سے بڑی مقدار میں تیار کر لیتا ہوں، نصف سیر عمدہ لوبان کو لو باریک پیس کر کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر ایک سیر ریکٹی فائیڈ سپرٹ لوبان میں ملا کر ڈاٹ لگا کر رکھ دیتا ہوں، دو دن کے بعد خوب ہلا کر باریک کپڑے میں سے ریکٹی فائیڈ سپرٹ کو چھان لیتا ہوں، کپڑے میں تمام فضلہ رہ جاتا ہے اور خون جیسے سرخ رنگ کی سپرٹ میں لوبان کے تمام جوہر آجاتا ہے یہ دراصل ٹنکچر لوبان

ہے کہ جس میں لوبان کا تمام جوہر آ جاتا ہے اور میں اس کو بطور دوا استعمال کرتا ہوں اگر لوبان کا جوہر بنانا مطلوب ہو تو تب میں ٹنکچر لوبان کو کشید کر لیتا ہوں، خالص سپرٹ علیحدہ ہو جاتی ہے اور لوبان کا سرخ اور شیشے جیسا جوہر پہلے برتن میں رہ جاتا ہے۔

وئیدوں اور حکیموں کو چاہیے کہ میرے بتائیے ہوئے جدید طریقے سے فائدہ اٹھائیں، بازاری لوبان میں لکڑی کے شیشے ریشے اور گردو غبار تین حصہ اور خالص لوبان بمشکل چوتھائی حصہ ہوتا ہے اس لئے دوا زیادہ فائدہ نہیں کرتی، میرے بتائے ہوئے طریقے سے آپ خالص لوبان حاصل کر سکتے ہیں، یہ میرا قیمتی طبی راز تھا جو کہ میں نے اس کتاب کے ذریعہ پہلی دفعہ ظاہر کر دیا، اس طریقہ سے آپ چاہیے دس سیر لوبان کا چوا بنا سکتے ہیں، حالانکہ وئیدوں اور حکیموں کا تیار شدہ چوا کافی مہنگا ملتا ہے اس آسان طریقے سے تیار کردہ چوا بہت سستا تیار ہو جاتا ہے، راجے نواب اور دولت مند عیاشی کی خاطر کافی مہنگا خریدتے ہیں کیونکہ یہ بے حد ممسک ہے اور اس کا بنانا بہت مشکل ہے۔

بعض اوقات پرانے طریقے سے ایک بوند بھی حاصل نہیں ہوتی، ان مشکلات کو دیکھ کر میں نے یہ جدید طریقہ نکالا ہے جو کہ فوائد میں بدرجہا بہتر ہے۔

بوٹی سے پارہ کی گولی بنانے کا آسان طریقہ

صد ہا شائقین ہیں جو رات دن اس خیال میں منہمک ہیں، کہ بوٹی سے پارہ کی گولی بنا کر فائدہ حاصل کیا جائے اکثر مرتبہ طبی رسائل میں سوالات شائع ہوئے لیکن تشفی بخش جواب نہ ملا، آج میں اس عقدہ کو حاصل کرتا ہوں۔

نسخہ

بیخ چرچٹہ کا ایک پاؤ عرق نکال کر کوزہ گلی میں رکھ کر اس میں دو تولہ سیماب شنگرف ڈال کر ملائم آنچ پر پکائیں، جب تمام عرق خشک ہو جائے گا، پارہ بستہ ملے گا، دودھ میں جوش دے کر پیا جائے تو دودھ ہضم ہوتا ہے اور بدن میں طاقت و قوت آتی ہے بے حد ممسک ہے۔

صرف چند منٹ میں پارہ کی گولی تیار کرنے کا راز

رام پتری پنساری کی دوکان سے لے کر کھرل میں ڈال کر اور اس میں پارہ شامل کر کے کھرل کریں مگر دستہ کھرل کے ساتھ نہ گھسا جائے صرف پارہ کے اوپر دستہ پھیرتے رہیں پانچ دس منٹ میں ہی عقد ہو جائے گا۔

عجائبات طب

عجیب وغریب سرمہ

جس کی ایک سلائی آنکھ میں لگانے سے اس طرف کے نصف جسم کا بخار اتر جاتا ہے اور دوسری آنکھ میں سلائی لگانے سے تمام جسم کا بخار اتر جاتا ہے۔

نسخہ

ہڑتال ورقیہ شدہ چار تولہ کو اکیس دن تک پیٹھے کے رس میں کھرل کریں، پھر ایک تولہ سانپ کی کنچلی ڈال کر خوب کھرل کریں، پھر اس دوا کو آتشی شیشی میں بھر کر اور آتشی شیشی کی خوب کپڑ وٹی کر کے بالو جنتر کے ذریعہ بارہ پہر آگ دیں، اور سرد ہونے پر شیشی توڑ کر دوا نکالیں، اس رس میں سات ماشہ نیلا تھوتھا ملا کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، جس شخص کو بخار چڑھا ہو نصف رتی یہ دوا اس کی آنکھ میں بطور سرمہ ڈالیں جس طرف کی آنکھ میں یہ دوائی ڈالیں گے فوراً اس طرف کے نصف جسم کا بخار اتر جائے گا، اور نصف جسم میں بدستور بخار ہوگا، اور آپ کو صاف نصف جسم تندرست اور نصف بخار والا معلوم دے گا، اب آپ دوسری آنکھ میں نصف رتی یہ دوا ڈالیں، فوراً تمام جسم کا بخار اتر جائے گا، یہ تجربہ کسی لائق ڈاکٹر کے روبرو کریں، حیران ہو جائے گا کہ نصف جسم تندرست اور نصف جسم میں بخار اتار دیں وہ اس کے روبرو آنکھ میں دوا ڈال کر فوراً تمام جسم کا بخار اتار دیں، وہ تب بھی حیران ہوگا، کہ دوا آنکھ میں پڑتی ہے اور بخار جسم کا اترتا ہے۔ یہ ہے آیورویدک کیمسٹری کہ جس کے ایک نسخہ پر ڈاکٹر لاکھ دفعہ قربان ہے۔

کرامت

لیجئے جناب بخل شکن توپ نے ایک مضبوط اور فولادی قلعہ کو توڑ کر جواہر پارہ حاصل کرلیا ہے۔ وہ کیا ہے؟ "معجزہ"۔ توبہ! توبہ! معجزے تو پیغمبر دکھلایا کرتے ہیں۔

اچھا کرامت ہی سہی

آدمی، گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، اونٹ، ہاتھی، گھوڑا، خچر کتا غرضیکہ جتنے ہی جاندار ہیں اگر ان کے کسی اعضاء میں کیڑے پڑ جائیں تو مندرجہ ذیل بوٹی کے پاس جا کر کہوں کہ فلاں (اس لفظ کی جگہ آدمی یا جانور کا نام یا قسم جانور مثلاً اونٹ، گھوڑا، وغیرہ بولو) آدمی یا فلاں جانور یا فلاں جانور کے کیڑے گریں، جب لفظ گریں منہ سے نکلے فوراً بوٹی کی ایک ٹہنی توڑ لیں، مگر قبل از ٹہنی ہاتھ میں پکڑ کر رکھنی چاہیے، جس وقت ٹہنی بوٹی سے جدا ہو گی اسی وقت کیڑے زمین پر گر پڑیں گے، خواہ مریض جانور یا آدمی کہیں بھی ہو۔

اس حیرت انگیز بوٹی کا نام اور حلیہ

یہ بوٹی بالکل پھکنڈا کی شکل کی ہوتی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ اس کے کانٹے گول اور پھکنڈا کے لمبوترے ہوتے ہیں، کاغان اور ضلع راولپنڈی میں اس کو (لنڈری) کے نام سے پکارا جاتا ہے عام دیہاتی لوگ جانتے ہیں۔

دیگر فوائد

نوچندی اتوار کو اس کی جڑ حاصل کر کے محفوظ رکھیں باری اور تیسرے و چوتھے کے بخار کو روک دیتی ہے (گلے میں ڈالیں)۔ بچوں کے جملہ امراض مثل بادی، لولگنا اور سوکھا مسان کے لئے از حد مفید ہے، صرف گلے میں ڈال دینا ہی کافی ہے۔

طلسماتی مرہم

نسخہ

باؤ بڑنگ 13½ ماشہ، جنگلی کریلا 13½ ماشہ، سفید کتھی 14 ماشہ، مردار سنگ 14 ماشہ روغن زیتون 3 تولہ، موم سفید 1½ تولہ بکری کی چربی 1½ تولہ اوپر کی دواؤں کو کوٹ چھان کر رکھ لیں، پھر موم چربی اور روغن زیتون کو آگ پر پگھلائیں، بعد ازاں سب دوائیں ملا کر ڈبیہ میں رکھ لیں یہ ہی طلسماتی مرہم ہے۔

فوائد: یہ تھوڑا سا مرہم کاغذ پر لگا کر معدے پر لگائیں تو قے شروع ہو جائے گی، پیٹ کی تو ند پر لگانے سے دست آنے لگیں گے اور اسے اگر پیڑو پر لگایا جائے تو عورت کا حیض کھل جائیگا۔

حیرت میں ڈال دینے والا عجیب وغریب نسخہ

اس کے افعال وخواص یہ ہیں کہ اگر اس کو فم معدہ پر لگائیں تو اسہال سوداوی آئیں اور اگر زیر بغل لگائیں تو اسہال صفراوی اور اگر جانب پشت دونوں ورک کے درمیان لگائیں تو اسہال بلغمی آئیں گے گویا یہ نسخہ ضماد مسہل سودا، صفرا بلغم ہے۔

نسخہ

ترمس مقشر ایک چھٹانک دیگچی میں ڈالیں پھر اس میں شیر گاؤ اس قدر ڈالیں کہ ترمس ڈوب جائے، آگ پر اتنا پکائیں کہ دودھ خشک ہو جائے تب پیس کر روغن گائے، اتنا ملائیں کہ مرہم بن جائے پھر پارچہ کتاں پر لگائیں اور کام میں لائیں۔

وہ دوا جس کو ہاتھوں پر ملنے سے آتشک جیسا نامراد مرض دور ہو جاتا ہے

نسخہ

سیماب 6 ماشہ، ورق نقرہ 20 عدد سحق کر کے چھ عدد گولیاں بنائیں، عرق پان سبز 15 عدد نمک لاہوری پسا ہوا 1 ماشہ، علیحدہ رکھیں ایک گولی مریض اپنے ہاتھ پر رکھے قدرے عرق پان گولی پر ڈالے اور قدرے نمک مسحوقہ پھر دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں۔

جب گولی ہاتھوں میں سے جذب ہو جائے بس کریں

یہ عمل چھ روز کرنے سے کیسا ہی مرض مزمن ہو بالکل آرام ہوگا۔

غذا نان نخود بلا نمک۔

خارش کیلئے عجیب نسخہ

ہاتھوں پر دوا مل کر آگ سینکنے سے خارش دور ہو جائے گی۔

سیماب چھ ماشہ طوطیا سبز چھ ماشہ زرد چوب چھ ماشہ کمیلہ چھ ماشہ بابچی چھ ماشہ، سیماب کے سوا سب ادویہ کوٹ کر بیضہ میں سفیدی نکال کر ڈال دیں قلم وغیرہ سے خوب ہلا دیں کہ اچھی طرح زردی بیضہ سے مخلوط ہو جائیں، پھر بیضہ مذکور کا منہ دوسرے بیضہ کے چھلکے سے بند کر کے اس کے اوپر نصف انچ موٹا لیپ آرد جو یا ماش سے کر دیں، اور گرم گرم راکھ میں رکھ

دیں، اور اسے رہنے دیں کہ سب انا شرب ہو جائے نکال کر سرد ہونے پر کولا، توڑ کر اندر سے ادویہ نکال کر کھرل کریں اور مسکہ تازہ دو چار دفعہ آب تازہ میں دھو کر توا کے قریب لیں اور چھ ماشہ کے قریب ادویہ کھرل شدہ میں ملا کر صرف ہاتھوں پر مل کر آگ سینکیں بفضلہ خدا چند دفعہ کے استعمال سے خارش خواہ کسی قسم کی ہو جاتی رہے گی، تمام بدن پر مل لیں تو کوئی حرج نہیں مگر خارش صرف ہاتھوں پر ہی ملنے اور آگ سینکنے سے جاتی رہتی ہے اور یہ ہی اس کی تعریف ہے۔ ضرور آزمائیں۔

وہ عجیب و غریب مالا جس مریض کو گلے میں ڈالنے سے خنازیر دور ہو

نسخہ

بیخ پھکنڈا لے کر اس کی موٹی جڑوں کی مالا تیار کریں، اور مریض کے گلے میں پہنا دیں جب مالا سوکھ جائے، تو پھر اور تازہ جڑھ منگوائیں اور نئی مالا تیار کر لیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں اسی طرح چند مرتبہ کرنے سے خنازیر کو شرطیہ آرام ہو جاتا ہے۔

حیرت انگیز مالا دافع یرقان

ہمارے علاقہ میں ایک شخص یہ مالا تیار کرتا ہے، جس سے روز بروز یرقان کم ہو جاتا ہے، اور مالا بڑھتی جاتی ہے، ہو تو اس کو اپنے زعم میں اس منتر کی برکت خیال کرتا ہے جس سے عامل خود بھی ناآشنا ہے ذیل میں اس مالا کی حقیقت کو بیان کیا جاتا ہے لیکن دراصل حقیقت کچھ اور ہے منتر پڑھنے پڑھانے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ صرف اس بوٹی کا کرشمہ ہے جو گرہ میں باندھی جاتی ہے۔

نسخہ

اٹ سٹ کی جڑ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا کر ہر ایک ٹکڑے کو ایک خام رشتہ کی ڈور میں (جو کم از کم آٹھ نو تاگوں کو جوڑ کر بنایا گیا ہو) گرہ دیتے جائیں، یہاں تک کہ کم از کم اکیس عدد ٹکڑے بندھ جائیں، پس مالا تیار ہے، مریض کے گلے میں پہنا دیں، مالا بڑھتی اور بیماری کم ہوتی جائے گی۔

انڈے کی کرامات

زردی بیضہ مرغ 1 عدد ایک کاغذ کے ٹکڑے پر رکھ کر پہلے ہاتھ پر گرم اونی کپڑے کا رکھیں اس کے اوپر زردی والا کاغذ رکھ کر مقعد کو اوپر اس طرح رکھیں کہ بچے کو پاخانہ پھرنے کی طرح پاؤں پر بٹھا دیں تھوڑی دیر رہنے دیں بچے کے سوکھا مسان اور ڈبہ کے لئے عجیب امتیازی عمل ہے اگر مذکورہ صدر دونوں مریضوں میں سے کوئی مرض ہوگا تو ضرور خود بخود زردی اندر چلی جائے گی اور اپنی ذاتی حرارت سے مرض کو رفع کر دے گی ورنہ زردی اندر نہ جائے گی، جب تک زردی اندر کھینچتی رہے اس طریقہ سے ایک انڈے کی زردی کا عمل روزانہ کرتے رہیں یہاں تک کہ زردی کا کھینچنا بند ہو جائے۔

ضعف دماغ کا عجیب و غریب چٹکلہ

جن اشخاص کے دماغ بالکل خالی ہو چکے ہوں، سر پر ٹوپی کا بوجھ بھی ناقابل برداشت ہو، زور کی آواز بری معلوم دے وہ بھی اس طرح سے اپنے ہاتھ پر گرم کپڑا رکھ کر اس کے اوپر انڈے کی زردی کا کاغذ رکھ کر اپنا کان ہاتھ کے اوپر اس طرح رکھیں کہ زردی بیضہ کان کے اندر جا کر ارد گرد سے ہوا بند ہو جائے اس طریقہ سے زردی دماغ میں کھنچ جائے گی، اسی طریقہ سے دوسرے کان میں دوسرے دن چڑھائیں، پس جب تک زردی کھینچتی رہے تب تک ایک زردی روزانہ کان بدل کر کھچواتے رہیں، جب زردی کا کھنچنا بند ہو جائے تو صحت ہو گئی۔

بچھو کے زہر کا اثر زائل کرنے کیلئے کراماتی ہاتھ بنانا

طریقہ

یہ طریقہ ہمارا بارہا کا مجرب ہے، آم کے درخت کا پھول (جس کے آم بنتے ہیں) جب کچا ہو، مگر پختگی پر آنے لگ گیا ہو اور اس میں خوشبو پیدا ہو گئی ہو دو چار درختوں سے تھوڑا تھوڑا توڑ کر کسی رومال میں ڈال لو، اور کام کاج سے فارغ ہو کر ایک یا ڈیڑھ گھنٹہ تک اس پھول کو لگاتار آہستہ آہستہ دونوں ہاتھوں سے ملتے رہو تا کہ اس کا پانی ہاتھوں میں جذب ہوتا رہے اس سے بور جیسی خوشبو ہاتھوں میں سے آنے لگ جائے گی، اور بور کا میل جیسا ہاتھوں پر ملتے ملتے جم جائے

گا، پس محض تین چار گھنٹہ بعد تک اپنے ہاتھ نہ دھونے چاہئیں بعدازاں جو چاہو ہاتھوں سے کرو، کوئی پرہیز نہیں، اب آپ کے یہ ہاتھ کراماتی بن گئے، جہاں بچھو یا بھڑ وغیرہ کاٹے اس جگہ پر محض ہاتھ رکھ دو، خواہ اپنے بدن پر کاٹے یا کسی دوسرے کے صرف چار پانچ منٹ بعد زہر کا اثر زائل ہو جائیگا، گویا بچھو وغیرہ نے کاٹا ہی نہیں، اکثر دم گزیدہ خواہ کتنا ہی بے قرار کیوں نہ ہو ایسا معلوم ہوگا، گویا جادو سے درد بند ہو گیا ہے لطف یہ ہے کہ محض ایک بار ملنے سے پورے سال بھر تک (جب تک کہ دوبارہ پھول نہ آجائے اس کا اثر قائم رہتا ہے۔

وہ دوا جس کو آنکھ میں لگانے سے مارگزیدہ ہلاکت سے بچ جاتا ہے

نسخہ

حب الملوک کا بیرونی چھلکا اور اندرونی پتہ نکال کر دو ٹکڑے لیں ہر ایک ٹکڑے کو جدا جدا پیس کر سلائی سے ایک ایک آنکھیں میں لگائیں، آنکھوں سے بہت آنسو جاری ہوں گے اور مارگزیدہ ہلاکت سے بچ جائے گا، اس طلسمی دوائی کی بدولت موت کے قریب پہنچے ہوئے سینکڑوں اصحاب نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں۔

طلسمی جلاب

ہلیلہ کو ہاتھ میں پکڑنے سے جلاب لگ جائے، یہ جلاب امیروں اور نازک طبع لوگوں کے لئے لاجواب تحفہ ہے اور اس پر طرہ یہ کہ مخرج اخلاط ثلاثہ یعنی تینوں خلطوں کو نکال دینے والا ہے۔

نسخہ

ایک عدد ہلیلہ کابلی جو کہ بہت ہو لے کر اندرائن کے سبز پھل کے اندر کھ دیں یعنی اندرائن میں شگاف دے کر بڑا اور پھر اس میں ہلیلہ داخل کر کے اوپر سے اسی ٹکڑے سے بند کر دیں، اور احتیاط سے رکھ دیں، تین دن گزرنے کے بعد دوسرے پھل میں داخل کریں، علی ہذا القیاس ہر چوتھے روز نکال کر نئے پھل میں داخل کرتے رہیں، یہاں تک کہ پورے چالیس پھلوں میں یہی عمل ہو جائے، پس ہمیشہ کیلئے طلسمی مسہل تیار ہو گیا، اس کو ڈبیہ میں بند رکھیں۔

ترکیب استعمال

جب کسی مریض کو اسہال لانے مقصود ہوں تو اس کے ہاتھوں کو گرم پانی سے خوب دھلائیں اور پھر ہلیلہ اس کے ہاتھ میں دے دیں تاکہ وہ اس کو مٹھی میں بند کر کے دبا دے، دس پندرہ حد بیس منٹ میں اسہال آنے لگیں گے، جب تک چاہیں جاری رکھیں، اس دوران میں گرم پانی بھی پلائیں، اور جب بند کرنا چاہیں تو ہلیلہ کو ہاتھ میں سے نکال دیں، نیز ہاتھوں کو سرد پانی سے دھلوا دیں، انشاء اللہ فوراً بند ہوں گے۔

وہ دوا جس کو ناف پر ملنے سے رکا ہوا پیشاب کھل جاتا ہے

نسخہ

ایک کاغذی لیموں لے کر کاٹ لیں دونوں ٹکڑوں میں قلمی شورہ چاقو کی نوک سے بھر دیں پھر آگ پر رکھیں چوب پکنے لگے تو سرد کر کے ناف پر اس کے آس پاس ملیں رکا ہوا پیشاب فوراً کھل جائے گا۔

عسر ولادت کا فقیری ٹوٹکہ

پٹھکنڈا جس کو چرچٹہ بھی کہتے ہیں، اس کی بیخ مٹی وغیرہ سے صاف کر کے پانی سے خوب باریک پیسیں اور ناف کے نیچے رات اور اندام نہانی پر ضماد کریں، انشاء اللہ بچہ فوراً پیدا ہو جائے گا، علاوہ ازیں اگر پٹھ کنڈا کی جڑ تازہ لے کر جو کہ بقدر چار انگل لمبی ہو، چاقو وغیرہ سے خوب صاف کر کے اندام نہانی میں رکھیں، انشاء اللہ العزیز پانچ منٹ کے اندر ہی اندر بچہ پیدا ہو جائیگا۔

ٹوٹکہ طلسم امساک

یہ ٹوٹکہ مجھے ایک وئید صاحب نے بطور تحفہ عطا فرمایا تھا، کہ بغیر خوردنی دوا کے امساک ہو اور لطف یہ کہ جب تک زمین پر پاؤں نہ رکھیں گے، ہرگز انزال نہ ہوگا۔

اٹ سٹ بوٹی کی جڑ خشک ہو یا تر پانی سے رگڑ کر پاؤں کے تلووں پر لیپ کریں اور خشک ہونے پر مشغول مباشرت ہوں۔

اسقاط حمل سے بچانے کیلئے تعویذ

جن عورتوں کا حمل ساقط ہو جاتا ہو انکی کمر میں کہربا شمعی بقدر چھ ماشہ کا تعویذ بنا کر باندھنے سے حمل ساقط نہیں ہوتا۔

احتلام روکنے کیلئے تعویذ

اگر احتلام ہو جانے کی عادت ہوگئی تو ہو سیاہ دھتورے کی جڑ بڑی سی کمر میں باندھ رکھنے سے احتلام ہرگز نہیں ہوتا۔

طاعون سے محفوظ رہنے کا تعویذ

پپیتہ دو عدد لے کر ان میں برمہ سے سوراخ کر کے اس طریق پر اس کا تعویذ بنایا جائے، کہ اوپر سے خواہ بند ہو، مگر نیچے کا ایک طرف کا حصہ کھلا دکھلائی دیتا رہے اس کو بازو میں خواہ گلے میں اس طرح باندھیں کہ بدن کو پپیتے چھوتے رہیں، اس کے باندھنے والا طاعون کے حملے سے بالکل محفوظ رہے گا۔

مرض طاعون کیلئے ایک اور تعویذ

دردنج عقربی لے کر کپڑے میں باندھ کر بدن پر یا گھر کے دروازے پر باندھنے سے طاعون کا خوف نہیں رہتا، اس کے تعویذ بن کر ولایت سے آتے ہیں۔

بچے کے سوکھے کا تعویذ

جس کو سوکھا مسان بھی کہتے ہیں جو گائے اپنی عمر بھوگ کر طبعی موت مری ہو، اس کا سینگ ریتی سے ریت کر رکھیں، اور تانبہ کے تعویذ میں بقدر تین ماشہ ڈال کر بچے کے گلے میں باندھ دیں اس طرح پر کہ تعویذ جسم سے چھوتا رہے یعنی کرتے کے اندر ڈالیں، اس کے اثر سے بچوں کا سوکھنا، مسان روگ، دور ہو جاتا ہے اور اس کا تجربہ بہت سے بچوں پر ہو چکا ہے۔

☆.....☆.....☆

مجمع باز طبیبوں کے مخفی راز

مجمع باز طبیبوں کی عجیب وغریب دوا
جس کو پانی کے گھڑے میں ڈالنے سے تمام
پانی دیکھتے ہی دیکھتے دہی کی مانند جم جاتا ہے

آپ نے بازاری دوافروشوں کو دیکھا ہوگا، کہ بوٹیوں کی کراماتیں بیان کرتے وقت ایک بوٹی کو ذرا کوٹ کر پانی میں گھولتے ہیں اور پھر اس پانی کو چھان کر تھوڑی دیر کیلئے ڈھانپ کر رکھ دیتے ہیں، چند منٹ کے بعد جب اس پانی پر سے ڈھکنا اٹھایا جاتا ہے تو پانی جما ہوا ملتا ہے۔ حاضرین بوٹی کا یہ کرشمہ دیکھ کر حیران ہر جاتے ہیں، اور دوافروش بڑے زوردار لفظوں میں کہتے ہیں کہ یہ بوٹی کھائی جائے تو پانی جیسی منی کو گاڑھا کر دیتی ہے، جس طرح سے آن کی آن میں یہ پانی جم جاتا ہے وغیرہ اور پھر کچھ نہ پوچھیں، بازاری دوافروش کا گھاس پھونس سونے چاندی کے بدلے فروخت ہو جاتا ہے آج ہم اس بوٹی کا نام بتائیں، اس بوٹی کا نام جل جمنی ہے یہ ایک بیل ہے جس کے پتے بیضوی شکل کے ہوتے ہیں، پہاڑوں اور شاداب جگہوں میں عام ملتی ہے۔ تازہ بوٹی زیادہ مؤثر ہوتی ہے اس کے پتوں کا عرق نچوڑ کر پانی میں ڈالا جائے، تو پانی فوراً جم جاتا ہے، عرق اتنا ہونا چاہیے کہ جس سے پانی کا رنگ گہرا سبز ہو جائے، اس بوٹی سے پانی گاڑھا ہو کر اس کی گانٹھ بندھ جاتی ہے مگر اس کا درجہ حرارت اتنا ہی رہتا ہے، پانی برف کے برابر ٹھنڈا نہیں ہوتا جن کو منی کی حرارت کی وجہ سے جریان احتلام کی شکایت ہو ان کیلئے یہ بوٹی واقعی مفید ہے، 6 ماشہ کی مقدار میں لے کر پانچ سات کالی مرچ کے ساتھ گھوٹ کر پانی، ملا کر صبح کے وقت پلائیں، اس میں میٹھا بھی ملا سکتے ہیں ترشی اور قبض کرنے والی چیزوں سے پرہیز کریں۔

مجمع لگانے والوں کا شعبدہ

بازار میں مجمع لگا کر دوائیاں بیچنے والے پبلک کو یہ شعبدہ دکھاتے ہیں، تالمکھانہ 1 تولہ، لاجونتی یعنی چھوئی موئی کے بیج دو تولہ یہ دونوں چیزیں ہر پنساری سے مل جاتی ہیں، دونوں کو نہایت نہایت باریک کر کے ملا لیں، ایک پیالہ میں پانی بھر کر اس کی سطح پر سفوف پھیلا دیں، تھوڑی دیر میں جب اس کا لعاب پیدا ہو جائے تب اس جھلی کو پانی سے نکال کر کپڑے کی طرح [illegible]

پھیلا دیں، یہ چادر کی طرح پھیل جائے گی ایسا کرنے کے بعد پھر وہ لمبی چوڑی تقریریں کرتے ہیں، لیکن اس راز کو نہیں بتاتے اور جریان احتلام کی اکسیری دوا بتا کر خوب لوٹتے ہیں۔

وہ عجیب طلاء جو بے جان گوشت کو منٹوں میں چورس سے لمبا بناتا ہے

اور جس کے ذریعہ پبلک کے سر پر الو کی لکڑی پھیری جا رہی ہے۔
یہ عجیب طلاء مجمع بازوں کا چلتا ہوا جادو ہے جسے وہ تیل کی شکل میں بیچتے ہیں۔

نسخہ

تخم اوٹنگن باریک پیس کر اس میں سندھور ملا دو، اور پھر تیل سرشف میں گندھک موصلی پکا کر اس تیل میں مذکورہ سفوف ملا کر محفوظ رکھو اگر گوشت کی چورس بوٹی کے اوپر اسے لگا کر رکھ دو تو یہ دیکھتے ہی دیکھتے تھوڑی دیر میں سکڑ کر لمبی سی بن جائے گی، جس سے دیکھنے والے اس طلاء کو عجیب و غریب چیز تصور کریں گے اگر بدن پر اس تیل کو مل کر اس جگہ سوائی گاڑیں تو خون نہیں نکلے گا، انگل پر ملیں گے تو انگلی کچھ سخت معلوم دے گی، پس یہ کرشمے دکھا کر مجمع باز حضرات تماشائیوں کے پر الو کی لکڑی پھیر کر ان کی جیبیں خالی کر لیتے ہیں۔

آنکھ سے جالا نکالنے کا پوشیدہ شعبدہ

آپ کو مجمع لگا کر دوائیں بیچنے والوں کا ایک راز بتاتا ہوں، جسے جان لینے کے بعد یقین ہے کہ پبلک ہتھکنڈوں سے خبردار ہو جائے گی اور وہ یہ ہے کہ سفوف تالمکھانہ آنکھ میں ڈالنے سے جالا نمودار ہوتا ہے یعنی تالمکھانہ کو سرمہ کی طرح باریک سفوف بنا کر شیشی میں رکھ لیا جاتا ہے جب اس شیشی میں سے سلائی بھر کر آنکھ میں لگائی جاتی ہے تو وہ سفوف ہی جالے کی شکل اختیار کر لیتا ہے، جس کو مجمع لگا کر دوا بیچنے والے فوراً چمٹی سے پکڑ کر آنکھ سے علیحدہ کر لیتے ہیں لیکن سیکھنے والے حضرات اور خود مریض بھی اسے اصلی جالا سمجھ کر دوا فروش اور اس کی دوا کی تعریف میں گن گانے لگتے ہیں، اور دیکھتے ہی دیکھتے کئی شیشیاں فروخت ہو جاتی ہیں، تالمکھانہ ہر پنساری سے مل سکتا ہے۔

نورانی سلائیاں

آپ نے بار بار ریلوں میں مختلف رنگوں کی سلائیاں بکتی دیکھی ہوں گی جنہیں جنٹلمین حضرات چیخ چیخ کر بیچا کرتے ہیں اور ایک سلائی کے تین چار آنے وصول کیا کرتے ہیں، ذرا ان سے نسخہ تو پوچھ کر دیکھیں فوراً بڑی خوشی سے کہیں گے کہ لکھ لیکن حقیقی نسخہ ہرگز نہ بتائیں گے نسخہ پیش خدمت ہے۔

نسخہ

ایک پھٹکری کی ڈلی لے کر لوہے کی کڑچھی میں رکھ کر پگھلائیں جب پانی ہو جائے تو اس میں قدرے چمچہ وغیرہ سے لے کر کسی مٹی کے صاف برتن کے پیندے پر رکھیں اور ہاتھ کے ذریعہ سلائیاں بنالیں، اگر رنگت بدلنی منظور ہو تو ہلدی باریک شدہ پگھلاؤ کی حالت میں ملا دیں، اس سے رنگت بھی خوشنما ہو جائے گی، اور مفید بھی زیادہ ہو جائے گی۔

نوٹ: اگر باریک پھٹکری پگھلائی جائے تو آگ پر رکھنے سے فوراً کھیل ہو جاتی ہے لہذا ڈلی ہی لینی چاہیے۔

اکسیری سلائیاں نمبر 2

یہ سلائیاں مرقومہ بالا سلائیوں سے بھی بہتر ہیں ان خالی سلائیوں کو ہی ذرا ذرا آنکھوں میں پھیرتے رہنا بس اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

نسخہ

پھٹکری خام سہاگہ، نوشادر شورہ تولہ تولہ لے کر پہلے ہر ایک کو جدا جدا باریک پیس لیں اور پھر کسی عمدہ صاف کھرل میں ملا کر رگڑیں فوراً خود بخود گیلی ہو کر قوام سا بن جائے گا، ہاتھ سے سلائیاں بنالیں اور خشک ہونے پر کام میں لائیں، از حد مفید ہے۔

نوٹ: برسات کے موسم میں یہ سلائیاں پانی ہو کر بہہ جاتی ہیں، لہذا ان دنوں کے اندر ہرگز تیار نہ کریں۔

کراماتی سلائیاں

پھٹکری 1 تولہ، توتیا 1 ماشہ، نوشادر 1 ماشہ، ترکیب تیاری: [illegible]

باریک پیس کر رکھیں اور پھٹکری کی ڈلی کو کسی برتن میں رکھ کر انگاروں پر رکھیں جب پانی ہو جائے تو نوشادر اور نیلا تھوتھا باریک شدہ ڈال دیں حل ہو جانے پر آگ سے اتار لیں اور نیم گرم سے ہی بطریق معروف سلائی بنا دیں اس کو ایک بار روزانہ آنکھوں میں پھیرنا آشوب چشم ککرے سرخی سفیدی، دھند، غبار سب مرضوں کو دور کرتا ہے۔

مجمع باز طبیبوں کا حیرت انگیز شعبدہ

بازار میں دوا بیچنے والے دو گلاسوں میں بھرے ہوئے سفید پانیوں کو جب ملاتے ہیں تو ہیں وہ پانی خود بخود سرخ ہو جاتا ہے یہ اس طرح ہوتا ہے۔ پٹاسی آئیوڈائیڈ ایک حصہ دار چکنا ایک حصہ دونوں کو جدا جدا گلاس کے پانی میں حل کر لیں یعنی ایک گلاس میں پٹاسی آیوڈائیڈ حل کریں اور دوسرے گلاس میں دار چکنا پس جب یہ دونوں پانی میں ملیں گے تو پانی کا رنگ فوراً سرخ ہو جائے گا، اور دیکھنے والا حیران ہوگا، کہ دونوں گلاسوں کا صاف پانی ملتے ہی رنگ دار کیسے ہو گیا۔

دراصل یہ دوا فروشوں کی شعبدہ بازی ہے کہ جس کے ذریعہ یہ اپنی دوائیوں کی تعریف کرتے ہیں، حالانکہ دار چکنا اور پٹاسی آئیوڈائیڈ دونوں زہریلی دوائیاں ہیں، یہ دونوں پارہ کی آمیزش سے تیار ہوتی ہیں، پٹاسی آئیوڈائیڈ انگریزی دوا فروشوں سے اور دار چکنا پنساریوں سے مل جاتی ہے۔

بازاری دوا فروشوں کا شعبدہ

بازاروں اور سڑکوں کے کنارے بیٹھ کر جو دوا بیچتے ہیں وہ لمبی چوڑی تقریریں کرتے ہیں، وہ عوام کو یقین دلانے کے لئے دو گلاسوں میں سفید پانیوں کو جب ملاتے ہیں تو پانی کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ یہ میری دوا کا اثر ہے اور اسی طرح سے دوا حلق سے اترتے ہی جسم میں خون پیدا کر دیتی ہے یہ محض شعبدہ بازی ہے آپ خود بھی اس کا تجربہ کر سکتے ہیں۔

دو گلاس لو اور ہر ایک میں قدرے پانی ڈالو، پوٹاشیم سلفوسا ئنائیڈ ایک گلاس میں اور دوسرے گلاس میں کلورائیڈ ڈال کر حل کرو، محلول بالکل بے رنگ ہوں گے لیکن جب ایک گلاس کا پانی دوسرے گلاس میں ڈالو گے تو گہرا سرخ رنگ پیدا ہوگا، یہ دونوں دوائیاں انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتی ہیں، ا[illegible] ،انی کو پینا نہیں چاہیے۔

نقلی سلاجیت تیار کرنے کا راز

المورہ اور گڑھوال کے علاقہ میں بانجھ بانیک نام کا ایک عام درخت ہوتا ہے، چالاک لوگ اس درخت کی گوند اکٹھی کر لیتے ہیں جو سیاسی مائل بھورے رنگ کی ہوتی ہے اس کو بول گاؤ میں کھرل کر کے آگ پر پکاتے ہیں، جب اس کا قوام غلیظ ہو جاتا ہے تو سیاہ مٹی ملا کر اس کی ٹکیاں بنا لیتے ہیں، یا یوں ہی ڈبوں میں بند کر لیتے ہیں، جو سیاہ مٹی سلاجیت میں ملائی جاتی ہے وہ سہاگہ کی کانوں سے نکلتی ہے اور سہاگہ کی کانیں المورہ اور گڑھوال کے نزدیک بہت سی ملتی ہیں اس گوند میں سب سے بڑا وصف یہ ہے کہ اس کو جب پانی میں ڈالا جائے تو یہ سرخی مائل رنگ کی دھاریں چھوڑ کر گھلنے لگتی ہے اور یہ دھاریاں تمام پانی میں پھیل جاتی ہیں اور عام لوگوں میں بھی یہ بات مشہور ہے کہ اصلی سلاجیت کو اگر پانی میں ڈالا جائے تو وہ سرخی مائل دھاریاں چھوڑتی ہے علاوہ ازیں یہ گوند مغلظ منی مقوی بدن اور پرانے سے پرانے درد کمر کو نافع ہے کیونکہ اس گوند میں کئی اعلیٰ اوصاف پائے جاتے ہیں اس لئے جب اس سے تیار کردہ نقلی سلاجیت استعمال کی جاتی ہے تو مریض کو بہت سے فائدے پہنچتے ہیں، لیکن اس سلاجیت کا مزہ پھیکا ہوتا ہے اور اس میں چپچپاہٹ ہوتی ہے، نیز اس سے بول گاؤ کی بو آتی ہے لیکن تجربہ کار لوگ اس بو اور خالص سلاجیت کی بو میں فرق معلوم کر لیتے ہیں، اس لئے زیادہ چالاک اور ہوشیار لوگ مذکورہ مرکب میں خالص سلاجیت آمیز کر دیتے ہیں جس سے یہ ذائقہ اور بو میں بھی خالص سلاجیت کی مانند بن جاتی ہے۔

المورہ اور گڑھوال ضلع کے آدمی اس ہنر کے خاصے استاد ہیں یہ لوگ کلکتہ بمبئی اور مدارس تک نقلی سلاجیت فروخت کرتے ہیں۔

وہ عجیب وغریب دوا جسے ہاتھ میں لے کر زہریلے بچھو پکڑ سکتے ہیں

چہچٹہ کی جڑ کو ہاتھ میں لے کر اگر بچھو کو پکڑ لیں تو وہ بالکل نہیں کاٹ سکتا، اور بچھو کے کاٹے ہوئے مقام پر گھس کر لگا دیں، تو درد وغیرہ فوراً دور ہو جاتا ہے یہ نسخہ بالکل صحیح ہے اور ہمارا بارہا کا مجرب ہے۔

ایک عرس کے میلے میں ہزاروں آدمیوں کے سامنے ایک شخص جڑی بوٹی ہاتھ میں لئے بچھوؤں کو جسم پر چلا رہا تھا، اور اس جڑی بوٹی کو ایک ایک آنہ میں فروخت کرتا تھا، اس نے اس جڑی پر روغن لگایا ہوا تھا تا کہ شناخت نہ ہو سکے وہ یہی چہچٹہ کی جڑ تھی۔

خوشبودار سرخ گولیاں (نسخہ)

ملٹھی کا آٹا ایک چھٹانک گوند ببول ایک چھٹانک بورہ کھانڈ ایک پاؤ، تھری آر کا رنگ سرخ 4 رتی، تمام چیزوں کا سفوف آپس میں ملا کر پانی میں آٹے کی طرح گوندھ لیں اور ایک مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں، جب خشک ہو جائیں تو ایک ٹین کے ڈبہ میں ڈال کر اس پر دس پندرہ قطرے امرت دھارا یا پیپر منٹ آئل اور تین رتی سکرین چھڑک دیں اور خوب ہلائیں اس سے گولیوں پر پالش ہو جائے گی اب انہیں چھوٹی چھوٹی شیشوں میں بھر کر اپنے کارخانے کا لیبل لگا دیں یہ گولیاں، کھانسی، نزلہ، زکام متلی قے زیادتی پیاس اور درد شکم کے لئے مفید ہیں، ایک دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں یا پانی سے نگل لیں۔

بجلی کی نسوار

پوٹاسی پرمگناس چھ رتی سوڈا بائی کارب، ایک چھٹانک دونوں کو باریک کر کے شیشیوں میں بھر لیں، اس میں سے ایک چاول بھر سونگھنے سے بے تحاشا چھینکیں آنا شروع ہو جاتی ہیں، اور نزلہ وزکام کا رکا ہوا گندا مواد ناک کے راستے نکل کر دردسر زکام درد دانت آشوب چشم جو نزلہ کی وجہ سے ہو آرام آجاتا ہے، بجلی کی طرح دماغ میں فوراً چڑھ جاتی ہے، دوائی فروش جب چند اشخاص کو سونگھا دیتے ہیں تو ایک پرلطف تماشہ بن جاتا ہے، نسوار سونگھنے والے باری باری سے چھینکتے ہیں اور لوگ ان کی اس حالت کو دیکھ کر بے اختیار ہنستے ہیں یہ محض دل لگی کا ذریعہ نہیں بلکہ مفید ہے۔ حکمت پیشہ لوگ مذکورہ بالا امراض میں برت کر کو خلق خدا کا فائدہ پہنچائیں۔

ٹھنڈا سرمہ

سرمہ سیاہ ایک پاؤ، کھرل میں ڈال کر باریک کر لیں اس میں ایک ماشہ ست پودینہ خشک جس کو پیپر منٹ کرسٹل بھی کہتے ہیں ڈال کر خوب کھرل کریں اور شیشیوں میں بھر لیں اسے آنکھوں میں لگانے سے برف کی سی ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔ اور گرما گرم پانی نکل کر آنکھ صاف ہو جاتی ہے عوام اسے بہت پسند کرتے ہیں اور ہاتھوں ہاتھ خرید لیتے ہیں۔

جادو کی بوتل

اس معجزنما دوائی کی تعریف میں خود نہیں کرتا جو صاحب اس کو تیار کر کے اس کا تجربہ

کریں گے وہ خود ہی اس کی تعریف کرنے میں پھولے نہ سمائیں گے۔ ہمارے ہاں ہر وقت تیار رہتی ہے اور ہمیشہ ہی بہت سے مریضوں پر تجربہ ہوتا ہے۔ آپ بھی بنا کر اس کا تجربہ کریں۔

نسخہ

نوشادر 50 گرام لائیں اور اس کے برابر چونہ قلعی دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں اور شیشی میں بھر رکھیں بوقت ضرورت مریض کو شیشی کا منہ کھول کر سونگھائیں، انشاء اللہ دو ہی منٹ میں آرام آجائے گا علاوہ ازیں درد شقیقہ اور نزلہ زکام کی واحد اور بے خطا دوا ہے مگر یہ یاد رکھیں کہ پہلے ایک چیز کو باریک پیس کر شیشی میں ڈالیں بعد میں دوسری اور بوتل کو اچھی طرح ہلا کر آپس میں ملا لیں اور نہ ہی زیادہ دیر تک شیشی کا منہ کھلا رہنے دیں ورنہ دوا کا اثر زائل ہو جائے گا اگر کسی سبب سے دوا میں پورا اثر نہ رہا ہو تو بوتل کو گھنٹہ دو گھنٹہ دھوپ میں رکھ دیں۔ اتنا ہی اثر ہو جائے گا آپ نے بہت دفعہ شہروں میں دیکھا ہوگا کہ لیکچرار لوگ اسی دوا کو چیخ چیخ کر فروخت کیا کرتے ہیں مگر وہ عرق کی صورت میں ہوتی ہے اگر اس میں پانی ملا لیا جائے تو ویسی ہی بن جاتی ہے۔

سر درد، دانت درد، کان درد، کمر درد
سب درد، دور کرنے کی اکسیر دوا

آپ نے عام طور پر بازاروں میں مجمع لگا کر دوائیں بیچنے والوں کو انگلی سے دانت نکالتے دیکھا ہوگا، ان پڑھ اور جاہل لوگ آدمی تو ان کو دیکھ کر فوراً کہتے ہیں، کہ ان کے پاس کوئی منتر یا کلام ہے ایک دو دانت نکال کر بعد ازاں ایک ڈرام کی شیشی ایک ایک روپے میں فروخت کرتے ہیں بیچارے بھولے بھالے دیہاتی لوگ پھنس جاتے ہیں، بھائی صاحب بس پریکٹس کی بات ہے، ہلتے دانتوں کو نکال دیں گے جو نہیں ہلتے انکو چھوتے ہی نہیں، میرا مطلب آپ کو یہ ظاہر کرنا ہے کہ وہ کون سی مجرب دوائی بیچتے ہیں، کہ جس سے سارے دنیا کے درد بند ہو جاتے ہیں، اور آپ ان کی لچھے دار تقریر اور ایک دو شعبدے دیکھ کر ان کو روپیہ دے کر ایک شیشی خریدنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، آج میں اس راز سے پردہ اٹھاتا ہوں۔

نسخہ

لائیکوار ایمونیا، فورٹ ایک انگریزی دوائی سیال شکل کی ہے اس میں کوئی رنگ لال یا

سرِ ذرا سا ڈال کر چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں بھر کر فروخت کریں، اگر نزلہ ہے تو سنگھادیں، آدمی بے ہوش ہو گیا ہو تو ہوش میں لانے کیلئے شیشی کا کارک کھول کر سنگھادیں فوراً ہوش میں آجائے گا۔ اگر درد دانت کی تکلیف ہے تو روئی کے پھایہ سے مقام درد پر لگائیں، ماتھے میں درد ہے تو ماتھے پر لگادیں کان کا درد ہے تو تھوڑا سا تیل سرسوں گرم کر کے اس میں ملا کر کان میں ڈالیں ایک دفعہ تو عارضی آرام ہو جائے گا، روزگار چلانے کا عمدہ نسخہ ہے۔

بواسیری مسے گرادینے کا شعبدہ

بہت سے لوگوں نے بواسیر کے مسے نکالنے کا پیشہ اختیار کر رکھا ہے۔ اور عجیب ٹھگی کرتے ہیں، جس کی کیفیت یوں ہے کہ قصائی کی دوکان سے ایک آنہ دے کر بکرے کا پھیپھڑا خرید لیتے ہیں اس کو پانی میں دو چار منٹ تک جوش دیتے ہیں، تا کہ اس کا نرم گوشت اور بھی نرم ہو جائے اور ناڑیوں سے بآسانی جدا ہو سکے، پھر ناڑیوں کے درمیان گوشت کو ہاتھ سے جدا کر دیتے ہیں پھر قینچی سے کاٹ کاٹ کر اپنی مرضی سے چھوٹے بڑے جڑوں والے یا چار جڑوں والے مسے بنا لیتے ہیں۔

ان مصنوعی مسوں کو شنگرف سے رنگ لیتے ہیں تا کہ ان کی سفیدی زائل ہو جائے اور یہ اصلی رنگ کے مسے معلوم ہوں ایسے مصنوعی مسے یہ لوگ اپنے پاس چھپا کر رکھتے ہیں، چونکہ یہ خشک ہو جاتے ہیں، جس دن ضرورت پڑے اور جتنے مسوں کی ضرورت پڑے ان کو رات بھر پانی میں بھگو رکھتے ہیں، صبح یہ ریشم کی طرح نرم ہو جاتے ہیں دھوکہ دینے کے لئے مندرجہ ذیل طریقے ہیں۔

(۱) جلاب دے کر مسے نکالنا، مریض کے جو اصل مسے ہوتے ہیں ان پر ایسی دوائی لگائی جاتی ہے کہ وہ بالکل نرم اور عارضی طور پر معدوم ہو جاتے ہیں پھر مریض کو جلاب دیتے ہیں یہ جلاب بہت سخت ہوتا ہے، تھوہر کے دودھ اور جمال گوٹہ سے تیار کرتے ہیں اور مریض کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ گدے میں اسہال کرتا جائے اس میں یہی مصنوعی مسے آتے جاتے آنکھ بچا کر پھینک دیتے ہیں جب جلاب ہو جاتا ہے تو پانی سے ساری غلاظت کو دھلاتے ہیں، جب لمبی لمبی جڑوں والے مسے مریض دیکھتا ہے تو حیران ہو جاتا ہے، پھر حکیم صاحب تیل گرم کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ جب تیل خوب گرم ہو جاتا ہے تو مسے ڈال دیتے ہیں تا کہ جل کر کوئلہ ہو جائیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی عقل مند دیکھ کر راز فاش نہ کر دے مگر مریض کی یہ کہہ کر تسلی کر دیتے ہیں کہ اس عمل کے

کرنے سے دوبارہ نہیں اُگتے غور کرنا چاہیے کہ مسے کہاں جاتے ہیں، اور اثر کہاں پہنچتا ہے۔(2) بعض دفعہ یہ مصنوعی مسے حلوہ میں چھپا کر کھلا دیتے ہیں، جب حلوے میں جلاب دیا جاتا ہے اس وقت یہ چالاکی ہوتی ہے۔

جڑی بوٹیوں کے کرشمے

جہاں ناکام رہ جاتی ہیں دنیا بھر کی تدبیریں
وہاں آتی ہیں کام ایسی جڑی بوٹی کی تاثیریں

وہ بوٹی جو پھوڑے کو ایک گھنٹہ کے اندر پھوڑ دیتی ہے

اس عجیب وغریب بوٹی کے متعلق شریمان ڈاکٹر مرلی دھر صاحب سابق میڈیکل آفیسر روڑی ضلع حصار فرماتے ہیں کہ بچپن کے زمانہ میں جب کہ میری عمر آٹھ نو سال تھی ایک روز میں ایک اونچے چبوترے سے چھلانگیں لگا رہا تھا دفعتاً مجھ کو چوٹ لگی اور میرے دائیں ٹخنے میں سخت درد ہونے لگا اس درد کی شدت کی وجہ سے میں چیختا چلاتا گھر چلا گیا میری والدہ محترمہ نے ہر طرح کا علاج کیا، جو کہ دیہات میں ہو سکتا تھا، لیکن میرے درد میں افاقہ نہ ہوا ماں بیچاری ماتا کی ماری مجھ کو اٹھائے جگہ جگہ پھرتی تھی لیکن مجھ کو کہیں سے فائدہ نہ ہوتا تھا، چار یوم کے بعد کسی نے ایک حجام کی بابت سفارش کی کہ وہ فن جراحی میں خاص دسترس رکھتا ہے مجھ کو اس کے پاس بھیجا گیا لیکن اس نے میرے ٹخنے کو دیکھ کر نہایت بے اعتنائی سے کہا کہ اس کے تو سخت مرض ہے کہ ٹانگ کٹوا دی جائے تو بہتر ہے، ورنہ خیر نہیں یہ سن کر سب کے جاتے رہے اور مایوس ہو کر مجھ کو گھر لے آئے، واپسی پر کسی نے چمار کی بابت بہت سفارش کی اور بتلایا کہ ان امراض میں وہ سول سرجن کی حیثیت رکھتا ہے لاچار مجھ کو اس کے پاس پہنچایا گیا اس نے نہایت اطمینان سے کہا کہ اس کے مقام ورم پر فلاں بیل کو اُتار کر باندھ دو میری والدہ نے کہا کہ جنگلوں میں کون مارا مارا پھرے بیل کے لانے کا انتظام بھی خود کر دو اور اس کو دو آنے بطور مزدوری دے دیے۔ وہ تھوڑی دیر میں بیل کی ایک گٹھری لے آیا پس رات کو اس بیل کے تھوڑے سے پتے ابال کر میرے ورم پر باندھ دیے، ایک گھنٹہ کے بعد جب میں نے پٹی کھلوائی تو کیا دیکھتا ہوں کہ پھوڑا پھوٹ گیا ہے پٹی کھولنے سے پیپ بڑی مقدار میں خارج ہوئی جس سے مجھ کو اس وقت تسکین ہو گئی اور پھر چند روز میں مکمل آرام ہو گیا۔

دوسرا ذاتی تجربہ

اس بیل کی آزمائش کا موقعہ مجھے ایک دفعہ پھر ملا، جبکہ ڈاکٹر ہو چکا تھا، اور شفا خانہ کا انچارج تھا دائیں گھٹنے کے اوپر ایک چھوٹی سی پھنسی نکل آئی جو بظاہر معمولی معلوم دیتی تھی، لیکن درحقیقت سخت درد کرتی تھی اس قدر سخت درد کہ شدت درد کی وجہ سے میں اپنی رہائش کوارٹر سے شفا خانہ کے دفتر میں بھی نہ جا سکتا تھا، اور مجھے رفع حاجت کیلئے بھی تکلیف سے چلنا پڑتا تھا اس وقت مجھ کو اچانک گھر سے نہایت ضروری تار ملا کہ میں فوراً گھر پہنچوں، مجھ کو بڑی تشویش ہوئی، کیونکہ اسٹیشن پر پہنچنے کیلئے دس میل کا سائیکل سفر ضروری تھا، میں نے ایسے آڑے وقت میں اس دوا کو یاد کیا اور جنگل سے منگوایا تھوڑے سے پتوں کو ابال لیا اس اُبلے ہوئے پانی سے پھنسی کی خوب ٹکور کی اور بعد میں کچھ پتوں لبدی پھنسی پر رکھ کر پٹی باندھ کر لیٹ گیا، صرف ایک گھنٹہ بعد میں نے پٹی کو کھول کر دیکھا تو ایک پتہ سختی سے پھنسی سے چپکا ہوا تھا، میں نے پتہ کو زور سے کھینچا اس وقت خون کی ایک دھار پھنسی سے نکلی میں نے خون کو روکنے کی کوشش نہ کی تقریباً دو تولے خون پھنسی سے نکل گیا اس پر میں نے محسوس کیا کہ میں آسانی سے چل پھر سکتا ہوں اور پھنسی میں درد بھی نہیں ہے اس کے بعد میں نے معمولی مرہم لگا کر پٹی باندھ لی اور فوراً سفر کیلئے تیار ہو گیا اور پھنسی بغیر کسی آپریشن کے ٹھیک ہو گئی۔

اب اس بوٹی کا نام اور حلیہ بھی سن لیجئے

اس بوٹی کا نام "پیلو بوٹی" ہے یہ ایک قسم کی بیل ہوتی ہے جو عموماً کریر پر ملتی ہے اور بعض اوقات جنڈ کے درخت پر بھی دیکھنے میں آتی ہے یہ درخت پر چڑھنے والی لمبی اور پتلی بیلوں کی طرح ہوتی ہے اس لئے اس کے پتے لمبے اور پتلے ہوتے ہیں اور میرے خیال میں اس کے پتوں کی پیلو سے مشابہت ہی کی وجہ سے اس کا نام پلون بیل رکھا گیا ہے کیونکہ پلون اور پیلو ایک ہی قسم کے الفاظ ہیں اور پیلو اور پلون جال کے پھل کو کہتے ہیں اس لئے وہ بیل جس کے پتے جال جیسے ہوں پلون بیل کہلاتی ہے۔

اندھوں کو بینائی بخشنے والی عجیب وغریب بوٹی

شریمان حکیم بوٹھا رام جی سابق ایڈیٹر رسالہ دلچسپ فرماتے ہیں کہ لالا پیارا لال کھڑ

پنسار فروش کی لڑکی کو نگروں کی سخت تکلیف تھی اور علاج کیلئے ہسپتال لے جایا گیا، بدقسمتی سے کمپوڈر نا تجربہ کار تھا اس نے کوئی ایسی دوا آنکھوں میں ڈال دی جس سے آنکھوں کی پتلیاں بالکل سفید ہو گئیں، اور بینائی جاتی رہی۔ چھ سال کی معصوم بچی جس کے ابھی کھیلنے کودنے کے دن تھے ہمیشہ کے لئے گھر کی چار دیواری میں بیٹھنے پر مجبور ہو گئی اور اپنی مرض سے ادھر ادھر چلنا پھرنا تو کجا حاجت پیشاب جانے کیلئے بھی دوسروں کی محتاج ہو گئی اگرچہ لڑکی کے والد نے کئی مشہور ماہرین چشم سے علاج کرایا مگر آنکھیں درست نہ ہوئیں، آخر وہ مایوس ہو کر بیٹھ گئے اس بات کو تین سال کا عرصہ گذر گیا۔

اتفاقاً ایک سنیاسی میرے پاس تشریف لائے، نسخہ جات کا ذکر چھیڑنے پر انہوں نے ایک بوٹی کے متعلق فرمایا کہ یہ جملہ امراض کے لئے اکسیر ہے شام کے وقت ہم شہر سے باہر گھومنے گئے، تو انہوں نے وہ بوٹی مجھے دکھائی اس وقت مجھے اس نابینا لڑکی کا خیال آ گیا، واپس آتے ہی لالہ پیارالال کے پاس گیا اور دوسری صبح لڑکی کو لانے کیلئے کہا چنانچہ دوسرے دن وہ اس کو میرے مکان پر لے آئے، سنیاسی صاحب نے بوٹی لا کر اس کا رس نکالا، اور ڈراپر سے دو دو قطرے لڑکی کی آنکھوں میں ڈالے، چند سیکنڈ لڑکی درد سے کراہنے لگی، لحظہ بلحظہ یہ درد بڑھتا گیا حتیٰ کہ شدت درد سے بے تاب ہو گئی، ہم سب لڑکی کی بے چینی اور کرب کو دیکھ کر گھبرا گئے کہ کہیں اور مصیبت بے چاری پر نہ آ جائے، لیکن سنیاسی مذکور اطمینان سے نتیجہ کا انتظار کرنے لگے، تھوڑی دیر کے بعد انہوں نے فرمایا کہ اب اس لڑکی کو گھر لے جا کر بستر پر آرام سے لٹا دو، چنانچہ لڑکی کا والد اسے گھر لے گیا، گرمی کا موسم تھا اور چاندنی رات تھی، تمام گھر والے حسب معمول مکان کی چھت پر سوئے ہوئے تھے معاً لڑکی نے چاند کی طرف اشارہ کر کے کہا، لالہ جی وہ چاند ہے، لڑکی کے منہ سے یہ انوکھا فقرہ سن کر سب چونک پڑے اور حیرانی سے دریافت کیا گیا کہ تمہیں چاند نظر آتا ہے؟ لڑکی نے سر ہلاتے ہوئے دوبارہ چاند کی طرف انگلی اٹھائی، اس وقت جو خوشی گھر والوں کو اس کو ہوئی بیان نہیں کیا جا سکتا۔ قصہ مختصر دوسرے دن لڑکی خود چل کر ہمارے گھر آئی اور بدستور دوائی اس کی آنکھوں میں ڈالی گئی، اس دن دوائی کی تیزی چند محسوس نہ ہوئی، چند روز متواتر استعمال کرانے سے لڑکی کی آنکھیں بالکل درست ہو گئیں، اور وہ خدا کی دنیا کو پھر سے دیکھنے لگی۔

وہ حیرت انگیز بوٹی جس نے تین سال کی اندھی کو پھر سے نور بخشا بسکھپرا ہے۔ سنیاسی مذکور نے اس بوٹی کے چند اور خواص بھی بیان کئے، بسکھپرا، سالم بوٹی کو کوٹ کر رس نکالیں، اور

اس میں سرمہ سیاہ کھرل کریں، دو چار روز کھرل کرنے کے بعد جب سرمہ خشک ہو جائے تو شیشی میں ڈال رکھیں، روزانہ استعمال کرنے سے آنکھوں کی بنیائی از حد تیز ہو جاتی ہے اور بڑھاپے میں بھی مثل نوجوان کے بینائی قائم رہتی ہے۔

اس کی جڑ چھاچھ میں گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگائیں، ابتدائی موتیابند کیلئے اکسیر ہے، اس کی گئو متر میں گھس کر سلائی لگانا شب کوری کیلئے مفید ہے اس کی جڑ کو گھی میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں تو چند روز میں پھولا کٹ جاتا ہے۔

نوٹ: یہ بہت مشہور و معروف بوٹی ہے، برسات میں عام ہوتی ہے اس قدر کہ چھکڑے کے چھکڑے بھر لیجئے، زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہے، شکل اٹھ سٹ سے ملتی ہے، پتے بیضوی بغیر دندانوں اور نوک کے پھولوں کی رنگت کے لحاظ سے دو قسم کی ہوتی ہے اس کے دوسرے نام پنرتواہ، دھولی اساوڑی، پانڈری وغیرہ ہیں۔

نئی زندگی بخشنے والی بے نظیر بوٹی

بوڑیہ انبالہ میں لالہ جیون رام کھتری کے بڑے لڑکے بناری داس کی عورت حاملہ تھی جب وضع حمل کا وقت نزدیک آیا تو بچہ باہر نہ آسکا، دائیاں مجبور تھیں ان کو بچہ نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہ آتا، آخر کار تنگ آکر انہوں نے جگادھری سے مس لیڈی ڈاکٹر کو بلایا مگر وہ بھی کچھ نہ کر سکی مریضہ حال بے حال تھی گھر کے آدمی پریشان تھے، کوئی سہارنپور کوئی انبالہ دوڑا، جگادھری میں دو ہسپتال ہیں، ایک مشن دوسرا گورنمنٹ آخر کار مشن ہسپتال کا انگریز ڈاکٹر آیا، اس نے مریضہ کا معائنہ کر کے کہا کہ ایام حمل میں یہ عورت گر پڑی ہوگی، اس لئے ایک ہڈی ٹوٹ کر رحم کے منہ اوپر اس طرح آگئی ہے کہ جس کے باعث بچہ ہرگز باہر نہیں نکل سکتا۔

گھر والوں نے اقرار کیا کہ یہ سیڑھیوں پر سے گر پڑی تھی، اور ایسا ہی ہوا، آخر ڈاکٹر صاحب کے ساتھ چھ سو روپے طے پائے کہ بچہ جو اندر مر گیا ہے نکال دیا جائے جب ڈاکٹر نے اوزار گرم کئے تو فرمانے لگے کہ اگر عورت مر گئی تو ہماری کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی، جس پر گھر والوں نے کہا کہ حضور فرماتے ہیں کہ بچہ تو اندر مرا ہوا ہے اگر عورت بھی مر گئی تو پھر چھ سو روپیہ کیسا، قصہ کوتاہ ڈاکٹر صاحب چلے گئے اور مریضہ آخری سانس کے لئے تیار ہو گئی، حسن اتفاق سے ایک سنیاسی فقیر بھکشا لینے کے ان کے گھر آئے اور گھر والوں کو اداس دیکھ کر وجہ دریافت کی۔ چنانچہ

انہوں نے سب ماجرا کہہ سنایا تب یہ سنیاسی کہنے لگے کہ گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہم اس کا علاج کرتے ہیں، خدا نے چاہا تو اس کی زندگی بچ جائے گی یہ سن کر گھر والے کہنے لگے کہ جناب سول سرجن صاحب نے کہہ دیا ہے کہ ایک ہڈی ٹوٹ کر رحم پر دونوں طرف وتر کی طرح آکھڑی ہوئی ہے تو پھر بچہ پیدا کیسے ہوگا؟ مگر سنیاسی نے کہا ہمت مرداں مدد خدا، جو ہو سو ہو اب تو خدا کا نام لے کر ارادہ کر لیا ہے کہ علاج ضرور کریں گے، یہ کہہ کر سنیاسی جنگل کی طرف گئے اور ایک بوٹی دو جگہ سے جڑ سے نکال لی اور دو جڑیں اکھاڑیں کہ پتے وغیرہ اس غرض سے صاف کئے کہ کسی کو پتہ نہ لگے، صرف جڑیں رہ گئیں جو وزن میں پانچ تولہ کے قریب ہوں گی، جنہیں بازار میں لا کر ایک پتھر پر رکھ کر دوسرے پتھر سے نیم کوب کیا اور لالہ جیون رام کو دیں کہ نصف کو آدھ سیر پانی میں پکا کر جب ½ پانی رہ جائے مل چھان کر ابھی پلاؤ۔ یہ بے ہوش ہے مردہ بچہ کا زہر چڑھ جاتا ہے اس لئے جلدی چمچے سے اس کے اندر پہنچاؤ اگر یہ قے سے نکل جائے تو دوبارہ ایک گھنٹہ کے وقفہ سے پلا دو۔

جس طرح ان کو ہدایت کی گئی تھی، ٹھیک اسی طرح پہلے بارہ بجے رات دوا پلائی گئی مگر پندرہ منٹ کے بعد وہ نکل گئی، یعنی قے ہو کر باہر ہوئی، مریضہ سخت بے چین تھی بولتی نہ تھی، ہوش وحواس بجا نہ تھے، آخر دو بجے رات پھر چمچہ، چمچہ کر کے پلائی گئی، اور چار بجے صبح مردہ بچہ باہر ہوا، دائی کی بھی ضرورت نہ پڑی لڑکا تو پہلے ہی مر چکا تھا مگر عورت آج تک زندہ ہے وہ ایک معمولی جڑ ہے دیہات میں شہروں کے باہر عام ملتی ہے۔

اس بوٹی کے فوائد بہت ہیں مگر سب سے بڑا فائدہ آپ کو بتا دیا گیا ہے، بعض حضرات اس بوٹی کی جڑ کو پانی سے گھس کر ناف کے گرد لیپ کر دیتے ہیں، جس سے زندہ یا مردہ بچہ جس حالت میں ہو، آسانی سے باہر آ جاتا ہے، اس معجزنما بوٹی کا نام اٹ سٹ ہے۔

وہ بوٹی جو پارے کا کچا کشتہ براستہ پیشاب نکال دیتی ہے

یہ بوٹی تکسی ہے اس کے دو تولے پتے لے کر پانی ملا کر خوب گھوٹ چھان کر روزانہ نہار منہ پلائیں، ایک ہی ہفتہ میں پارہ کا کچا کشتہ پیشاب کے راستہ خارج ہو جائے گا۔

☆......☆......☆

وہ حیرت انگیز بوٹی جس کی چند خوراکوں سے زنجیروں میں بندھے بھاگنے مارنے والے اور نہ سونے والے جوشیلے پاگل پن کے مریض چند دنوں میں شرطیہ ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

یہ بوٹی چھوٹی چندن ہے، جسے اسرول بھی کہتے ہیں یہ ایک گھنا خورو جھاڑی کی قسم کا پودا ہے، جو تین فٹ اونچا ہوتا ہے عموماً اس کی شاخیں سیدھی اوپر کو جاتی ہیں، لیکن اگر اسے کسی دوسری چیز کا سہارا مل جائے تو اس سے بھی لپٹ جاتا ہے، اس کی شاخوں کے ہر جوڑ پر بیضوی شکل کے تین چار پتے ہوتے ہیں، جن کی لمبائی پانچ چھ انگل اور چوڑائی تین انگل ہوتی ہے، شاخ کے سرے پر دو انگل لمبا گہرے نارنگی رنگ کے پھولوں کا گچھا ہوتا ہے اس کا تخم سیاہ رنگ کے مٹر کے دانہ کے برابر ہوتا ہے یہ پودا ہمالیہ کے گرم علاقوں میں مرادآباد سے لے کر آسام تک پایا جاتا ہے نیز آسام اور پیگو کے علاقہ میں چار ہزار فٹ کی بلندی تک اور دکن میں مشرقی ساحل کے ساتھ ساتھ لنکا تک پیدا ہوتا ہے، بنگال، بہار اور پٹنہ کے جنگلوں میں بھی بکثرت پیدا ہوتا ہے۔ حصص مستعملہ جڑ اور پتے۔

مقدار خوراک: یہ ایک خاص زود اثر اور تیز دوا ہے اس لئے مریض کے مزاج قوت و طاقت اور موسم وغیرہ تمام امور کو پیش نظر رکھنے کے بعد اس کی مقدار خوراک کا فیصلہ کرنا چاہیے سب سے بہتر یہ ہے کہ ابتداء میں اس کی بہت کم کم مقدار تجویز کریں، اور آہستہ آہستہ مقدار خوراک میں اضافہ کریں، ابتداء میں چار رتی دوا سے زیادہ نہ دیں، اس کے بعد پانچ چھ رتی رفتہ رفتہ ضرورت پڑنے پر دو ماشہ کی مقدار تک دے سکتے ہیں شروع میں زیادہ مقدار دینے سے مریضوں کو بے چینی اضطراب اور رعشہ پیدا ہوتا جاتا ہے، جب مریض کی حالت اطمینان بخش ہو اور مرض میں نمایاں طور پر افاقہ معلوم ہونے لگے، تو دوا کی مقدار بتدریج کم کر دیں لیکن جب تک عوارضات مکمل طور پر رفع نہ ہو جائیں اس وقت تک دوا کا استعمال برابر جاری رکھیں۔

افعال و خواص

مقوی کاسر ریاح مسکن اعصاب، منوم نافع جنون و بے خوابی، صرع، اختناق الرحم، ہائی بلڈ پریشر بخار اور آشوب چشم وغیرہ کی اکسیر دوا ہے۔

وہ بوٹی جو بغیر آپریشن بغیر کلوروفارم سنگھائے دو دو اونس کی پتھری فوراً نکال دیتی ہے

یہ بوٹی پتھر پھوڑی ہے جو کوہ ہمالیہ میں دس ہزار فٹ کی بلندی پر دستیاب ہوتی ہے، اس کے استعمال سے گردہ مثانہ کی پتھری بغیر آپریشن پیشاب کے ذریعہ خارج ہو جاتی ہے۔

ترکیب استعمال

چار پانچ ماشہ یہ بوٹی پانچ دانہ سیاہ مرچ چار پانچ تولے تازہ پانی میں پیس کر صبح و شام مریض کو پلائیں۔

وہ بوٹی جو عورت کے پیٹ سے مردہ یا زندہ بچہ منٹوں میں نکالتی ہے

جب عورت کے دردزہ ہوتا ہو اور بچہ نہ ہوتا ہو تو اونٹ کٹارا کی جڑ جو تقریباً آدھ انچ موٹی اور تین انچ لمبی ہو لے کر عورت کے تالو کے بال ہٹا کر اور تالو ننگا کر کے اس پر رکھ دیں اور اسے ذرا دبائے رکھیں بچہ زندہ یا مردہ جیسا ہوگا پانچ منٹ میں باہر آ جائے گا، جوں ہی بچہ پیدا ہو تو اونٹ کٹارہ کو علیحدہ کر دیں ورنہ ہلاکت کا اندیشہ ہے۔

وہ بوٹی جسے دانت یا داڑھ پر لگا دینے سے دانت بغیر درد نکل آتا ہے

یہ بوٹی "کھکھر بیل" ہے اس کا تازہ پھل لے کر اس کا رس نکال کر اس رس کو انگلی سے دانت یا داڑھ کے دونوں طرف لگا دیں چند سیکنڈوں کے بعد دانت یا داڑھ کو انگلیوں سے کھینچ لیں، بغیر درد یا تکلیف دانت نکل آتا ہے۔

وہ بوٹی جس سے انڈہ چھلکا سمیت آٹے کی طرح گل جاتا ہے

اور یہ انڈا زبردست قوت جسمانی اور قوت باہ پیدا کرتا ہے کئی سال ہوئے رسالہ سورج

لاہور میں پونہ کے ایک صاحب ثابت انڈہ کو بوٹی کی مدد سے گلا دینے کا اشتہار دیتے تھے اور بوٹی کا نام بتلانے کی فیس وصول کرتے ہیں جس کو پڑھ کر سینکڑوں حضرات نے اس بوٹی کے متعلق دریافت کیا، اشتہار دینے والے کا دعویٰ تھا کہ چھلکا سمیت انڈہ کا استعمال قوت باہ وجسمانی طاقت پیدا کرتا ہے جس کو سنبھالنا بھی مشکل ہو جاتا ہے انڈہ چھلکا سمیت گلانے کے لئے کون کھٹائی بوٹی کام میں لائی جاتی ہے یہ بوٹی دہلی میرٹھ کانپور امرتسر وغیرہ میں نہایت آسانی سے دستیاب ہو جاتی ہے۔ ایک انڈے کو گلانے کے لئے آدھی چھٹانک بوٹی لے کر تین چھٹانک پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، بوٹی گل جانے پر اور چند ابال آجانے پر انڈہ ڈال کر چند منٹ ابالیں جب چھلکا میں سوئی چبھوئی جا سکے تو انڈہ تیار سمجھیں، اس کو مسل کر مالیدہ سا بنالیں اور چوڑے منہ کی شیشی میں محفوظ رکھیں چوتھائی سے نصف انڈہ شہد میں ملا کر روزانہ استعمال کرائیں۔

وہ بوٹی جس کے استعمال سے
عورت مثل باکرہ بن جاتی ہے

درخت ڈھاک کی نئی کونپلیں لے کر سایہ میں خشک کر کے باریک سفوف بنائیں اور اس میں ہم وزن چینی ملا کر محفوظ رکھیں۔ اس کی خوراک ایک تولہ ہے بوقت صبح کھانے سے عورت باکرہ بن جاتی ہے۔

روپے دو روپے من کے حساب سے عام ملنی والی وہ بوٹی

اس بے نظیر بوٹی کے متعلق عالی جناب شفاء الملک حکیم وڈاکٹر سید امراؤ علی صاحب ہاشمی فرماتے ہیں کہ 1892ء میں مجھے یہ نسخہ ایک مدراسی سادھو سے مقام اوری ضلع جالون بحالت ملازمت پولیس حاصل ہوا تھا کیونکہ ابتداء عمر سے مجھے خدمت فقراء وحکماء سے دلچسپی تھی، لہٰذا سادھو صاحب نے اپنی عنایت سے یہ نسخہ میرے ہاتھ سے بنوا کر اول حبیب احمد خاں کانسٹیبل جس کو جلق زدگی کی وجہ سے یہ شکایت عرصہ سے تھی، اور اس مرض سے خارج از جولیت ہو چکا تھا، اس کو استعمال کرایا دوا دس یوم استعمال کرائی گئی جس سے وہ تندرست ہو گیا۔
یہ دوا بنا کر استعمال کرائی سب کو فائدہ ہوا۔ تین مریضوں کو تو چالیس یوم کھانی پڑی باقی
تیس سے کم یوم کے استعمال سے اچھے ہو گئے۔

جب سے، اب تک صدہا مریضوں کو دوا دی گئی اور سب اچھے ہو گئے دوا سہل الحصول ہے مگر بدمزہ ضرور ہے۔

دو سیر پیاز کا عرق جو پتھر سے کوٹ کر نکالا گیا ہو اس میں ایک سیر خالص شہد ملا کر قلعی دار تانبے یا مٹی کے برتن میں رکھ کر پکایا جائے آنچ تیز نہ ہو جب پانی پیاز کا جل جائے اور شہد رہ جائے اتار کر کسی بڑے ظرف خواہ چینی یا کانچ میں رکھ کر حسب عمر و طاقت ایک تولہ سے دو تولہ تک صبح و شام استعمال کرایا جائے، بعض مریضوں کو صرف ایک ہی وقت صبح کو استعمال کرایا گیا ہے، اب تک اس نسخہ سے ناکامیابی نہیں ہوئی، موسم سرما میں بہت زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

وہ بوٹی جس کے چند پتے ایک دو دفعہ پشت پر مل دینے سے سوکھتا ہوا بچہ شرطیہ طور پر موٹا تازہ ہونے لگتا ہے

دو تین بنگلہ پان لے کر اچھی طرح کتھا چونا لگا کر کھنکنی بوٹی کے دو تین پتوں کے ساتھ منہ میں رکھ کر چبائیں اور پیک بچہ کی پشت پر ریڑھ کی ہڈی پر گرائیں، اور ہاتھ سے آہستہ ملیں چند منٹ بعد باریک باریک کرم نمودار ہوں گے ان کو چن دیجئے، پھر دوبارہ پیک گرائیے اور کرم چن دیجئے تین چار روز تک ایسا کرنے سے سوکھتا ہوا بچہ تر و تازہ ہو جاتا ہے۔

وہ بوٹی جس کے استعمال سے لڑکی کی بجائے شرطیہ لڑکا ہوگا

ایسی کئی بوٹیاں ہیں، جن کے استعمال سے لڑکے کی بجائے لڑکا پیدا ہو سکتا ہے لیکن آپ کو دو بہت آسانی سے مل جانے والی بوٹیاں بتائے دیتا ہوں اور وہ بھنگ اور شیولنگی ہیں دونوں کے تخم مطلوب ہیں بھنگ کے تخم بھنگ کے ٹھیکہ دار سے اور شیولنگی کے تخم تمام مشہور و معروف آیورویدک دواخانوں سے عام طور پر مل جاتے ہیں جب حمل ٹھہرے ہوئے دو ماہ ہو گئے تو عورت کو ہدایت کریں کہ ایک ماشہ بھنگ کے بیج سالم یا باریک پیسنے کی ضرورت نہیں، تازہ پانی کے ساتھ صبح نہار پھانک لیا کریں اور چار عدد شیولنگی کے بیج شام کا کھانا کھانے سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے کی طرح تازہ پانی سے پھانک لیا کرے یہ عمل پورے ایک ہفتہ جاری رکھیں لڑکی کی بجائے لڑکا ہوگا۔

وہ بوٹی جس کے ایک دفعہ استعمال کرنے سے پندرہ دن تک قطعی بھوک نہیں لگتی

یہ بوٹی چرچٹہ ہے، جسے پٹھکنڈہ کہتے ہیں، موضع منصور پور ضلع مظفر گڑھ میں میں نے آج سے چار سال پہلے اسکا تجربہ کیا تھا، اس کے تخم لے کر کوٹ کر کھیر بنا کر استعمال کی تھی چار روز کے بعد تے کر کے یہ کھیر باہر نکالی اور انیما (حقنہ) کیا تب کہیں جا کر دوسرے روز بھوک لگی سادھو اور سنیاسی اس کا استعمال کر کے مہینہ مہینہ بھر بغیر کھائے، پیئے مگن رہتے ہیں۔

وہ بوٹی جو سنکھیا کے زہر کا تریاق ہے

یہ بوٹی ارنڈ ہے، اس کی کونپلیں ایک ایک تولہ لے کر گھوٹ چھان کر پلائیں، پھر پلائیں اور پھر پلائیں، حتیٰ کہ قے کے راستے تمام سم الفار معدے سے نکل جائے۔

وہ بوٹی جسے ایک چاول بھر کی مقدار میں کھا لینے سے سخت سے سخت سردی میں بھی شدت کی گرمی محسوس ہونے لگتی ہے

اس بوٹی کا نام "مندورا ہے جو کہ کشمیر اور پونچھ کے پہاڑوں میں اسی نام سے ملتی ہے یہ ایک جڑ ہے جس کی شکل وصورت "زربنی" یعنی جدوار سے تقریباً ملتی ہے یہ بوٹی مقوی باہ بہت ہے مگر مقدار خوراک باجرے کے دانہ سے نہ بڑھائی جائے، ورنہ باہ کے نخل کو سرسبز کرتے کرتے شجر حیات کو ہی قطع کر بیٹھیں گے، یہ تیز الفاظ اس لئے لکھ دیئے ہیں کہ بالعموم شائقین باہ حریص ہونے کی وجہ سے اپنی مرضی سے دوگنی خوراک کھا لیا کرتے ہیں۔

وہ بوٹی جس کی ایک خوراک سے جون کی گرمیوں میں بھی دسمبر کا جاڑا لگنے لگتا ہے

اس بوٹی کا نام سنکھ کھی بوٹی ہے جو کہ اس کے پھولوں کی مناسبت سے رکھا گیا ہے اس کے پھول خورد برنگ سفید قدر نیلگوں سنکھ کی صورت کے ہوتے ہیں بلندی ایک بالشت سے زیادہ نہیں دیکھی گئی پانی کے کنارے پائی جاتی ہے"۔

آب شفا (نسخہ)

ست پودینا ایک تولہ ست اجوائن، ایک تولہ روغن دارچینی ایک تولہ کریا زوٹ (روغن قطران) چھ ماشہ ایمونیا فورٹ ایک تولہ ست بیلا ڈونا چھ ماشہ، ٹنکچر نکس وامیکا ڈرام گلیسرین 5 تولہ سپرٹ ریکٹی، فائیڈ اتنی کہ کل دوا بیس تولہ جائے مضبوط ڈاٹ لگا کر دوا کو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

بیرونی استعمال ہر قسم کے درد مثلاً درد سر عصبی درد، ذات الجنب، ذات الریہ، وجع المفاصل ہر قسم کے ورم جب تک ان میں پیپ نہ پڑی ہو، پھوڑا پھنسی زخم بستری جلق دار پھنسیاں داد چنبل چھپاکی ہر قسم کی خارش اور زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوئے مقام پر مناسب طریقہ پر مل دیں اندرونی استعمال وجع قلب وجع معدہ درد شکم، قولنج بدہضمی اسہال، پیچش، ہیضہ دیدان امعا نمونیہ ڈبہ اطفال پھیپھڑوں کے زخم میں ملیریا بخار تپ محرقہ، ذیابیطس باؤ گولہ، رعشہ کالی کھانسی وغیرہ امراض میں معالج مناسبت عمر اور طاقت مریض دیکھ کر مقدار خوراک کم بیش کرسکتا ہے، مقدار خوراک ایک قطرہ سے چند قطرے تک ہمراہ گرم پانی استعمال کر سکتے ہیں۔

سولہ امراض کی ایک دوا

نسخہ

ہڑتال گئو دنتی دس تولہ، اسگندھ ناگوری 10 تولہ، اسگندھ کو ہڑتال کے نیچے اوپر کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈالیں اور گل حکمت کر کے ایک گڑھا میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں۔

ترکیب استعمال

پرسوت زناں: کشتہ مذکورہ ایک چاول جائفل دورتی کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

تپ سوداوی: پان مصالحہ دار پر ایک رتی ڈال کر کھلائیں۔

تپ بلغمی: برگ تلسی ایک عدد کے ہمراہ ایک چاول صبح و شام دیں۔

سیلان الرحم، کثرت حیض ضعف جگر، یرقان ورم طحال دل دھڑکن، پیٹ کے کیڑے وغیرہ کے لئے گائے کی دہی یا چھاچھ سے دو گولی صبح کھلایا کریں (4) باؤ گولہ وجع المفاصل، درد پسلی وغیرہ میں صبح وشام گرم پانی کے ساتھ دو دو گولی کھلایا کریں (5) بلغمی کھانسی، بلغمی دمہ کیلئے 6 ماشہ شہد کے ساتھ اور خشک دمہ میں 1 تولہ ملائی کے ساتھ دو دو گولی صبح وشام استعمال کرائیں (6) زہریلے جانور کے کاٹے پر دو سے چار گولی اور سانپ کے کاٹے پر دس سے پچاس گولی تک گھی کے ہمراہ یا پانی میں گھوٹ کر دیں قے ہونے کے بعد پھر دیں (7) سوزاک قرحہ، سل خونی کی قے وغیرہ میں دو سے 4 گولی صبح وشام بکری کے دودھ سے دیں (8) آنکھوں کی بہت سی امراض مثلاً پانی جالا، دھند جالا، پھولا ککرے، کھجلی، سرخی، اندھراتا وشب کوری، کے لئے حبوب مذکور ایک حصہ سرمہ سیاہ باریک بارہ حصہ ملا کر پیسیں اور رات کو تین تین سلائی ڈالا کریں۔

احتیاط:

حاملہ عورت کو یہ دوا ہرگز نہ دیں۔

کشتہ اکسیری

جون 1935ء کے رسالہ الطبیب لاہور میں صفحہ 36 پر حکیم وزیر چند صاحب کی طرف سے ایک نسخہ بہت تعریف کے ساتھ شائع ہوا تھا، یہاں تک کہ انہوں نے اس کی بابت تحریر کیا تھا کہ یہ اکسیری کشتہ جس کے پاس ہے وہ شہنشاہ ہو نیک نام سے مشہور ہے اور صاحب اقبال ہے یہ نسخہ مختلف بیماریوں میں مختلف بدرقات کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے، چنانچہ اس کی غیر معمولی تعریف پڑھ کر اسے تیار کر کے مریضوں پر برتا گیا اور اس وقت تک ضیق النفس کے تین بخار کے بیس وجع المفاصل کے دو سرعت کے آٹھ اور باہ کے چار مریضوں پر اس کا تجربہ ہو چکا ہے اور ایک مریض نے اس کی بے حد تعریف کی ہے نسخہ یہ ہے۔

شنگرف رومی ایک تولہ، برادہ نقرہ خالص 1 تولہ، برادہ تانبا خالص 1 تولہ، رسکپور 1 تولہ، برادہ دندان فیل 1 تولہ، ہڑتال طبقی 1 تولہ، گندھک آملہ سار 1 تولہ، سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر سرمہ سا باریک کر کے وزن کریں اور باہم یک جان کر لیں، پھر ایک روز خشک کھرل کریں، بعدہ ایک روز شیر مدار کے ہمراہ ایک یوم کال ڈنڈا تھوہر کے دودھ کے ہمراہ ایک پورا دن تلسی کے پتوں کے پانی کے ہمراہ اور بارہ گھنٹے کچلہ کے پانی سے خوب سحق کریں، کچلوں کا پانی

اس طرح تیار کریں، کہ کچلے 5 تولہ لے کر انہیں رات کو نصف سیر پانی میں بھگو دیں صبح جوش دیں جب صرف چھٹانک پانی باقی رہے تو اس پانی میں کھرل کریں پھر اس دوا کا قرص تیار کر کے اسے جنگلی پیاز کے درمیان رکھیں، اور اسے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس کا منہ سمیٹ کر کے خشک کر لیں اور رات کو ہوا سے بچا کر سولہ سیر جنگلی اُپلوں کی آنچ دیں صبح بالکل سرد ہونے پر کوزہ میں جنگلی پیاز کے درمیان سے کشتہ شدہ دوا نکال لیں، اگر سفید کشتہ نکل آئے تو پھر کیا بات ہے، ورنہ سیاہ کشتہ برآمد ہوگا، اس کو باریک پیس کر شیشی میں مضبوط ڈاٹ لگا کر دس دن نم ناک زمین میں دفن رکھیں یہ کشتہ جتنا پرانا ہوتا جائے گا، اتنا ہی مفید و موثر ہوتا جائے گا، ترکیب استعمال درج ذیل ہے۔

(1) ضیق النفس وغیرہ کے لئے چار رتی دوا بتاشے میں رکھ کر دی جائے (2) نامردی ہر قسم کے لئے ہمراہ مسکہ یا بالائی یا شوربہ بزصرف ایک ہفتہ۔ (3) امساک کیلئے بالائی دودھ کے ہمراہ ایک چاول (4) آتشک کیلئے حلوا کے ہمراہ ایک رتی و ایک ہفتہ تک (5) لقوہ، فالج ادھرنگ، درد زانو سردی وجع المفاصل اور جملہ بلغمی بیماریوں کے لئے مویز منقیٰ، یا برگ تلسی یا شکر تری یا آردز نجبیل کے ساتھ ایک رتی دے کر اوپر سے گرم دودھ میٹھا ڈال کر پلایا جائے، (6) بواسیر خونی، جریان، احتلام، سرعت وغیرہ میں ایک چاول ہمراہ سبوس اسپغول و کرکس، تالمکھانہ وگوند کتیرا ایک ایک ماشہ سفوفاً۔ (7) ہیضہ کے لئے ہمراہ دانہ الائچی، خورد طباشیر، مصری ایک ایک ماشہ کے سفوف میں دیا اوپر سے بکری کا دودھ پلایا جائے (9) زکام واسہال ہر قسم کے لئے بشرح نمبر 7 (10) بخار ہر قسم کہنہ ہر روزہ نوبتی وغیرہ میں ہمراہ آردگلو، برگ نیم الائچی خورد طباشیر مصری کوزہ سفوفاً، ہمراہ شیر گاؤ۔ (11) یرقان ضعف جگر ضعف معدہ وقلب میں ہمراہ دانہ الائچی خورد منقیٰ (12) برائے سل ہمراہ برگ بانسہ ترکھجور برابر وزن رات کو پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف کر کے سرد پانی کے ہمراہ دی جائے۔

علاوہ ازیں دیگر امراض میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ آپ بے دریغ دے سکتے ہیں۔ اس کی تعریف لفظوں میں ادا نہیں ہو سکتی بلکہ امراض میں ایک طبیب کامل ہمراہ بدرقہ استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

بیشمار امراض کیلئے ایک بیش بہا اکسیر تیل یعنی روغن

یہ ایک نہایت ہی نفیس اور مفید ایجاد ہے کیونکہ اس کی چھوٹی سی شیشی بے شمار امراض

کے ازالے کے لیے اکسیر ہے اور پھر لطف یہ کہ اس کی مقدار خوراک نہایت ہی قلیل ہے نیز اندرونی و بیرونی ہر دو طور پر استعمال کی جاتی ہے، میں پر زور الفاظ میں سفارش کروں گا، کہ کوئی گھر بلکہ کوئی جیب اس لاثانی دوا سے خالی نہیں ہونی چاہیے، ورنہ کم از کم طبیب کا صندوقچہ تو اس مبارک دوا سے ضروری خالی نہیں رہنا چاہیے، کیونکہ میں نے کو بارہا آزما کر مفید پایا ہے۔

نسخہ

پوست بیخ کنیر سفید پوست بیخ کنیر، سرخ ہر ایک 5,5 تولہ ہر دو تازہ حاصل کریں اور کچل ڈالیں، اور گیارہ سیر پختہ گائے کے دودھ میں جوش دیں، اور بدستور معروف دہی جما کر مکھن نکالیں اور اس مکھن کو کھرل کرتے جائیں، یہاں تک کہ ملاتے ملاتے پورا دس تولہ شیر مدار شامل ہو جائے بعد ازاں دھتورہ کے پتوں کا پانی دس تولہ روغن کنجد دس تولہ ملا کر آگ پر رکھیں، جب پانی جل کر محض تیل باقی رہ جائے تو اس کو مکھن والی دوا کے اندر ملا کر پھر آگ پر رکھیں، یہاں تک کہ پانی جل کر صرف تیل رہ جائے۔

ترکیب استعمال

کیونکہ یہ دوا بے شمار امراض کیلئے مفید ہے اس لئے ذیل میں عام فہم طریقہ میں ترکیب استعمال عرض کی جاتی ہے جس سے استعمال کرنے میں سہولت ہو۔

امراض دماغ

مرگی، درد شقیقہ بند نزلہ وغیرہ کیلئے سفوف کا جل میں ملا دیں ویسے ہی بطور نسوار استعمال کرائیں مفید ہے۔

امراض چشم

بتی کو روغن دقلی میں بھگو کر بدستور کاجل حاصل کریں، اور سرمہ کے طور پر آنکھوں میں لگائیں بتوبا ہٹی چشم اور پلکوں کے بال اُگانے میں بے حد مفید ہے۔

امراض کان

کان درد، پیپ آنا، بہرہ پن وغیرہ میں قدرے تیل ملا کر نیم گرم کرکے دو دو قطرے ہمیشہ ڈالا کریں۔

امراض فساد خون: داد، خارش، چنبل، پھوڑے، پھنسیاں وغیرہ کیلئے اوپر لگائیں، نیز اندرونی طور پر ایک قطرے سے تین قطرہ تک چینی یا حلوے میں دیں، بفضلہ چند یوم کے استعمال سے فساد خون دور ہو کر خون صاف ہوگا۔

عصبی امراض: فالج لقوہ خدر رعشہ تشنج، وغیرہ میں مالش کرائیں اور کھلائیں۔

بواسیر: کے لئے دو قطرے یومیہ ملائی یا مکھن میں دیا کریں، اور روزانہ قضائے حاجت کے بعد اوپر ملا کریں، چند یوم میں سے نیست و نابود ہوں گے۔

بخار: وہ بخار جو لرزہ سے آتے ہوں یا جو نوبت سے تیسرے یا چوتھے دن دورے آتے ہوں، ان سب کے لئے بخار آنے سے دو گھنٹہ پیشتر دیں۔

زخم: روغن دفلی 1 حصہ، روغن کنجد تین حصہ ملا کر رکھیں اور زخموں پر لگایا کریں، انشاء اللہ چند یوم میں زخم مندمل ہو جائیں گے۔

درد هر قسم: اگر کسی سوجھی ہوئی جگہ پر روغن دفلی کی مالش کر دی جائے تو اگر ورم تحلیل ہو جانے کے قابل ہو تو تحلیل ہو جاتا ہے۔ ورنہ جلد پھٹ جاتا ہے۔

تریاقی اثر: بھڑ، مکھی، بچھو وغیرہ کے کاٹے کی جگہ مالش کر دینے سے نہ صرف یہ تکلیف دور ہو جاتی ہے، بلکہ ورم بھی نہیں ہوتا۔

جوانی کی غلط کاریاں: جلق وغیرہ کی وجہ سے جو حضرات اپنی طاقت کو تباہ و برباد کر چکے ہوں، ایسے حضرات کیلئے یہ ایک لاجواب طلاء ہے روزانہ رات کے وقت حشفہ (سپاری وسیون چھوڑ کر عضو مخصوص پر مالش کریں، اور پھر اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھ کر سو رہا کریں اور صبح کو کھول کر گرم پانی و صابن سے دھو کر تولیے سے صاف کر دیا کریں، اسی طرح روزانہ مالش کرتے رہیں چند یوم میں بے حد طاقت پیدا ہو جائے گی۔

پتھری: خواہ گردے میں ہو خواہ مثانہ میں اس کی دوا سے تین بوند جو کھار اصلی میں رکھ کر کھلانے اور اوپر مالش کرنے سے بفضلہ چند روز میں ٹوٹ کر نکل جائے گی، غرض کہ نہایت لاجواب چیز ہے۔

گولڈن پوڈر (نسخہ): ریوند خطائی، سونٹھ، نوشادر تمام ادویات ہموزن علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملا لیں، اگر غلطی سے ادویات کو اکٹھا پیس لیا گیا، تو بجائے گولڈن پوڈر کے بلیک پوڈر بن جائیگا۔

مقدار خوراک: دورتی تا پانچ ماشہ، ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم یا عرق کاسنی حسب حال مریض۔

منفعت: دردقم معدہ میں تین ماشہ دوا ہر دو گھنٹہ بعد تا تسکین درد وجع المعدہ بوجہ حموضت الدم (یہ درد عموماً خلو معدہ کے وقت ہوتا ہے، دو ماشہ ہر دو وقت اگر درد بوقت ہضم غذا ہو تو ایک ماشہ دوا دیں۔

ہیضہ: ایک تولہ دوا دس تولہ پانی میں ملا کر دیں، پھر پندرہ منٹ بعد ایک تولہ یہ محلول پلاتے جائیں ایک یا دو قے آنے پر آرام ہو جاتا ہے۔

وجع الکبد: اگر نوبتی ہو تو بوقت نوبت تین ماشہ دوا ہر دو گھنٹہ بعد دیں، درد میں سکون ہو جائے گا، نوبت سے بعد چند یوم مسلسل ایک ماشہ دو ہر دو وقت دیتے جائیں۔

وجع المرارہ: پانچ ماہ دو ہر گھنٹہ بعد دیں، تا اختتام درد، لیکن خیال رہے کہ دو تب تک بند نہ کریں جب تک ایک اسہال صفراوی نہ آجائے اگر ایسا ہی خوراک میں درد کو تسکین ہو جائے تو پھر دوا کا وقفہ بڑھا دیں۔

حصاۃ المرارہ: ایک ماشہ دوا صبح دوپہر شام چند یوم متواتر دیں۔

یرقان: تین ماشہ دو ہر سہ وقت دیں کبدی میں ہر سہ وقت ایک ماشہ دوا دیں، اگر جگہ کا فل تیز ہو تو دوا دورتی کے وزن سے دیں۔

وجع الامعاء: پانچ ماشہ دوا نیم گرم پانی سے دیں۔

نسخہ

مرچ سیاہ، گیرو، نوشادر ہر ایک تین تولہ تخم جوز ماثل 1½ تولہ سب اجوائن 9 ماشہ، سب کو ملا کر باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، کھانسی، ضیق النفس ڈبہ الطفال درد، دانت کا ہلنا (اسہال پیچش، بھڑ بچھوں کے کاٹے ہیضہ، بدہضمی ملیریا، دردسر، درد شکم، شقیقہ صرع کیلئے نہایت مفید ہے۔

فالج لقوہ: ایک چاول ہمراہ مربہ زنجبیل دیں۔

تشنج: ایک چاول ہمراہ مربہ زنجبیل دیں۔

وجع المفاصل: نقرس ایک چاول عاقر قرحا سفوف 1 ماشہ کے ہمراہ۔

تپ ولرزہ: پان کے پتے کے ہمراہ ایک چاول دیں۔

قوت باہ: ایک چاول ہمراہ سفوف ترپھلہ 9 ماشہ دیں۔

اسہال ہر قسم: سفوف لونگ چار رتی میں ایک چاول ڈال کر کھلائیں۔

آشوب چشم: سفوف لونگ چار رتی میں ایک چاول ڈال کر کھلائیں۔

آتشک: تنقیہ کے بعد ایک چاول ہمراہ برگ دودھی۔

خنازیر: تنقیہ کے بعد ہمراہ برگ دودھی ایک چاول۔

سوزاک: ایک چاول ہمراہ بتاشہ۔

بواسیر: ایک چاول ہمراہ رسوت دو رتی۔

پیچش: ایک چاول ہمراہ رب انار۔

حبوب سلیمانی

پوست ریٹھہ کو نہایت باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنالیں، اوران کو جلد خشک کرنے یا قدرے اخفاء کی چادر ڈالنے کیلئے سفوف گیرو میں ڈال کر ہلائیں تا کہ ان پر غلاف چڑھ جائے۔

ترکیب استعمال

سر درد دائمی، بدہضمی، درد شکم اپھارہ، درد گردہ، آتشک، کنٹھ مالا، بھگندر، ناسور، داد، چنبل، کھجلی، برص، حیض کی کمی یا زیادتی، بخار، پیشاب کا بار بار آنا، جریان، احتلام، گھی اور دودھ کا ہضم نہ ہونا طاعون وغیرہ امراض میں مریض کی طاقت اور مرض کی حالت کو دیکھ کر دو سے 4 گولی تک صبح وشام تازہ پانی سے دیا کریں مگر طاعون میں چار مرتبہ استعمال کرائیں۔

ضعف دماغ

دورتی ہمراہ آب تازہ دن میں دو مرتبہ دیں، درد شکم ہیضہ اور بدہضمی وغیرہ کیلئے ہمراہ عرق بادیان زہردار جانوروں کے ڈنگ پر مل دیں، دردسر شقیقہ صرع کے لئے نسوار دیں، درد دانت کیلئے دانتوں پر ملیں، غرضیکہ تجربہ کار طبیب اسے بہت سے امراض پر استعمال کرسکتا ہے

اکسیر نزف

یہ دوا نزف الدم (سیلان خون) کے لئے بے حد مفید ہے ہر ایک مقام کے سیلان خون کو بند کرتی ہے نفث الدم، کثرت حیض۔

اسہال خونی، بواسیر خونی بول الدم، اور نکسیر وغیرہ میں خون کی آمد کو روک دیتی ہے اور لطف یہ کہ سہل الحصول اور قلیل الاجزا ہے۔

نسخہ

گیرو، سنگجراحت ہم وزن باریک پیس کر محفوظ رکھیں، اور بوقت ضرورت مندرجہ ذیل ترکیب سے استعمال کر کے فائدہ حاصل کریں۔

نفث الدم

میں سفوف مذکورہ بقدر 2 ماشہ کھلا کر اوپر سے بہدانہ تین ماشہ کا لعاب اور تخم خرفہ پانچ ماشہ اور حب الآس پانچ ماشہ کا شیرہ عرق گاؤزباں بارہ تولہ میں نکال کر شربت انجاز دو تولہ ملا کر پلائیں۔

سل

میں سفوف مذکور کو بقدر 2 ماشہ دم الاخوین اور بسد سوختہ ایک ایک ماشہ باریک پیس کر خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں، ملا کر کھلائیں، اوپر سے بہدانہ 3 ماشہ، عناب 5 دانہ، سپستاں نو دانہ کو پانی میں جوش دے کر چھانیں، اور شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر پلائیں،

اسہال خونی: میں سفوف مذکورہ دو ماشہ خمیرہ خشخاش میں ملا کر کھلائیں، اوپر سے

بہدانہ تین ماشہ، تخم کنوچہ، تین ماشہ اسپغول 5 ماشہ، کالعاب اور بیخ انجبار، حب الآس، ہر ایک 5 ماشہ کا شیرہ عرق گاؤزباں بارہ تولہ میں نکال کر پلائیں۔

نکسیر

نکسیر کو روکنے کیلئے سفوف مذکور کو دو ماشہ میں ایک ماشہ سفید کاشغری اضافہ کر کے ناک میں نفوخ کریں، اور زہر مہرہ بنسلوچن ہر ایک ایک ماشہ سفوف مذکورہ میں اضافہ کر کے خمیرہ گاؤ زباں، ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں، اوپر سے بہدانہ تین ماشہ کالعاب اور عناب 5 دانہ کا شیرہ عرق گاؤزباں ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں، اوپر سے بہدانہ تین ماشہ کالعاب اور عناب 5 دانہ کا شیرہ عرق گاؤزباں میں نکال کر شربت بنفشہ دو تولہ ملا کر پلائیں۔

یہ بے نظیر نسخہ امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے تمام عوارض کو پوری کامیابی سے رفع کرتا ہے، زکام ونزلہ کہنہ ضیق النفس اور سل جیسی خطرناک امراض اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں عوارض بلغم کو دور کرتا ہے ضعف جگر کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ مولد خون صالح ہے عام صحت بدنی کی حفاظت کرتا ہے، بدن کو فربہ ودرخوش رنگ بناتا ہے، اور دماغ کو تقویت پہنچاتا ہے الغرض ایک لاجواب بے مثل اور مفید ترین ہے۔

نسخہ: نمک خوردنی ایک ماشہ، زعفران، کشتہ شاخ مونگا، کشتہ فولاد آبی (آفتابی) ہر ایک دو ماشہ ورق نقرہ 12 عدد کا کڑا سنگی، رب السوس، دم الاخوین، طباشیر کبود، قرنفل، عقرقرحا، مصطگی رومی، ہلیلہ سیاہ، بلیلہ آملہ خشک دانہ، الائچی خورد، سمندر جھاگ، فلفل گرد، مغز بادام، ہر ایک تین ماشہ جملہ ادویات کو عرق تنبول میں کھرل کر کے بمقدار فلفل گرد گولیاں بنائیں، اور دو دو گولیاں صبح وشام پانی کے ساتھ کھلائیں۔

ترکیب کشتہ شاخ مونگا

ایک تولہ شاخ مونگا، ظرف گلی میں رکھ کر اس پر تین تولہ مغز گھیکوار ڈال دیں، اور ایک تولہ اجوائن بھر کر منہ خام کر کے 10 سیر اپلوں کی آگ دیں۔

ترکیب کشتہ فولاد آبی

برادہ فولاد خالص ایک تولہ کو ظرف گلی میں رکھ کر اوپر عرق جامن تین تولہ ڈالدیں، اور دھوپ میں رکھ کر خشک کریں اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں، اگر چٹکی میں مسلنے سے ذرہ پگ معلوم نہ ہو تو تیار ہے ورنہ ایک آدھ مرتبہ یہی عمل کریں۔

برش عنبری

یہ جامع النفع کثیر الفوائد اور ہر مطب میں رہنے کے قابل اکسیری دوا ہے، جس مطب میں یہ ہی ایک دوا تیار ہو گئی بھاری بھر کم بوتلوں سے افضل ہے، فالج، رعشہ، جنون، مالیخولیا، بے خوابی، نزلہ زکام، وجع المفاصل، سوزاک اوجاع، جملہ اقسام، اہتمام کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ ہمارا مشہور عالم نسخہ ہے، جو صندوقچہ میں بروقت تیار رہتا ہے۔ قابل طبیب مناسب بدرقہ سے بے شمار امراض میں استعمال کر سکتا ہے۔

اجزاء وترکیب ساخت:

ایکسٹریکٹ، ہائیو سائمس 6 ماشہ، ایکسٹریکٹ سڑاموینم 6 ماشہ، ایکسٹریکٹ کینے بس انڈیکا 6 ماشہ، سنبل الطب 1 تولہ، زعفران 1 تولہ، فرفیون، مرچ سفید 1 تولہ، کافور تین ماشہ، عنبر تین ماشہ، پوٹاشیم برومائیڈ 1 تولہ، عاقرقرحا، قرنفل 9 ماشہ دانہ الائچی خورد 9 ماشہ، مصطگی 9 ماشہ، افیون 1½ تولہ، ان تمام ادویات کو ملا کر پانی کی مدد سے گولیاں بمقدار 2½ رتی کی بنائیں، اور یک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ پانی یا دودھ استعمال کریں۔

فوائد

اوجاع ہر قسم کیلئے مسکن مخدر احتلام، سرعت جریان، نزلہ، زکام، فالج، لقوہ، رعشہ سوزش، زاک وغیرہ امراض پر جہاں تسکین کی ضرورت ہو یہ دوا فوری اثر دکھاتی ہے۔